وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بہا

اور اللہ تعالیٰ کے سب نام اچھے ہیں انہی ناموں سے اسکو پکارو

(اعراف ۱۸۰)

تحفۂ سعادت

مرتب

حضرت مولانا محمد مسعود ازہر

مکتبہ حسن

ولله الاسماء الحسنى فادعوه بها

اور اللہ تعالیٰ کے سب نام اچھے ہیں انہی ناموں سے اسے پکارو

(اعراف ۱۸۰)

تحفۂ سعادت

مرتب

حضرت مولانا محمد مسعود ازہر

مکتبہ حسن

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

''اور اللہ کے سب نام اچھے ہیں پس انہیں ناموں سے اسے پکارو''

(الاعراف: ۱۸۰)

تحفۂ سعادت

مصنف

مولانا محمد مسعود ازہر

ناشر

مکتبہ حسن

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض حال

اللہ تعالیٰ کے پیارے ناموں کے ساتھ زیادہ مضبوط تعلق ''جیل'' میں قائم ہوا۔ وہاں ان پیارے ناموں کے ورد سے بہت فائدے ملے اور بے حد سکون حاصل ہوا۔ قید سے رہائی کے بعد اسماء الحسنیٰ کے ساتھ تعلق اور محبت میں الحمدللہ اضافہ ہوتا چلا گیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت اور عنایت تھی۔ تب خیال آیا کہ اس موضوع پر کچھ محنت کی جائے اور اپنے مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو اس عظیم خزانے کی طرف بلایا جائے۔ اس سلسلے میں پہلا مرحلہ کتابیں جمع کرنے کا، دوسرا مرحلہ ان سے استفادہ کرنے کا اور تیسرا مرحلہ خاص خاص چیزوں کو مرتب کر کے کتابی شکل دینے کا تھا......

اس وقت خیال یہ تھا کہ کسی قدر تحقیقی اور روحانی کتاب منظر عام پر لانے کی کوشش کی جائے تاکہ مسلمان اسماء الحسنیٰ کو سمجھیں بھی اور پڑھیں بھی۔ لیکن ہر خواہش اور تمنا پوری ہو جائے ایسا نہیں ہوتا۔ اور پھر بندہ جن کاموں میں گھرا ہوا ہے ان میں کاغذ و قلم کے ساتھ رشتہ جوڑے رکھنا بس اللہ تعالیٰ کی خاص توفیق ہی سے ممکن ہے۔

اسماء الحسنیٰ پر کام کی ابھی تمہید باندھی ہی تھی کہ دنیا جنگ کی لپیٹ میں آ گئی۔ ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ء امریکا پر حملہ ہوا جبکہ ۷ اکتوبر ۲۰۰۱ء ساری دنیا نے مل کر امارت اسلامی افغانستان پر حملہ کر دیا۔ ایسے حالات میں کتاب مرتب کرنا مشکل

ہی نہیں ناممکن ہو گیا۔ مگر اللہ تعالیٰ قادر بھی ہے اور قدیر بھی اس نے توفیق عطا فرما دی اور بندہ نے بالاکوٹ کی پہاڑیوں پر بیٹھ کر مالک الملک کے بھروسے پر کام شروع کر دیا۔

خیال تھا کہ ہر اسم مبارک کا ترجمہ اور اس کے بعض خواص و معارف کا تذکرہ آ جائے گا تو مسلمانوں کا ذہن ادھر متوجہ ہو جائے گا پھر وہ خود ہی آگے بڑھتے چلے جائیں گے۔ مگر ترجمہ اور خواص کا کام تو ہو گیا کچھ اور مفید چیزیں بھی جمع ہو گئیں البتہ معارف پر کام نہ ہو سکا۔ اب اگر اس کے انتظار میں کتاب کا مسودہ ساتھ لئے اپنے سفر بھگتا تا رہوں تو اس میں تیار شدہ کام کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے۔ جبکہ دوسری طرف بعض قریبی رفقاء نے کتاب کے مسودے کو دیکھ کر...... موجودہ دردناک حالات میں اس کی فوری اشاعت کا مشورہ دیا ہے......

خلاصہ یہ ہے کہ چند دن کی ناقص محنت حاضر خدمت ہے، ''ہر مسلمان اللہ تعالیٰ کا نام لے'' یہ اس کتاب کی اصل غرض ہے...... اگر کوئی مجھ مسافر کو دعاؤں سے نواز دے گا تو یہ اس کا احسان ہوگا...... اللہ تعالیٰ مجھے، میرے والدین، اہل خانہ، عزیز و اقارب، احباب اور تمام امت مسلمہ کو اسماء الحسنیٰ کی برکات نصیب فرمائے۔ دنیا میں اپنی راہ پر رکھے، ایمان و شہادت والا حسن خاتمہ عطاء فرمائے اور آخرت میں اپنی غفاری کا معاملہ فرما کر بخشش فرمائے۔

وماذلک علی اللہ بعزیز

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد

وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

۱۸/شعبان ۱۴۲۲ھ بمطابق ۴/نومبر ۲۰۰۱ء، بعد نماز مغرب

اسماء الحسنیٰ پڑھنے والوں کے لئے

دس رہنما باتیں

(۱) یہ مجموعہ اس خواہش، تمنا اور حرص کے تحت جمع کیا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ بس صرف اور صرف میرے اللہ کو پکاریں اور اس کے پیارے پیارے ناموں کے ورد سے دنیا و آخرت کے مزے لوٹیں۔

(۲) میرا ناقص خیال یہ ہے کہ جب انسان کو زمین پر بھیجا گیا تو اس کے گرد مسائل اور ذمہ داریوں کا ہجوم تھا۔ اکیلا انسان کیا کچھ کرے؟ ایک طرف دنیاوی تقاضے تو دوسری طرف آخرت کی تیاری کا حکم، ایک طرف فطری اور بشری کمزوریاں تو دوسری طرف عبادت کی ذمہ داری...... ان مشکلات سے خلاصی کے لئے انسان کو اسماء الحسنیٰ کا تحفہ دیا گیا۔ جن میں اس کے جملہ مسائل کا حل موجود ہے اور وہ ان اسماء الحسنیٰ کی روشنی، رہنمائی اور ہدایت میں وہ سب کچھ کرسکتا ہے جو کچھ اسے کرنا چاہیے اور ان تمام چیزوں سے بچ سکتا ہے جن سے اسے بچنا چاہیے۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا......

پس خوش نصیب ہے وہ شخص جو اسماء الحسنیٰ کی طرف متوجہ ہو انہیں یاد کرے، سمجھے، خوب پڑھے اور ان میں غور کرے۔

(۳) انسان اپنی فطری کمزوری کی وجہ سے ''ترغیب'' کا محتاج ہے،

ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ جب اسے پتہ چلتا کہ میرے پیارے رب کے پیارے پیارے نام ہیں اور اس نے ان ناموں کے ذریعے خود کو پکارنے اور مانگنے کا حکم دیا ہے اور حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو ان ناموں کو یاد کرے گا جنت میں جائے گا۔ بس یہ فوراً ان ناموں (اسماء الحسنیٰ) میں مگن ہو جاتا اور اپنی زندگی کے ہر سانس کو ان ناموں کے ذکر سے معطر کر کے ان خزانوں کو پالیتا جو ان ناموں کے اندر چھپے ہوئے ہیں مگر اکثر انسان ایسا نہیں کرتے...... انہی کی ترغیب کے لئے اسماء الحسنیٰ کے کچھ خواص جمع کر دیئے گئے ہیں۔ یہ خواص قرآن و سنت سے ماخوذ نہیں ہیں بلکہ ماضی میں اللہ والوں نے ان پیارے ناموں سے جو منافع کمائے انہوں نے ان کو لکھ دیا تاکہ دوسرے لوگ بھی ان منافع کو حاصل کرسکیں۔ یہ خواص اسماء الحسنیٰ کے کمالات کا احاطہ نہیں کرسکتے بلکہ یہ تو ایسا ہے جس طرح جنت کے پھلوں کو سونگھا کر جنت کی ترغیب دی جائے، خوشبو اپنی جگہ مگر ذائقہ یقیناً اس سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ پس یہ خواص خوشبو کی طرح ہیں مگر جو یقین کے ساتھ ان اسماء کو پڑھے گا وہ انشاء اللہ اس ذائقے کو پالے گا جو خوشبو سے بہت افضل اور اعلیٰ ہے۔

(۴) اسماء الحسنیٰ کے بعض خواص کو دیکھ کر لوگ حیرانی سے پوچھتے ہیں کہ چند بار یہ نام پڑھ کر اتنا بڑا فائدہ کیسے حاصل ہوسکتا ہے؟ ایسے لوگوں کے لئے بس اتنی گزارش ہے کہ وہ دوبارہ اپنے دل کو یہ بات یاد دلائیں کہ آخر یہ نام کس ذات کے ہیں؟

کیا اس سے بڑھ کر یا اس سے بڑی بھی کوئی چیز ہے؟ نہیں ہرگز نہیں...... تو پھر شک، شبہے اور خلجان کی کیا بات ہے۔ **بے شک** اسماء الحسنیٰ کے ورد سے ان خواص سے بڑھ کر فوائد ملتے ہیں کوئی دل دے کر تو دیکھے......

(۵) عدد اور مقدار کا اپنا ایک اثر ہے۔ حکیم کا نسخہ پڑھیں' چھٹانک' تولے اور ماشے کے فرق سے دوائی کی تاثیر بدل جاتی ہے۔ حالانکہ چیز وہی ہوتی ہے مگر مقدار اور وزن اس کے اثر کو تبدیل کر دیتے ہیں۔

ایک انسان کوئی بات ایک بار سن کر یاد کر لیتا ہے مگر دوسرے انسان کو یہی بات تین بار سننے سے یاد ہوتی ہے۔ حالانکہ زبان اور کان ایک جیسے ہیں۔ ایک شخص کتنی قوت برداشت رکھتا ہے؟ اس کا تعلق بھی بعض اوقات عدد اور مقدار سے ہوتا ہے۔ اسی طرح گرمی' سردی' آگ اور پانی کے درجہ حرارت اور درجہ برودت (ٹھنڈک) کے اپنے آثار ہوتے ہیں...... آج کل کے ریڈیائی آلات بھی عدد اور مقدار کے اثر کا برملا اعلان کرتے ہیں......

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض دعاؤں اور کلمات کے ساتھ ان کی تعداد بھی متعین فرمائی جو عدد اور مقدار کے موثر ہونے کی سب سے قوی' مضبوط اور معتبر دلیل ہے...... بس اس مجموعے میں اسماء کے پڑھنے کی تعداد اور مقدار کو کسی تجربہ کار حکیم کے تولے اور چھٹانک کے تناظر میں دیکھا جائے نہ کہ سنت و بدعت کی تعریف کے تناظر میں......

(۶) انسانوں نے دین و دنیا کو الگ الگ کر لیا جبکہ اسلام میں یہ دونوں اکٹھے چلتے ہیں پس جن اسماء کے خواص میں کچھ دنیاوی فوائد لکھے ہیں ان کے ساتھ ان اسماء میں بے شمار دینی فوائد بھی ہیں۔ اسی طرح جن اسماء کے دینی خواص لکھے ہیں ان کے ورد میں بے شمار دنیاوی فوائد بھی ہیں۔

اللہ تعالیٰ مومن کو وہ دین دیتا ہے جس میں دنیا کی بھلائی بھی ہوتی ہے اور اسے وہی دنیا دیتا ہے جو اس کے دین کے لئے نافع ہوتی ہے۔

(۷) پاگل آدمی کسی کو گالی دے یا تعریف کرے اس کی زبان سے نکلے ہوئے کلمات کی کوئی خاص تاثیر نہیں ہوتی...... کیونکہ سب جانتے ہیں کہ

وہ قصد' ارادے' نیت اور توجہ سے نہیں بولتا لیکن اگر پاگل کی زبان سے نکلے ہوئے کلمات کو کوئی عقل مند شخص اپنی زبان سے ادا کرے گا تو اس کے اثرات فوراً ظاہر ہوں گے اور بعض اوقات معاملہ ہاتھا پائی تک جا پہنچے گا۔ کیا خیال ہے اگر اسماء کا ورد توجہ' قصد اور ارادے سے کیا جائے یا بے توجہی کے ساتھ محض رسم پوری کی جائے تو کیا دونوں کی تاثیر ایک جیسی ہو سکتی ہے؟

(۸) نفع دینا اور نقصان سے بچانا یہ سب صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اس لئے وہی ورد' وظیفہ اور دعا کام آتی ہے جس کا مقصد اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہو...... باقی خواص کا درجہ ثانوی ہے اللہ تعالیٰ راضی ہوگا تو سارے خواص و فوائد نصیب ہوں گے...... لیکن اگر وہ راضی نہ ہوا تو پھر...... کیا ورد...... کیا وظیفہ...... اور کیا خواص؟......

(۹) پاک چیزوں کو ناپاک مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے تو سوائے ہلاکت کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا...... کھانا جس قدر قیمتی کیوں نہ ہو اگر ناک میں ڈالا جائے یا کان میں گھسایا جائے تو وہ فائدہ نہیں نقصان دے گا...... اسماء الحسنیٰ کے ذریعے ناپاک محبت' فضول ظالمانہ شہرت' اہل اللہ کے خلاف بددعا جیسے مقاصد حاصل کرنے والے اپنی تباہی کے سوا اور کچھ نہیں پاتے۔ جب حلال میں ساری لذتیں موجود ہیں تو حرام میں منہ مارنے کی کیا ضرورت ہے...... اس بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیے اور اس کے ناموں کے ذریعے اپنی اصلاح کرنی چاہیے۔

(۱۰) خاص خاص مقاصد کے لئے خاص خاص اسماء پڑھنا کچھ برا نہیں لیکن کام کی بات یہ ہے کہ پہلے ان اسماء کو اختیار کیا جائے جو نفس کی اصلاح' مخلوق سے بے نیازی اور محبت الٰہی کے خصوصی خواص رکھتے ہیں پھر

باقی اسماء کو پڑھا جائے اور اس بات کو ہرگز نہ بھلایا جائے کہ یہ سارے اسماء اعلیٰ و ارفع ہیں اس لئے ان تمام کے ورد سے غفلت نہ کی جائے بلکہ نثر یا نظم کی صورت میں تمام اسماء کے ورد کو معمول بنایا جائے۔

یہ سارے اسماء گھر کے بچوں کو بھی یاد کرائے جائیں اور ان کے ذکر سے اپنے گھروں اور محفلوں کو ایمانی نور اور روحانی سکون بخشا جائے۔

ایک سوال اور اس کا جواب

گناہوں کے مارے اور مصیبتوں کے پسے ہوئے پریشان حال‘ دکھی اور زخم خوردہ مسلمان...... جنھیں ایک طرف ان کا اژدہا صفت نفس امارہ ہر گھڑی ڈستا ہے اور انہیں شرمندگی کے گڑھوں میں ہر آن گھسیٹتا ہے...... دوسری طرف شیطان ان پر ہردم اپنے گھڑسوار اور پیادہ دستوں کے ذریعے حملہ آور ہوتا ہے اور ان کو اسلام اور انسانیت کے خوبصورت راستے سے ہٹا کر ظلم‘ تکبر‘ شہوت پرستی‘ بدفطری‘ حرام خوری‘ حرام کاری...... اور حرام بنی کے جہنمی راستوں پر پہنچتا ہے اور انہیں اپنی خلقت و فطرت تک تبدیل کر کے حزب الشیطان کے ناری ٹولے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہے...... نفس اور شیطان کی مار سے خستہ حال ان مسلمانوں کو...... دنیاوی مصائب‘ پریشانیاں‘ فقر و فاقہ اور ذلت بھی اپنا شکار بناتی ہے...... یہ بے چارے کہاں جائیں؟

یہ مجموعہ اسی سوال کا جواب ہے...... انسان . . . . . . کو پیدا کرنے والا...... اور اس سے محبت کرنے والا...... اللہ جل شانہ...... جو رحیم بھی ہے اور کریم بھی...... جو قوی بھی ہے...... اور رحمان بھی...... جو ودود بھی ہے اور

قیوم بھی...... اس درماندہ‘ پریشان حال‘ زخم خوردہ‘ دکھی اور خستہ حال انسان کو تھام سکتا ہے...... بندہ ذرا ادھر توجہ کر کے تو دیکھے...... اور اسماء الحسنٰی کے خوبصورت باغ کی سیر تو کرے...... تب وہ ہر قدم پر چونکے گا اور خوشی سے مست ہو کر اس باغ کے پھلوں‘ پھولوں‘ تالابوں اور سیرگاہوں سے سکون پائے گا...... ہر لحہ سیر ہوگا اور جتنا سیر ہوتا جائے گا‘ اسی قدر اس کی روحانی تشنگی لذت بھری لہروں کے ساتھ بڑھتی چلی جائے گی اور وہ ان حسین اور محفوظ گذرگاہوں میں گم ہو جائے گا جہاں وہ ہوگا اور اس کا رب...... جہاں نہ شیطان کی چلتی ہے اور نہ نفس کی اور جہاں پریشانیاں ہاتھوں میں راحت اور یُسر کے پھول لئے راحتوں سے زیادہ حسین بن جاتی ہیں...... کاش بندے اسماء الحسنٰی کا راستہ پالیں...... انہیں پڑھیں‘ سمجھیں‘ اپنائیں اور زندگی کا مزہ پائیں۔

اسماء الحسنٰی کی تعداد

ترمذی شریف کی معروف حدیث میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے ننانوے نام ذکر کیے گئے ہیں جبکہ قرآن وسنت میں ان ننانوے ناموں کے علاوہ اور بھی کئی نام وارد ہوئے ہیں۔ بعض علماء کے نزدیک اسماء الحسنٰی کی کل تعداد چار ہزار ہے جن میں سے بعض بندوں کو بتائے گئے ہیں بعض خصوصی طور پر صرف انبیاء کرام اور فرشتوں کو سکھائے گئے ہیں جبکہ بعض صرف اللہ تعالیٰ کے علم میں ہیں...... ہم سب سے پہلے ترمذی شریف کی روایت ذکر کریں گے جب کہ کتاب کے آخر میں بعض دیگر ناموں کا تذکرہ ہوگا۔

حدیث ترمذی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو انہیں یاد کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔

ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الرحمن' الرحیم' الملک' القدوس' السلام' المومن' المھیمن' العزیز' الجبار' المتکبر' الخالق' الباری' المصور' الغفار' القھار' الوھاب' الرزاق' الفتاح' العلیم' القابض' الباسط'

الخافض' الرافع' المعز' المذل' السمیع' البصیر' الحکم' العدل' اللطیف' الخبیر' الحلیم' العظیم' الغفور' الشکور' العلی' الکبیر' الحفیظ' المقیت' الحسیب' الجلیل' الکریم' الرقیب' المجیب' الواسع' الحکیم' الودود' المجید' الباعث' الشھید' الحق' الوکیل' القوی' المتین' الولی' الحمید' المحصی' المبدی' المعید' المحی' الممیت' الحیّ' القیوم' الواجد' الماجد' الواحد' الصمد' القادر' المقتدر' المقدم' المؤخر' الاول' الآخر' الظاھر' الباطن' الوالی' المتعالی' البر' التواب' المنتقم' العفو' الرؤف' مالک الملک' ذوالجلال والاکرام' المقسط' الجامع' الغنی' المغنی' المانع' الضار' النافع' النور' الھادی' البدیع' الباقی' الوارث' الرشید' الصبور

(ترمذی کتاب الدعوات)

اسی روایت کو مدنظر رکھتے ہوئے انشاءاللہ ان ننانوے ناموں اور اسم مبارک ''الاحد'' کے ترجمے عدد اور خواص پر اس مجموعے میں بحث کی جائے گی اور مجموعے کے آخر میں دیگر احادیث وروایات میں مروی ناموں کی ایک فہرست ذکر کی جائے گی۔

واللہ الموفق وھو ولی التوفیق

اسماء الحسنیٰ

اسم......ترجمہ......عدد......خواص

اگلے صفحات میں ہم ترمذی شریف کی روایت میں وارد اسماء الحسنیٰ میں سے ہر ایک کا ترجمہ، عدد اور بعض خواص ذکر کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ ان اسماء مبارکہ کی خصوصی برکات ہم سب مسلمانوں کو عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) اللہ جل جلالہ

ترجمہ: یہ اسم ذات ہے

عدد: ۶۶

خواص

(۱) روزانہ ایک ہزار بار پڑھنے سے کمال یقین نصیب ہوتا ہے۔

(۲) جمعہ کے دن نماز جمعہ سے پہلے پاک وصاف ہو کر خلوت میں پڑھنے سے مقصود آسان ہو جاتا ہے خواہ کیسا ہی مشکل ہو۔

(۳) جس مریض کے علاج سے اطبا عاجز آ گئے ہوں اس پر پڑھا جائے تو اچھا ہو جاتا ہے بشرطیکہ موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

(۴) ہر نماز کے بعد سو بار کا وظیفہ کرنے والا صاحب باطن وصاحب کشف ہو جاتا ہے۔

(۵) ۶۶ بار لکھ کر دھو کر مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ شفا عطا فرماتا ہے۔ خواہ مرض آسیب کیوں نہ ہو۔

(۶) آسیب زدہ کے لئے کسی برتن میں اسم اللہ اس برتن کی گنجائش کی تعداد لکھ کر آسیب زدہ پر چھڑکیں تو اس پر مسلط شیطان جل جاتا ہے۔

(۷) جو شخص اسم 'اللہ' کو محبت الٰہی کی وجہ سے پڑھے گا اور شک نہیں کرے گا تو وہ صدیقین میں سے ہوگا۔

(۸) جو ہر نماز کے بعد سات بار ھو اللہ الرحیم پڑھتا رہے گا اس

کا ایمان سلب نہیں ہوگا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۹) جو شخص ایک ہزار بار یا اللہ یاھُو پڑھے گا اس کے دل میں ایمان اور معرفت کو مضبوط کر دیا جائے گا۔

(۱۰) جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک یا اللہ یا رحمن پڑھتا رہے پھر وہ جس چیز کی دعا کرے اللہ تعالیٰ اسے وہ عطا فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۲) الرَّحْمٰنُ

ترجمہ: بڑا مہربان ۔ بہت بخشنے والا

عدد: ۲۹۸

خواص

(۱) ہر نماز کے بعد سو بار پڑھنے سے قلب کی غفلت اور نسیان دور ہو جاتا ہے اور دنیا کے معاملات میں مدد کی جاتی ہے۔

(۲) اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والا ہر امر مکروہ سے محفوظ رہتا ہے۔

(۳) اسے لکھ کر اور دھو کر پلانے سے گرم بخار سے شفا نصیب ہوتی ہے۔

(۴) جو کوئی صبح کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر بہت رحم فرمائے گا۔

(۵) جو کوئی اکتالیس دن تک روزانہ اکتالیس بار یا رحمٰن الدنیا والآخرۃ ویا رحیمھما پڑھے گا اس کی ضروری حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۶) جو کسی حاکم کے سامنے یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَ الْاٰخِرَۃِ بِحَقِّ یَا بَدُوْحُ پڑھتا جائے اور دم کرتا جائے اس پر حاکم سختی نہیں کرے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳) الرَّحِیْمُ جل جلالہٗ

ترجمہ: بہت رحم کرنے والا

عدد: ۲۵۸

خواص

(۱) جو ہر روز سو بار پڑھنے کا معمول بنائے اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت نصیب ہوتی ہے اور لوگوں کے قلوب اس کے لئے نرم ہوجاتے ہیں۔

(۲) جو اس کا کثرت سے ورد کرتا ہے وہ مستجاب الدعوات بن جاتا ہے اور زمانے کے مصائب سے محفوظ رہتا ہے۔

(۳) جو کسی جابر حکمران کے پاس جاتے وقت یارحمنُ یا رحیمُ پڑھتا جائے' اللہ تعالیٰ اسے اس ظالم کے شر سے بچالیتا ہے اور اس کی خیر اسے عطا فرماتا ہے۔

(۴) جو کوئی ہر روز یہ اسم پانچ سو بار پڑھے گا دولت پائے گا اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس پر مہربان و شفیق ہوگی۔

(۵) جو صبح کی نماز کے بعد سو بار پڑھے اس پر اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق مہربانی اور شفقت کرے گی۔

(۶) جو اسے صبح کی نماز کے بعد ۵۵۵ بار پڑھتا رہے وہ ہر حاجت سے غنی رہے گا۔

(۷) جو یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَهَا اکتالیس روز تک پڑھے اس کی

حاجت پوری ہوگی۔

(۸) جو شخص روزانہ سو بار پڑھے اس کے دل میں رقت اور شفقت پیدا ہوجاتی ہے یعنی یہ دل کی قساوت (سختی) کا علاج ہے۔

(۹) جس کسی کو کسی ناگوار کام کا اندیشہ ہوتو وہ الرَّحمٰن الرَّحیم کی کثرت کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

(۱۰) اگر اسے لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈالا جائے تو پھل میں برکت ہوجاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۴) المَلِکُ جل جلالہ

ترجمہ: بادشاہ

عدد: ۹۰

خواص

(۱) جو شخص زوال کے وقت ایک سوئیس بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو صفائی قلب اور غنا عطا فرماتا ہے خواہ غنا ظاہری ہو خواہ باطنی۔

(۲) اس اسم کو پڑھنے والے کا نفس اسکا مطیع رہتا ہے اور اسے عزت وحرمت حاصل ہوتی ہے۔

(۳) جو روزانہ نوے بار پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ مالدار ہو جائے گا۔

(۴) جو سورج نکلنے کے وقت تین ہزار بار پڑھے گا جو مراد مانگے گا' حاصل ہو جائے گی۔

(۵) مال وملک والا آدمی (حکمران یا بڑا عہدیدار) اگر یہ اسم القدّوس کے ساتھ ملا کر پڑھے گا تو اس کا مال وملک قائم رہے گا۔

(۶) جو فجر کے بعد ایک سوئیس بار پڑھنے کا معمول بنائے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی عنایات کے ذریعے غنی فرما دیتا ہے۔

(۷) اگر حکمران اسے پڑھنے کا معمول بنائیں تو بڑے بڑے فراعنہ (سرکش ومتکبر لوگ) ان کے مطیع وفرمانبردار بن جائیں۔

(۸) جو کوئی روزانہ صبح کی نماز کے بعد یَـا مَـلِکُ کثرت سے پڑھا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۵) القُدُّوسُ جل جلالہ

ترجمہ: بہت پاک

عدد: ۱۷۰

خواص

(۱) جو کوئی ہزار بار اس اسم کو پڑھے گا سب سے بے پرواہ ہوگا (یہاں تک کہ ناجائز شہوات سے بھی)

(۲) جو شخص دشمن سے بچنے کے لئے بھاگتے وقت کثرت سے پڑھے گا محفوظ رہے گا۔

(۳) جو سفر میں اس کی مداومت کرے گا کبھی نہیں تھکے گا۔

(۴) جو کوئی ہر روز زوال کے وقت کے قریب سو بار پڑھے گا اس کا دل صاف ہو جائے گا۔

(۵) جو تین سو انیس بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائے دشمن مہربان ہو جائے۔

(۶) جو زوال کے بعد ایک سو ستر بار پڑھے اسکا دل منور ہوگا اور روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔

(۷) جو کوئی چالیس دن تک خلوت میں ایک ہزار بار پڑھے اس کا مقصد حاصل ہوگا اور دنیا میں اس کی قوت تاثیر ظاہر ہو جائے گی۔

(۸) جو رات کے آخری حصے میں ایک ہزار بار پڑھے تو بیماری اور بلا اس کے جسم سے دور ہو جاتی ہے۔

(۹) نماز جمعہ کے بعد ایک سو بچاسی بار سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ کہہ کر پھر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھائے وہ تمام آفات سے محفوظ رہے اور اسے توفیق عبادت حاصل ہو۔

(۱۰) جو جمعہ کی نماز کے بعد سبوح قدوس روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا رہے فرشتہ صفت ہو جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۶) السَّلَامُ جل جلالہ

ترجمہ: سلامت رکھنے والا۔ بے عیب ذات

عدد: ۱۳۱

خواص

(۱) جو ہمیشہ صبح کی نماز کے بعد ہزار بار اس اسم کو پڑھے گا اس کا علم زیادہ ہوگا۔

(۲) جو ایک سو اکتیس بار یا ایک سو اکسٹھ بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا بیمار صحت پائے گا۔

(۳) جو اس اسم کو وظیفہ بنائے یا لکھ کر پاس رکھے دشمن سے نڈر رہے۔

(۴) بیمار یا خائف اگر ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دم کرے بیماری اور خوف سے محفوظ رہے۔

(۵) جو چھ سو نوے بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائے دشمن مہربان ہو۔

(۶) جو ایک سو اکیس بار یہ اسم اور سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کسی مریض پر پڑھے اگر اسکی موت کا وقت نہ آیا ہو تو اسے شفا مل جائے گی یا کم از کم مرض میں تخفیف ہو جائے گی۔

(۷) اگر مریض کے پاس اس کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ اسم ایک سو چھتیس بار بلند آواز سے پڑھے کہ مریض سن لے انشاء اللہ اسکو

شفا ہوگی۔

(۸) ہر فرض نماز کے بعد پندرہ مرتبہ اَللّٰھم یا سَلامُ سَلِّم پڑھنا ہر طرح کی سلامتی کے لئے مفید ہے۔

(۹) جو کوئی کثرت سے اس اسم کو پڑھتا رہے گا انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور جو کوئی ۱۱۵ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو صحت وشفا عطا فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷) اَلْمُؤْمِنُ جل جلالہ

ترجمہ: امن وایمان دینے والا

عدد: ۱۳۶

خواص

(۱) جو کثرت سے اسکا ورد کرے اسکا ایمان قائم رہے اور مخلوق اس کی مطیع ومعتقد ہو جائے۔

(۲) جو کوئی روزانہ تین بار پڑھنے کا معمول رکھے خوف سے نڈر ہو۔

(۳) جر کوئی ایک سو چھتیس بار پڑھا کرے ظالموں کے ظلم اور جملہ آفات سے محفوظ رہے۔

(۴) خوف زدہ آدمی اگر فرضوں کے بعد چھتیس بار اس اسم کا ورد رکھے تو اسکی جان ومال محفوظ رہے گی۔

(۵) جس پر رعب اور خوف طاری ہو وہ یا سلام یا مومن کا ورد رکھے خصوصاً مسافر اگر اسکا ورد رکھیں تو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے امن وسلامتی نصیب ہو۔

(۶) جو شخص کسی خوف کے وقت چھ سو تیس بار اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۷) جو ایک سو پندرہ بار پڑھکر اپنے اوپر دم کرلے گا انشاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۸) جو کوئی کسی خوف کے وقت ۲۳۰ بار اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا جو شخص اس اسم کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۸) المُهَيْمِنُ جل جلالہ

ترجمہ: نگہبان

عدد: ۱۴۵

خواص

(۱) جو کوئی غسل کرے پھر خلوت میں توجہ کے ساتھ نماز پڑھے اور سو بار یہ اسم پڑھے اس کے دل میں نور پیدا ہوگا اور اسکی مراد پوری ہو جائے گی اور عالی ہمت ہو جائے گا۔

(۲) جو عشاء کی نماز کے بعد ۱۴۵ بار پڑھنے کا معمول بنائے وہ تکوینیات کا ان کے وقوع سے پہلے مشاہدہ کرے گا۔

(۳) جو کوئی اسے انتیس بار پڑھے گا غم نہ پائے گا۔

(۴) جو یہ اسم ہمیشہ پڑھتا رہے گا تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

(۵) جو شخص ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۹) العزیز جل جلالہ

ترجمہ: سب پر غالب

عدد: ۹۴

خواص

(۱) جو شخص چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکو معزز و مستغنی بنا دیں گے۔

(۲) جو شخص نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھتا رہے وہ انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ذلت کے بعد عزت پائے۔

(۳) اگر لوگ رات کے آخری حصے میں جمع ہو کر دو دو ہزار بار پڑھیں تو بارش برسے گی

(۴) جو یَا عَزِیزُ مِنْ کُلِّ عَزِیزٍ بِحَقِّ یَا عَزِیزُ پڑھے تو تمام مخلوق میں عزیز ہو

(۵) جو چورانوے دن تک چورانوے مرتبہ پڑھ لیا کرے معزز و کامران رہے۔

(۶) جو چار سو گیارہ دن تک دو سو بار مع اول آخر درود شریف پڑھے اس کے سب کام پورے ہو جائیں۔

(۷) جو اکتالیس بار صبح کو روز حاکم کے پاس جانے کے وقت یا عزیز پڑھ لیا کرے حاکم مہربان رہے

(۸) جو عشاء کے بعد دو سو بار یَا عَزِیزُ یَا عَزِیزُ مِن کُلِّ عَزِیزٍ

اُدْعُوبِلُطْفِکَ یَا عَزِیزُ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت اسکی طرف متوجہ ہو جائے

(۹) جو متواتر سات دن تک ایک ہزار بار پڑھے اس کا دشمن ہلاک ہو جائے۔

(۱۰) جو کسی (دشمن کے) لشکر کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے ستر بار پڑھے وہ لشکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے شکست کھا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱۰) جل جلالہ

ترجمہ: سب سے زبردست۔نقصان کو پورا کرنے والا

عدد: ۲۰۶

خواص

(۱) جو شخص روزانہ صبح وشام دوسو چھبیس (۲۲۶) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالموں کے ظلم وقہر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) اگر کوئی بادشاہ اسکو پڑھا کرے تو دوسرا بادشاہ اس پر غالب نہ ہو۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا ہے وہ مخلوق کی غیبت اور بدگوئی سے نڈر ہو اور اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی ہر ظالم وجابر سے حفاظت فرماتا ہے۔

(۴) اس اسم کے ساتھ ذُوالجَلالِ وَالاِکرَام ملا کر پڑھنا بھی حفاظت کیلئے بہت مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱۱) المتکبر جل جلالہ

ترجمہ: بڑائی اور بزرگی والا

عدد: ۶۶۲

خواص

(۱) جو بغیر تھکے اسے کثرت سے پڑھتا ہے اسے بلند قدرومنزلت نصیب ہوتی ہے اور کوئی اسکا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

(۲) کسی کو بے حیائی سے روکنے کے لئے اس پر دس بار اسکا پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۳) جو کوئی اپنے حلال بستر میں داخل ہونے سے پہلے دس بار پڑھے اللہ جل شانہ اسے پرہیزگار اور نیک فرزند عطاء فرمائے گا۔

(۴) جو ہر کام کے ابتداء میں بہت پڑھے گا اسکا کام نہیں رکے گا۔

(۵) جو اکیس بار پڑھے گا انشاء اللہ خواب میں نہیں ڈرے گا۔

(۶) جو چھ سو باسٹھ دن تک چھ سو باسٹھ مرتبہ روز پڑھے گا صاحب صولت وسیاست ہوگا۔

(۷) جو کوئی دشمن سے ڈرتا ہو اس اسم کے مداوت کرے دشمن کی زبان بدگوئی سے بند ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱۲) الخالق جل جلالہ

ترجمہ: پیدا کرنے والا

عدد: ۷۳۱

خواص

(۱) جو شخص آدھی رات کے بعد ایک گھنٹہ یا اس سے زیادہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل اور چہرے کو منور فرما دے گا۔

(۲) جس کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار اسکا ورد کرے تو وہ گمشدہ واپس آ جائے گا۔

(۳) جو سات روز تک متواتر سو بار پڑھے تمام آفات سے سالم رہے۔

(۴) جو اسے ہزار بار پڑھا کرے اسے اولاد نرینہ عطاء ہو۔

(۵) جو شخص ہمیشہ یہ اسم اَلْخَالِقُ پڑھتا رہے تو اللہ پاک ایک فرشتہ پیدا کر دیتے ہیں جو اسکی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منور رہتا ہے۔

(۶) جو کوئی لڑائی میں تین سو بار پڑھے اسکا دشمن مغلوب ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱۳) البارئ جل جلالہ

ترجمہ: جان ڈالنے والا

عدد: ۲۱۳

خواص

(۱) اگر طبیب اس اسم کو پابندی سے ہمیشہ پڑھے تو اس کے ہاتھ میں شفاء ہوگی۔

(۲) جو کوئی ہفتہ میں سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ریاض فردوس کی طرف لے جائے گا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو دو سو چالیس بار پڑھے جو مراد ہو وہ پوری ہوگی۔

(۴) جو کوئی اس اسم کی مداومت کرے گا۔ حق تعالیٰ اس کے لئے ایک مونس پیدا کرے گا اور کبھی تنہا نہیں رہے گا۔

(۵) اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس مرتبہ اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے تو انشاء اللہ اولاد نرینہ نصیب ہو۔

(۶) بکثرت ذکر کرنے سے صنائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔

(۷) جو شخص سات دن تک روزانہ سو بار پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے امراض سے شفا اور آفات سے سلامتی عطاء فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(١٤) المُصَوِّرُ جل جلالہ

ترجمہ: صورت بنانے والا

عدد: ٣٣٦

خواص

(١) جو سات دن تک روزہ رکھے اور افطار سے پہلے اور غروب کے بعد اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی بانجھ عورت کو پلائے تو انشاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا۔

(٢) جو اپنے بستر پر آ کر سات بار یہ اسم پڑھے پھر ہمبستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطاء فرمائے گا۔

(٣) اس کے بکثرت ذکر کرنے سے صنائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔

(٤) جو اس کا بکثرت ورد کرے اس کے مشکل کام آسان ہو جائیں۔

(٥) جو کوئی وضو کرنے کے بعد اپنی شہادت کی انگلی سے اپنی پیشانی پر لکھے جس سے ملاقات کرے اس کا دوست ہو جائے۔

(٦) جو اسے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پی لے اعلیٰ مرتبہ پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(١٥) الغَفَّارُ جل جلالہ

ترجمہ: بخشنے والا

عدد: ١٢٨١

خواص

(١) جو یَاغَفَّارُ کی مداومت کرے گا اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے اور اس کے نفس کی بری خواہشات دور ہوں گی۔

(٢) جو کوئی یَاغَفَّارُ اغْفِرْلِی ذُنُوبِی جمعہ کی نماز کے بعد سو بار پڑھے گا' اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور آخرت میں لطف و مغفرت کا امیدوار گردانے گا۔

(٣) جو شخص نماز عصر کے بعد روزانہ یاغَفَّارُ اِغْفِرلِی پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

(٤) جو جمعہ کے بعد سو بار پڑھے گا تو آثار مغفرت کے پیدا ہوں گے تنگی دفع ہوگی اور بے گمان رزق ملے گا۔

(٥) غصہ کرنے والوں پر یہ اسم پڑھا جائے تو ان کا غصہ زائل ہو جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱۶) **القہار** جل جلالہ

ترجمہ: سب کو اپنے قابو میں رکھنے والا

عدد: ۳۰۶

خواص

(۱) جس شخص کی کوئی حاجت ہو وہ اپنے گھر یا مسجد میں سر ننگا کر کے ہاتھ اٹھا کر ایک سو بار یا قَھَّارُ کہے انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۲) جو اشراق کی نماز کے بعد سجدہ کر کے سات بار یا قَھَّارُ پڑھے گا' اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔

(۳) جس شخص کو دشمنوں سے خطرہ ہو وہ سورج نکلتے وقت اور رات کے آخری حصے میں دشمنوں کی ہلاکت کے لئے ان الفاظ میں یہ اسم ایک سو بار پڑھے۔ یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ یَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْد پھر کہے خُذْ حَقِّیْ مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَعَدَا عَلَیَّ

(۴) بکثرت اس کا ذکر کرنے سے دنیا کی محبت اور ماسوی اللہ کی عظمت دل سے جاتی رہے اور دشمنوں پر غلبہ ہو اور اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو سحر دفع ہو۔

(۵) جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھے تو انشاء اللہ دنیا کی محبت جاتی رہے گی اور اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔

(۶) جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اس اسم کو فرض نماز کے بعد تین سو چھ بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسے امن وامان میں رکھے گا اور دشمن پر غالب ہوگا' حاکم مہربان ہوگا اور خوف دل سے جاتا رہے گا۔

(۷) جو کسی مشکل کے واسطے سو بار پڑھے مشکل حل ہو۔

(۸) دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے فرض وسنت کے درمیان سو بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۱۷) الوہاب جل جلالہ

ترجمہ: سب کچھ عطا کرنے والا

عدد: ۱۴

خواص

(۱) جو سات بار روز پڑھے گا مستجاب الدعوات ہوگا۔

(۲) جو عشاء کی نماز کے بعد چودہ سو چودہ بار پڑھے گا' اسے رزق کی فراخی نصیب ہوگی۔

(۳) جو کوئی فقر و فاقہ سے پریشان ہو۔ اگر اس اسم کی مداومت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ایسی راحت عطاء فرمائے گا کہ حیران رہ جائے گا۔

(۴) جو چاشت کی نماز کے بعد سجدہ کی آیت پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سات بار الوہاب پڑھے گا۔ مخلوق سے بے پرواہو جائے گا۔

(۵) جو کوئی رزق کی فراخی چاہتا ہو' چاشت کے وقت چار رکعت پڑھے پھر سلام کے بعد سجدے میں جا کر اَلْوَھَّابُ ایک سو چار بار اور اگر فرصت نہ ہو تو پچاس بار پڑھے مالدار ہو جائے گا۔

(۶) کوئی بھی حاجت پیش آئے تو آدھی رات کے وقت گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کرکے ہاتھ اٹھا کر سو بار پڑھے یہ عمل تین یا سات رات کرے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۷) جو عشاء کے بعد ساڑھے گیارہ سو بار پڑھے مقروض نہ رہے۔

(۸) جو شخص فقر و فاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھا

کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس بار پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے فقر و فاقہ سے انشاء اللہ حیرت انگیز طریق پر نجات دے دیں گے۔

(۹) حفاظت ایمان کے لئے ہر نماز کے بعد سات بار یہ آیت پڑھنا مجرب ہے۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ (آل عمران ۸)

(۱۰) اس اسم کو برکت کے لئے اَلْکَرِیْم ذِی الطَّوْل کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

(۱۱) ہر چیز میں برکت کے لئے اس اسم کو اسم اَلْکَافِی کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

(۱۲) جب کوئی مشکل پیش آئے کسی میدان میں جا کر دعاء کی طرح ہاتھ اٹھا کر سو بار یَاوَھَّابُ پڑھے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱۸) الرَّزَّاقُ جل جلالہ

ترجمہ: بہت بڑا روزی دینے والا

عدد: ۳۰۸

خواص

(۱) جو اس اسم کو نہار منہ بیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اسے ایسا ذہن عطا فرماتا ہے جو باریکیوں اور مشکلات کو سمجھ لیتا ہے۔

(۲) جو شخص اپنے مکان کے چاروں کونوں میں نماز صبح سے پہلے دس دس مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے انشاء اللہ کھول دیں گے۔ بیماری اور مفلسی اس کے گھر میں ہرگز نہ آئے گی پڑھنے کا آغاز داہنے کونے سے کرے اور منہ قبلہ کی طرف رکھے۔

(۳) جو فجر کے فرض وسنت کے درمیان اکتالیس دن تک ساڑھے پانچ سو مرتبہ روز پڑھے گا' دولت مند ہوگا۔ اس میں فجر کی نماز جماعت سے پڑھنا اور اسم مبارک کے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا شرط ہے۔

(۴) جو عشاء کی نماز کے بعد ننگا سر کرکے یَارَزَّاقُ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ یَارَزَّاقُ گیارہ بار اول وآخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار ورد پڑھا کرے گا فتوح رزق پائے گا۔

(۵) جو کوئی اس کو پانچ سو پینتالیس بار روز پڑھے گا۔ رزق اس کا

کشادہ ہوگا اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ آئے گی۔

(۶) جو روزانہ تنہائی میں ایک ہزار بار پڑھے گا' انشاء اللہ خاص روحانی مقام پائے گا۔

(۷) جو ہر نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنائے گا غیب سے روزی پائے گا۔

(۸) جو شخص سترہ بار اس کے سامنے پڑھے جس سے کوئی حاجت ہو تو انشاء اللہ وہ حاجت پوری ہوجائے گی۔

(۹) جو یہ اسم ایک سو بار قیدی کے لئے پڑھے گا اسے خلاصی ملے گی اور اگر بیمار کے لئے پڑھے گا اسے شفاء ملے گی انشاء اللہ (مجرب ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الفتاح (۱۹) جل جلالہ

ترجمہ: بہت بڑا مشکل کشا

عدد: ۴۸۹

خواص

(۱) جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد اکہتر (۷۱) بار پڑھے گا تو اس کا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور حق کے راستے کا حجاب اس سے ہٹا لیا جائے گا اور اسے انشاء اللہ تمام امور میں آسانی اور رزق میں برکت عطاء کی جائے گی۔

(۲) اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر لکھ کر زبان سے چاٹے ذہین ہو جائے۔

(۳) جو اسے سات بار پڑھے گا دل کی تاریکی جاتی رہے گی۔

(۴) جو اس کا بکثرت ورد رکھے اس کے دل کی کدورت دور ہو جائے گی اور فتوح کے ابواب اس پر کھل جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الْعَلِیْمُ (۲۰) جل جلالہ

ترجمہ: بہت وسیع علم والا

عدد: ۱۵۰

خواص

(۱) جو شخص کثرت سے یَاعَلِیْمُ کا ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر انشاء اللہ علم و معرفت کے دروازے کھول دے گا اور جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگے گا جلد ملے گا اور حافظہ قوی ہوگا۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو دل میں پڑھے صاحب معرفت ہو جائے۔ اور اگر فرض نماز کے بعد ڈیڑھ سو بار پڑھا کرے صاحب یقین ہو جائے۔

(۳) جو کوئی نماز کے بعد سو بار یَا عَالِمَ الْغَیْبِ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو صاحب کشف بنا دے گا۔

(۴) جو استخارہ کرنا چاہے شب جمعہ کو نماز کے بعد سو بار مسجد میں پڑھ کر سو رہے مطلوبہ حال سے آگاہی پالے گا۔

(۵) جو کچھ نا معلوم امر دریافت کرنا چاہے اول دو رکعت نماز پڑھے پھر درود شریف پھر سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ستر بار پڑھ کر یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ سو سو بار پڑھ کر اپنا مطلب تصور کر کے لیٹ جائے۔ اگر نیند نہ آئے تو اٹھ کر کسی مجمع میں چلا جائے وہاں لوگوں کی باتوں سے بطریق اشارہ

مطلب معلوم کرے۔

(۶) جو ہر نماز کے بعد ایک سو بار یَا عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ کو معمول بنائے گا۔ انشاء اللہ صاحب کشف ہو جائے گا۔

(۷) جو یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ کو اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے اس کی روح عالم علوی کی طرف پرواز کرتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۱) اَلْقَابِضُ جل جلالہ

ترجمہ: روزی تنگ کرنے والا

عدد: ۹۰۳

خواص

(۱) جو ہر روز تیس بار پڑھا کرے انشاء اللہ دشمن پر فتح پائے گا۔

(۲) جو کوئی اسے چالیس دن تک ہر روز چار یا چالیس نوالوں پر لکھ کر کھالیا کرے گا۔ وہ بھوک اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے بھی محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ

(۳) جو کوئی اس اسم کو آدھی رات کے وقت پڑھا کرے دشمن اس کا مقہور ہوگا۔

(تنبیہ) علماء کا فرمانا ہے کہ اسم القابض کو الباسط کے ساتھ اَلْمُذِلُّ کو اَلْمُعِزُّ کے ساتھ اَلْمُمِیْتُ کو اَلْمُحْیِ کے ساتھ اَلْمُؤَخِّرُ کو اَلْمُقَدِّمُ کے ساتھ اَلْمَانِعُ کو اَلْمُعْطِی کے ساتھ اور اَلضَّآرُّ کو اَلنَّافِعُ کے ساتھ ملا کر ذکر کرنا زیادہ مناسب ہے اور ان میں سے ہر پہلے اسم (مثلاً اَلْمُذِلُّ) کو دوسرے اسم (اَلْمُعِزُّ) کے ساتھ ملائے بغیر پڑھنا مناسب نہیں ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۲۲) اَلْبَاسِطُ جل جلالہ

ترجمہ: روزی کشادہ کرنے والا

عدد: ۷۲

خواص

(۱) جو چاشت کی نماز کے بعد دس بار پڑھے گا۔ اسے ہر معاملے میں کشادگی نصیب ہوگی اور انشاء اللہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

(۲) جو دس بار آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر پڑھے اور پھر ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرے تو اس کے لئے غنا کا ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔

(۳) جو چالیس بار پڑھے گا انشاء اللہ مخلوق سے بے پرواہ ہوگا۔

(۴) مشکلات کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو چالیس بار روز کا معمول رکھنا مفید ہے۔

(۵) کشائش کے لئے بہتر (۷۲) دن تک روزانہ بارہ ہزار بار یہ اسم پڑھے۔

(۶) جو کوئی تین رات میں سوا لاکھ بار یا بَاسِطُ ختم کرے اور اول و آخر سو بار درود شریف پڑھے اسے انشاء اللہ غیب سے روزی ملے گی۔ تین راتوں کے بعد روزانہ سو بار پڑھ لیا کرے۔

(۷) جو کوئی سحر کے وقت آنکھیں بند کر کے گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے منہ پر پھیرے اور پھر آنکھیں کھول کر ہاتھوں کو دیکھے اس

دن بھوکا نہ رہے گا مگر پھر بہتر (۷۲) بار پڑھ کر یہ دعاء مانگے۔

اَللّٰھُمَّ زِدْ ثُمَّ زِدْ وَلَا تَنْقُصْ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا اِنَّ اللّٰہَ لَغَفُوْرٌ رَحِیْم

(۸) جو بہتر بار روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے۔ اسے حق تعالیٰ تمام آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔

(۹) جو کوئی اس اسم کو رات کے آخری حصے میں ہاتھ اٹھا کر دس بار کہے ہمیشہ خوش دل رہے اور کوئی غم و الم نہ ہو اور ایسی جگہ سے نفع ہو جس کی امید نہ ہو۔

(۱۰) جو اس اسم کو ہر روز پڑھا کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کو انشاء اللہ غم نہیں پہنچے گا اور وہ غیب سے روزی پائے گا' کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۳) الخافض جل جلالہ

ترجمہ: پست کرنے والا

عدد: ۱۴۸۱

خواص

(۱) جو اس اسم کو پانچ سو بار پڑھے گا انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور اس کی پریشانی دور ہو جائے گی۔ دشمن کے صدمہ سے بچ جائے گا اور حفاظت الٰہی اس کے شامل حال رہے گی۔

(۲) جو اسے ایک ہزار بار پڑھے گا' انشاء اللہ تمام دشمنوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

(۳) جو کوئی تین روزے رکھے اور پھر چوتھے دن ایک مجلس میں چند آدمی ستر ہزار بار پڑھ لیں دشمن پر فتح نصیب ہوگی انشاء اللہ۔ اسی مقصد کے لئے تین روزے رکھ کر ستر بار پڑھنا بھی مفید ہے۔

(۴) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے حاکم وقت اس سے رضامند رہے۔

(۵) جب کوئی مشکل پیش آئے ہر نماز کے بعد ایک ہزار چار سو اکیاسی بار پڑھے' مشکل آسان ہو۔

(۶) جو کوئی ظالم سے ڈرتا ہوا اس اسم کو ستر بار پڑھا کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۴) الرافع جل جلالہ

ترجمہ: بلند کردینے والا

عدد: ۳۵۱

خواص

(۱) جو کوئی پیر کے دن یا جمعہ کی رات مغرب یا عشاء کے بعد چار سو چالیس مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا' اسے مخلوق کے درمیان ایک رعب نصیب ہوگا۔

(۲) جو کوئی اسے آدھی رات یا دوپہر کو سو بار پڑھے گا' حق تعالیٰ جل شانہ اس کو تمام خلق میں برگزیدہ کرے گا اور وہ تونگر اور بے نیاز ہوگا۔

(۳) جو کوئی ہر روز بیس بار پڑھے گا' انشاء اللہ مراد پائے گا۔

(۴) جو کوئی ہر مہینہ کی چودھویں رات کو آدھی رات میں سو مرتبہ الرافع پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے انشاء اللہ مخلوق سے بے نیاز اور تونگر بنا دے گا۔

(۵) جو کوئی اسے تین سو اکیاون بار پڑھے گا مخلوق کے درمیان عزیز ہوگا۔

(۶) جو ستر بار پڑھے گا ظالموں سے امن میں رہے گا اور انشاء اللہ سرکشوں سے محفوظ رہے گا۔

(۲۵) جل جلالہ

ترجمہ: عزت دینے والا

عدد: ۱۱۷

خواص

(۱) جو شخص پیر یا جمعہ کی رات مغرب کے بعد چالیس بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا۔

(۲) جو شخص نماز عشاء کے بعد پیر یا جمعہ کی رات ایک سو چالیس بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکی ہیبت و حرمت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرے گا اور اسی کی پناہ میں رہے گا۔ جو ایک سو چالیس دن تک اکتالیس بار ہر روز بلاناغہ پڑھے گا دنیا و آخرت میں عزت پائے گا، پڑھنے کا آغاز پیر یا جمعہ کی شب سے کرے۔

(۲۶) جل جلالہ

ترجمہ: ذلت دینے والا

عدد: ۷۷۰

خواص

(۱) اس اسم کو پچھتر بار پڑھکر سجدے میں دعا کرے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔

(۲) جو کوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو پچھتر بار یا اکیس بار یَا مُذِلُّ یا اَلْمُذِلُّ پڑھکر سجدہ کرے اور کہے یا الٰہی فلانے ظالم کے شر سے مجھے محفوظ رکھ حق تعالیٰ امان دے گا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔

(۳) جو سات سو ستر بار روزانہ کوئی وقت مقرر کرکے یَا مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِکَ پڑھ لیا کرے دشمن دفع ہوگا۔

(۴) جسکا کوئی حق کسی کے ذمہ ہو اور وہ ادا کرنے سے ٹال مٹول کر رہا ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھنے سے وہ اسکا حق انشاء اللہ ادا کر دے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۷) السمیع جل جلالہ

ترجمہ: سب کچھ سننے والا

عدد: ۱۸۰

خواص

(۱) جو کوئی جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار پڑھے گا انشاء اللہ مستجاب الدعوات بن جائے گا۔

(۲) جو اسے کثرت سے پڑھے کم سننے کے مرض سے انشاء اللہ شفا پائے گا۔

(۳) جو کوئی جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار اَلسَّمِیْعُ پڑھے گا اور ایک قول کے مطابق ہر روز سو بار پڑھا کرے گا اور پڑھتے وقت بات چیت نہیں کرے گا اور پڑھ کر دعا مانگے گا پس جو مانگے گا انشاء اللہ پائے گا۔

(۴) جو شخص جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکو نظر خاص سے نوازے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۸) البصیر جل جلالہ

ترجمہ: سب کچھ دیکھنے والا

عدد: ۳۰۲

خواص

(۱) جو کوئی نماز جمعہ سے پہلے یا بعد میں سو مرتبہ یَا بَصِیْرُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکی نگاہ میں انشاء اللہ روشنی اور دل میں نور پیدا فرما دے گا اور اسے صالح اقوال داعمال کی توفیق عطاء فرمائے گا۔

(۲) جو کوئی جمعہ کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو بار پڑھے گا اسے اللہ تعالیٰ خصوصی نظر عنایت عطاء فرمائے گا۔

(۳) جو اسکا بکثرت ورد کرے گا آنکھوں کے امراض سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔ اس کے لئے ان الفاظ میں دعاء مفید ہے

اَللّٰهُمَّ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ مَتِّعْنِيْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّيْ

(۴) جو کوئی ہر روز عصر کے وقت سات بار پڑھ لیا کرے گا ناگہانی موت سے امن میں رہے گا۔

(۵) جو جمعہ کے خطبہ سے پہلے سو بار پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ منظور نظر الٰہی ہوگا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۲۹) الحکم جل جلالہ

ترجمہ: حاکم مطلق

عدد: ۶۸

خواص

(۱) جو کوئی اخیر شب میں ننانوے مرتبہ باوضو یہ اسم پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو انشاء اللہ محل اسرار وانوار بنادے گا۔

(۲) جو کوئی جمعہ کی رات یہ اسم اسقدر پڑھے گا کہ بے حال و بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو انشاء اللہ کشف والہام سے نوازے گا

(۳) جو کوئی شب جمعہ میں آدھی رات کو پڑھے گا حق تعالیٰ اس کا باطن صاف کردے گا

(۴) جو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اسّی بار پڑھ لیا کرے گا کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۰) العدل جل جلالہ

ترجمہ: انصاف کرنے والا

عدد: ۱۰۴

خواص

(۱) جو اس اسم کو پڑھے اور روٹی کے بیس لقموں پر شب جمعہ کو لکھ کر کھائے تو اس کے لئے دلوں کو مسخر کردیا جاتا ہے۔

(۲) جو کوئی ہر نماز کے بعد پڑھے غیب سے روزی پائے اور اسے نیک عمل کی توفیق ہو

(۳) جو کوئی مغرب کی نماز کے بعد ہزار بار پڑھے گا آسمانی بلاؤں سے نجات پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۱) اَللَّطِیْفُ جل جلالہ

ترجمہ: بڑا لطف وکرم والا

عدد: ۱۲۹

خواص

(۱) جو شخص ۱۳۳ مرتبہ یا لطیف پڑھا کرے انشاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔

(۲) جو شخص فقر وفاقہ، دکھ، بیماری، تنہائی، کسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو وہ اچھی طرح وضو کر کے دوگانہ پڑھے اور اپنے مقصود مطلب کو دل میں رکھ کر سو مرتبہ یہ اسم پڑھے انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

(۳) جو اس اسم کو روزانہ ایک سو تہتر (۱۷۳) بار پڑھے اس کو اسباب معیشت نصیب ہوں گے اور حاجات پوری ہوں گی۔

(۴) بیٹیوں کے رشتے اور نصیب کھلنے اور امراض سے صحت کے لئے ہر روز تحیۃ الوضو کے بعد سو بار پڑھنا مفید ہے

(۵) ہر دینی اور دنیوی مہم کے لئے خالی جگہ پر دعاء کی شرائط کے ساتھ سولہ ہزار چھ سو کتالیس بار پڑھنا مفید ہے۔

(۶) جو ایک سو ساٹھ بار اللطیف پڑھے اور اس کے ساتھ یہ آیت پڑھے لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ وہ خوف سے انشاء اللہ امن پائے گا۔

(۷) بیماریوں سے شفاء کے لئے اس اسم کے ساتھ کوئی آیت شفاء

پڑھ لی جائے تو فائدہ ہوگا۔

(۸) پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کیلئے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۲) الخبیر جل جلالہ

ترجمہ: باخبر اور آگاہ

عدد: ۸۱۲

خواص

(۱) جو سات دن متواتر اس کا ورد کرے اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روحانیت نصیب ہوتی ہے جو مطلوبہ امور میں اس کی رہنمائی کرتی ہے۔

(۲) جو نفس امارہ کے ہاتھ گرفتار ہو کثرت سے اسکا ورد کرے انشاء اللہ نجات پائے گا۔

(۳) استخارہ کے واسطے اکتالیس دن تک روزانہ تین سو بار

یا خَبِیرُ اَخْبِرْنِی

پڑھے پھر جب ضرورت پڑے تین سو بار پڑھ کر سو جائے نیک و بد حال کی انشاء اللہ اطلاع ہو جائے گی۔

(۴) جو کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو اس اسم کو بکثرت پڑھے انشاء اللہ خلاصی نصیب ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۳) الحلیم جل جلالہ

ترجمہ: بڑا بردبار

عدد: ۸۸

خواص

(۱) جو اسکا ہر وقت ورد رکھے گا انشاء اللہ فتح مند رہے گا اور ہر آفت سے بچا رہے گا

(۲) جو کوئی ہر روز ظہر کی نماز کے بعد نو دفعہ پڑھا کرے گا انشاء اللہ تمام خلقت میں سرخرو رہے گا۔

(۳) جو دشمن یا مدعی یا حاکم کے سامنے ہوتے ہی پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ دفعہ یا حلیم پڑھ کر منہ پر مل لیا کرے انشاء اللہ دشمن سختی نہ کر سکے گا اور حاکم نرمی و مہربانی سے پیش آئے گا۔

(۴) جو کوئی اسکو کاغذ پر لکھ کر پھر اس کو دھوئے اور پانی اپنی کھیتی پر چھڑک دے انشاء اللہ زراعت کی ہر آفت سے حفاظت رہے گی اور کمال کو پہنچے گی اور اس میں برکت ہوگی۔

(۵) جو کوئی اس اسم کو بادشاہ کے روبرو پڑھے گا انشاء اللہ اس کے غصہ سے محفوظ رہے گا۔

(۶) جو کوئی اس اسم کو پڑھے حلیم الطبع ہو جائے اور صبر و سکون اس کے دل میں آجائے۔

(۷) جو کوئی درخت بوتے وقت اٹھائیس بار پڑھے درخت سرسبز ہو اور انشاء اللہ خزاں سے محفوظ رہے

(٨) اگر رئیس آدمی اس کو بکثرت پڑھے اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے اور اگر کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات واوزار پر ملے تو اس پیشہ میں برکت ہو اگر کشتی ہو غرق سے محفوظ رہے اگر جانور ہو ہر آفت سے محفوظ رہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(٣٤) العظیم جل جلالہ

ترجمہ: بزرگی والا

عدد: ١٠٢٠

خواص

(١) جو کوئی حکمران سے خوفزدہ ہو وہ بارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور نرمی پائے گا۔

(٢) اس کا بکثرت ذکر کرنے سے عزت نصیب ہوتی ہے اور ہر مرض سے شفا ملتی ہے۔

(٣) جو سات دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کرکے پانی پی لے انشاء اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(٣٥)

جل جلالہ

ترجمہ: بہت بخشنے والا

عدد: ١٢٨٦

خواص

(١) جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کے دل سے انشاء اللہ سیاہی گھٹے گی۔

(٢) جو کوئی سجدہ کر کے اس میں تین بار یارَبِّ اغْفِرْلِیْ پڑھے گا اللہ جل شانہ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دے گا۔

(٣) تپ یا دردِ سر کا مریض یا غمگین آدمی اگر اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر روٹی پر اسکا نقش جذب کر کے کھالے حق تعالیٰ شانہ اسکو شفاء اور خلاصی بخشے گا۔

(٤) جو اس کو بکثرت پڑھے گا برے اخلاق اور روحانی امراض اور ظاہری بیماریوں سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور اس کے مال و اولاد میں برکت ہو جائے گی۔

(٥) تین بار لکھ کر بخار والے شخص کو دیا جائے تو انشاء اللہ بخار دور ہو جاتا ہے۔

(٦) تین کاغذوں پر یا غَفُوْرُ اس طرح لکھا جائے کہ ہر کاغذ پر تین سطریں اور ہر سطر میں دو بار یا غَفُوْرُ لکھا ہو۔ یہ کاغذ ایسا شخص جو بیمار ہو اور اس کے سر میں درد ہو نگل لے تو انشاء اللہ سے شفاء نصیب ہو جائے گی۔

(٧) جو شخص نزع کی تکلیف میں مبتلا ہو اسے سید الاستغفار لکھ کر پلایا جائے تو انشاء اللہ اس کی تکلیف آسان ہو جائے گی۔ (سید الاستغفار معروف ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۶) جل جلالہ

ترجمہ: قدردان

عدد: ۵۲۶

خواص

(۱) جو کوئی یہ اسم اکتالیس بار پانی پر پڑھے اور وہ پانی اپنی آنکھوں پر چھڑکے اور رات کو وہ پانی پیئے تو انشاء اللہ بڑی برکت پائے گا اس کے بدن اور دل کو شفاء ملے گی اور اسکی نظر تیز ہو جائے گی۔

(۲) جس کو ضیق النفس (دمہ) یا تکان یا گرانی اعضا ہو اسکو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پی لے تو نفع ہو اور اگر کمزور نظر والا اپنی آنکھ پر پھیرے نگاہ میں انشاء اللہ ترقی ہو۔

(۳) جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دکھ درد یا رنج و غم میں مبتلا ہو وہ اس اسم کو اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ اس سے رہائی نصیب ہوگی۔

(۴) جس شخص کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی ہو وہ اس اسم کو اکتالیس بار ہر روز پڑھا کرے اور لعاب دھن اپنی آنکھوں پر لگا دے اور پانی پر دم کر کے پیئے انشاء اللہ روشنی برقرار ہو جائے گی۔

(۵) جو کوئی مفلس ہو اس اسم کو اکیس بار پڑھے انشاء اللہ غنی ہو جائے گا اور جو کوئی بہت پڑھے خلق میں باعزت رہے۔

(۶) جو کوئی پانچ ہزار بار روز پڑھے گا انشاء اللہ قیامت کے دن بلند مرتبہ پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۷) **العلی** جل جلالہ

ترجمہ: بہت بلند و برتر

عدد: ۱۱۰

خواص

(۱) جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اسے رتبہ کی بلندی خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی اور جو مسافرت میں مبتلا ہوگا پھر وطن مالوف پہنچے گا۔

(۲) جو ورم یعنی سوجن پر تین بار پڑھ کر پھونکے گا انشاء اللہ صحت پائے گا۔

(۳) اگر فقیر اسے ایک سو دس بار پڑھے تو غنی ہو جائے اور دنیا میں عزت پائے

(۴) اگر لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلدی جوان ہو اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے آملے اگر محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔

(۵) یہ اسم مشائخ، بزرگوں، طلبہ اور سالکین کے لئے ایک روحانی خزانہ ہے اگر اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام اَلْعَلِیْمُ بھی ملا لیا جائے تو یہ بڑے اذکار میں شمار ہوتا ہے۔

(۶) جو ان الفاظ میں دعا کرے گا انشاء اللہ عذاب سے نجات پائے گا۔

اَللّٰهُمَّ یا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ ذَاالْعَرْشِ یُلْقِی الرُّوْحَ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ غَافِرَ الذَّنْبِ قَابِلَ التَّوْبِ شَدِیْدَ الْعِقَابِ ذَاالطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۸) اَلْکَبِیْرُ جل جلالہ

ترجمہ: بہت بڑا

عدد: ۲۳۲

خواص

(۱) اس کا بکثرت ذکر کرنے سے علم ومعرفت کا دروازہ کھلتا ہے اور اگر کھانے کی چیز پر پڑھ کر میاں بیوی کو کھلایا جائے تو باہمی الفت پیدا ہو۔

(۲) جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ یا کبیر پڑھے وہ انشاء اللہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور اسے بزرگی وبرتری نصیب ہو گی۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو پڑھے مخلوق کی نظروں میں ممتاز ہو اور بلند مرتبہ پائے۔

(۴) یہ بادشاہوں اور حکام کا وظیفہ ہے وہ اگر اس کا اہتمام کریں تو ان کا رعب رہے اور مہمات بخوبی سر انجام پائیں۔

(۵) جو نو دفعہ کسی بیمار پر پڑھکر دم کرے انشاء اللہ بیمار درست ہو۔

(۶) جو اسے سو بار پڑھے گا مخلوق میں عزیز رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۳۹) الحفیظ جل جلالہ

ترجمہ: سب کا محافظ

عدد: ۹۹۸

خواص

(۱) جو شخص بکثرت یا حفیظ کا ورد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ ہر طرح کے خوف وخطر اور نقصان وضرر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) یہ اسم مبارک خوفناک سفر میں حفاظت کے لئے بے حد مفید اور سریع الاثر ہے حتیٰ کہ اگر اسے پڑھکر درندوں کے درمیان سو جائے گا تو انشاء اللہ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اس اسم کے ذکر کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے
یَا حَفِیظُ اِحْفَظْنِیْ

(۳) جو ہر روز سولہ بار پڑھے گا انشاء اللہ ہر طرح سے نڈر رہے گا۔

(۴) جو کسی شہر یا گاؤں میں جا کر غیب سے رزق چاہے مغرب کے بعد اکتالیس بار یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ یَا رَقِیبُ یَا مُجِیبُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ قبلہ کو ہاتھ کر کے پڑھے انشاء اللہ غیب سے روزی پائے گا۔

(۵) جو کسی بیمار پر چالیس ہفتہ تک ستر ستر بار روز پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

(۶) اس کو پڑھنے اور اپنے پاس لکھ کر رکھنے والا ڈوبنے، جلنے، دیو، پری اور بدنظر سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۴۰) المقیت جل جلالہ

ترجمہ: قوت دینے والا

عدد: ۵۵۰

خواص

(۱) جو کوئی خالی آبخورے میں سات مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے گا اور اس میں خود پانی پئے یا کسی دوسرے کو پلائے یا سونگھے گا تو انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا یہ عمل سفر میں امن لئے بھی مفید ہے خاص طور پر جب اس کے ساتھ سورہ لایلف قریش ملا کر صبح وشام پڑھی جائے۔

(۲) جسکی آنکھ سرخ ہو اور درد کرتی ہو وہ دس بار پڑھ کر دم کرے۔

(۳) جو کسی کو غریب دیکھے یا خود اسکو غریبی پیش آئے یا کوئی لڑکا بدخوئی کرے یا بہت روئے سات بار خالی آبخورے پر پڑھ کر دم کرے اور اس میں پانی ڈال کر خود پئے یا دوسرے کو پلائے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

(۴) اگر روزہ دار کو ہلاکت کا خوف ہو تو سو بار پھول پر پڑھ کر اسے سونگھے انشاء اللہ قوت پائے گا اور ہر روز روزہ رکھ سکے گا۔

(۵) جو اس اسم کو اسم "اَلْقَائِمُ" کے ساتھ ملا کر ہر نماز کے بعد سات بار پڑھے گا امراضِ سوداویہ سے انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

(۶) جو ہر روز سات بار پانی پر دم کر کے پئے گا انشاء اللہ غیب سے روزی پائے گا اور کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۴۱) الحَسِیْبُ جل جلالہ

ترجمہ: سب کے لئے کفایت کرنے والا

عدد: ۸۰

خواص

(۱) جوکوئی چوریا حاسد یا ہمسایہ یادشمن یا چشم زخم یا بدنظر سے ڈرتا ہو ایک ہفتہ تک صبح (طلوع سے پہلے) اور شام (غروب سے پہلے) ستر بار حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے ہفتہ گزرنے سے پہلے امن عطاء فرمائے گا اور انشاء اللہ تمام کام درست ہو جائیں گے پڑھائی کا آغاز جمعرات کے دن سے کرے۔

(۲) جو روزانہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھے گا انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

(۳) جوکوئی اس اسم کو ستر بار پڑھے گا انشاء اللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۴) اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ایک ہفتہ تک روزانہ صبح وشام ایک سو پینتالیس (۱۴۵) بار پڑھے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

(۵) اگر کسی سے حساب میں تشدد کا اندیشہ ہو یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو سات روز تک طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے بیس بار پڑھ لیا کرے۔

(۶) الحسیب میں اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے (واللہ اعلم)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۴۲) الجَلِیْلُ جل جلالہ

ترجمہ: بڑی شان والا

عدد: ۷۳

خواص

(۱) جوکوئی اس اسم کو تہتر (۷۳) بار پڑھا کرے انشاء اللہ صاحب وقار ہو۔

(۲) جو دس بار اپنے اسباب پر پڑھے چوری سے محفوظ وسلامت رہے۔

(۳) جو بکثرت اسکا ورد رکھے گا اور مشک وزعفران سے لکھ کر پے گا اور اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالیٰ اسکو انشاء اللہ عزت وعظمت اور قدر ومنزلت عطاء فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْکَرِیْمُ (۴۳) جل جلالہ

ترجمہ: بہت کرم کرنے والا

عدد: ۲۷۰

خواص

(۱) جو شخص روزانہ سوتے وقت یاالکریم پڑھتے پڑھتے سوجایا کرے اللہ تعالیٰ اس کو علماء وصلحاء میں عزت نصیب فرمائیں گے اور غیب سے روزی عطاء فرمائیں گے۔

(۲) جو شخص اَلْکَرِیْمُ ذُوالطَّوْلِ الْوَھَّابُ کو کثرت سے پڑھے اس کے اسباب واحوال میں برکت ظاہر ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلرَّقِیْبُ (۴۴) جل جلالہ

ترجمہ: بڑا نگہبان

عدد: ۳۱۲

خواص

(۱) اس کا ذکر کرنے سے مال وعیال محفوظ رہتے ہیں

(۲) اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو بکثرت اس کا ورد کرنے سے انشاء اللہ واپس مل جاتی ہے۔

(۳) اگر اسقاط حمل کا خطرہ ہو تو حاملہ عورت پر سات مرتبہ پڑھنا مفید ہے

(۴) سفر میں جاتے وقت اپنی اہل واولاد میں سے جس پر کوئی خطرہ یا فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھے انشاء اللہ وہ مامون رہے گا۔

(۵) جو کوئی اس اسم کو سات بار یا ستر بار اپنی بیوی، فرزند یا مال پر پڑھ کر دم کرے جنات اور تمام دشمنوں اور آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہیں اور اس کا رعب بھی بڑھ جائے گا۔

(۶) جو کوئی پھوڑے پھنسی پر تین بار پڑھ کر پھونک دے انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی

(۷) جو کوئی اپنا مال اسباب گاڑی وغیرہ کہیں چھوڑتے وقت اس اسم کو پڑھ لے تو انشاء اللہ چوری سے حفاظت رہے گی مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۴۵) المُجِیبُ جل جلالہ

ترجمہ: دعائیں سننے اور قبول کرنے والا

عدد: ۵۵

خواص

(۱) جو کوئی کثرت سے یا مجیب پڑھا کرے انشاء اللہ اس کی دعائیں بارگاہ الٰہی میں قبول ہونے لگیں گی جو اپنے پاس لکھ کر رکھے گا اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

(۲) جو کوئی دردسر کے لئے تین بار پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ دردسر دور ہوگا۔

(۳) جو طلوع شمس کے وقت پچپن بار پڑھنے کا معمول بنائے گا انشاء اللہ مستجاب الدعوات ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۴۶) الواسِعُ جل جلالہ

ترجمہ: وسعت والا

عدد: ۱۳۷

خواص

(۱) جو اس کا بکثرت ذکر کرے گا اسے غناء ظاہری اور باطنی نصیب ہوگا۔ نیز اسے عزت، حوصلہ، بردباری، وسعت قلبی، اور دل کی صفائی نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کے لئے معاملات میں کشادگی پیدا فرمائے گا۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو پڑھتا ہے ملائکہ نازل ہوتے ہیں

(۳) جو اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنا لے اسے انشاء اللہ روزی ملے گی اور مفلس نہیں ہوگا۔

(۴) جس کو بچھو کاٹ لے وہ ستر بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا

(۵) جو کشائش کے واسطے جتنا ورد بڑھائے گا اتنا مالدار ہو جائے گا۔

(۴۷) جل جلالہ

ترجمہ: بڑی حکمتوں والا

عدد: ۷۸

خواص

(۱) جو کوئی کثرت سے یا حکیم پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس پر انشاء اللہ علم وحکمت کے دروازے کھول دیں گے جس کسی کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو تو وہ پابندی سے اس اسم کو پڑھا کرے انشاء اللہ کام پورا ہو جائے گا۔

(۲) جو ظہر کے بعد نوے بار پڑھ لیا کرے تمام مخلوق میں سرخرو رہے گا۔

(۳) جو اس کو بہتر بار پڑھا کرے انشاء اللہ اسے کوئی کوئی مشکل پیش نہ آئے اور سب حاجتیں بر آئیں۔

(۴) جو کوئی اسکا بکثرت ورد رکھے گا علم وحکمت کے چشمے اس کی زبان سے پھوٹیں گے اور وہ لطیف اشارات اور معانی کے اسرار کو بھی سمجھ لے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الودود

(۴۸) جل جلالہ

ترجمہ: بڑا محبت کرنے والا

عدد: ۲۰

خواص

(۱) جو کوئی ایک ہزار مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھکر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے گا تو انشاء اللہ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو جائے گا اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

(۲) جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار ایک بار معطر ولطیف شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور رو بقبلہ ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے اور وہ شیرینی اس کو کھلائے انشاء اللہ صالح ہو جائے گا۔

(۳) اسکا ورد تسخیر کے لئے بھی مفید ہے

(۴) جو شخص کسی پریشانی میں پڑ جائے وہ دو رکعت نماز پڑھ کر ان الفاظ میں دعا کرے انشاء اللہ پریشانی دور ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ يَا وَدُوْدُ (تین بار) يَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَايُرِيْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِیْ (آخری جملہ تین بار)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۴۹) المجید جل جلالہ

ترجمہ: بڑا بزرگ

عدد: ۵۷

خواص

(۱) جو کوئی کسی موذی مرض مثلاً برص، آتشک، جذام وغیرہ میں گرفتار ہو وہ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد بکثرت اس اسم کو پڑھا کرے اور پانی پر دم کر کے پیے انشاء اللہ وہ مرض دور ہوجائے گا۔

(۲) بیس دن تک روزہ رکھ کر افطار کے وقت ستاون بار اس اسم کا پڑھنا موذی امراض کے لئے مفید ہے۔

(۳) جس کو اپنے ساتھیوں میں عزت وحرمت نہ ہو ہر صبح کو ننانوے بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے عزت وحرمت حاصل ہوگی۔

(۴) جو گرمیوں میں اس اسم کو پڑھے گا تشنگی سے مامون رہے گا۔

(۵) جو اس اسم پر مداوت کرے گا بزرگ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۰) الباعث جل جلالہ

ترجمہ: مردوں کو زندہ کرنے والا

عدد: ۵۷۳

خواص

(۱) جو کوئی روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سو مرتبہ یا باعث پڑھا کرے انشاء اللہ اس کا دل علم وحکمت سے زندہ ہوجائے گا۔

(۲) جو سو بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اس سے انشاء اللہ نیکیاں سرزد ہوں گی اور برائیوں سے بچا رہے گا۔

(۳) جو کوئی سات بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو جائے حاکم مہربان ہوگا۔

(۴) جو اسکا بکثرت ورد رکھے گا خوف الٰہی اس پر غالب رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۱) الشَّهِيدُ جل جلالہ

ترجمہ: حاضر وناظر

عدد: ۳۱۹

خواص

(۱) جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اکیس مرتبہ یا شہید پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ فرمانبردار ہو جائے گی۔

(۲) بعض علماء کے نزدیک اکیس (۲۱) کی بجائے اکتیس (۳۱) بار پڑھنا مفید ہے۔

(۳) جو اس اسم پر پابندی رکھے گا اسے انشاء اللہ گناہوں سے پرہیز گاری نصیب ہوگی۔

(۴) اہل مراقبہ اور شہادت کے متمنی حضرات کے لئے یہ اسم بہت مناسب اور مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۲) جل جلالہ

ترجمہ: برحق

عدد: ۱۰۸

خواص

(۱) جو روزانہ ہزار بار اس کا ورد کرے اس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اس کی طبیعت کی اصلاح ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

(۲) جو روزانہ ایک سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے فقر سے غنا عطا فرمائیں گے اور انشاء اللہ اس کے معاملات آسان ہو جائیں گے۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے گا مخلوق میں عزیز ہو جائے گا۔

(۴) اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک پاک چوکور کاغذ لے کر ہر کونے پر اس اسم کو لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر کاغذ کو رکھ کر آسمان کے نیچے کھڑا ہو جائے اور یہ اسم ایک سو ننانوے بار پڑھے انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

(۵) اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ بار پڑھے تو انشاء اللہ قید سے خلاصی نصیب ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۳) الوکیل جل جلالہ

ترجمہ: بڑا کارساز

عدد: ٦٦

خواص

(۱) جو کوئی کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت بکثرت یَا وَکِیْلُ کا ورد کرے گا اور اس اسم کو اپنا وکیل بنالے گا وہ انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

(۲) جو کوئی ہر روز عصر کے وقت سات بار پڑھے گا' پناہ میں رہے گا۔

(۳) جو برے کاموں سے نہ بچ سکے دس بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور لکھ کر پانی میں پیے انشاء اللہ برے کام سے نجات ہوگی۔

(۴) جو اسے بہت پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے کاموں کا ذمہ دار ہوگا اور اس کو اس کی خواہشوں کے حوالے نہیں فرمائے گا۔

(۵) جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھیانوے بار ہر روز پڑھ لے ظالم کے ظلم سے انشاء اللہ بچا رہے گا اور کسی سے نہیں ڈرے گا۔

(٦) یہ اسم 'اسم اعظم' کے مطابق ہے۔

(۷) ہر حاجت کے لئے اس کی کثرت مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۴) القوی جل جلالہ

ترجمہ: بڑی طاقت وقوت والا

عدد: ۱۱٦

خواص

(۱) اگر اسے کم ہمت پڑھے باہمت ہو جائے۔ اگر کمزور پڑھے زور آور ہو۔ اگر مظلوم اپنے ظالم کو مغلوب کرنے کے لئے پڑھے تو انشاء اللہ وہ مغلوب ہو جائے گا۔

(۲) ظالم کی ہلاکت یا اس کے شر سے حفاظت کے لئے ایک ہزار بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۳) جس کا رزق تنگ ہو وہ ہزار بار پڑھے اور اس کے ساتھ اس آیت کا ورد کرے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ' انشاء اللہ اس کے ساتھ لطف وکرم کا معاملہ ہوگا اور خیر کا دروازہ اس کے لئے کھول دیا جائے گا۔

(۴) جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا۔ انشاء اللہ صاحب قوت ہوگا اور جلد بڑے منصب تک پہنچے گا۔

(۵) جس کا دشمن طاقتور ہو اور یہ اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو تو تھوڑا سا خمیری آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سو چنے کے برابر یا اس سے بھی چھوٹی گولیاں بنالے پھر ایک ایک گولی پر یاقوی پڑھ کر دشمن کے دفع کی نیت سے مرغ کے آگے ڈالے یہاں تک کہ سب اسی طرح ختم کردے اللہ

تعالیٰ اس کے دشمن کو انشاء اللہ مغلوب و مقہور کر دے گا۔ بے محل اور ناحق یہ عمل نہ کرے ورنہ اپنا نقصان ہوگا۔

(۶) اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں یہ اسم بہت پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْمَتِیْنُ (۵۵) جل جلالہ

ترجمہ: شدید قوت والا

عدد: ۵۰۰

خواص

(۱) جس عورت کے دودھ نہ ہو اس کو اَلْمَتِیْنُ کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں انشاء اللہ خوب دودھ ہوگا۔

(۲) جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو۔ اسے بھی دس بار لکھ کر پلایا جائے انشاء اللہ صبر کرے گا۔

(۳) جو کوئی ملکی منصب چاہتا ہو۔ وہ اتوار کے دن اوّل ساعت میں اس نیت سے تین سو ساٹھ بار پڑھے انشاء اللہ وہ منصب پالے گا۔

(۴) جو اس کا بکثرت ورد کرے گا۔ اس کی سخت مشکل آسان ہو جائے گی اور انشاء اللہ حاجات پوری ہوں گی۔

(۵) جو کوئی فاسق و فاجر لڑکے یا لڑکی پر دس بار اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ پڑھے گا تو اس کی اصلاح ہو جائے گی اور انشاء اللہ وہ غلطی سے باز رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۶) الوَلِیُّ جل جلالہ

ترجمہ: مددگار اور حمایتی

عدد: ۴۶

خواص

(۱) جو بکثرت پڑھے گا، محبوب ہوجائے گا اور اسے ولایت عظمیٰ کا مقام نصیب ہوگا اور اس پر اشیاء کے حقائق کھول دیئے جائیں گے۔

(۲) جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ میں ہزار بار پڑھے۔ انشاء اللہ مشکل دور ہوجائے گی اور وہ اولیاء اللہ میں شامل کیا جائے گا۔

(۳) اگر بیوی کے سامنے جانے کے وقت اس اسم کو پڑھے گا تو دونوں ایک دوسرے کے لئے کارآمد بن جائیں گے۔

(۴) جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں اور خصلتوں سے خوش نہ ہو۔ وہ جب اس کے سامنے جائے اس اسم کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ نیک خصلت ہوجائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۵۷) جل جلالہ

ترجمہ: لائق تعریف

عدد: ۶۲

خواص

(۱) جو شخص ۴۵ دن تک متواتر ۹۳ مرتبہ تنہائی میں یا حمید پڑھا کرے گا اس کی تمام بری خصلتیں اور عادتیں انشاء اللہ دور ہوجائیں گی۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا پسندیدہ افعال ہوگا۔

(۳) جو فحش اور بری باتیں کرنے کا عادی ہو اور اس سے نہ بچ سکے وہ پیالہ پر اَلْحَمِیْدُ لکھے پھر نوے بار پڑھ کر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ میں پانی پیا کرے انشاء اللہ فحش گوئی سے امان پائے گا۔

(۴) اگر کوئی گونگا اس اسم کو گھول کر پئے زبان سے صاف باتیں کرے۔

(۵) جو فجر کے بعد ننانوے بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کرکے چہرے پر پھیر لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے عزت، نصرت اور انشاء اللہ چہرے کا نور عطاء فرمائے گا۔

(۶) جو فرض نماز کے بعد سو بار پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ صالحین میں سے ہوجائے گا۔

(۷) جو فجر اور مغرب کے بعد چھیاسٹھ بار پڑھنے کا معمول بنالے اسے انشاء اللہ اقوال وافعال حمیدہ حاصل ہوں گے۔

(٨) جو سورہ فاتحہ کے بعد یہ اسم لکھ کر کسی مریض کو پلا دے انشاء اللہ اسے شفاء ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(٥٨) المُحصِی جل جلالہ

ترجمہ: اپنے علم اور شمار میں رکھنے والا

عدد: ١٤٨

خواص

(١) جو شب جمعہ میں ایک ہزار بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے حساب وعقاب سے نجات عطاء فرمادے گا۔

(٢) جو روٹی کے دس ٹکڑے لے کر ہر ٹکڑے پر بیس بار پڑھ کر کھائے گا۔اللہ تعالیٰ اس کے لئے مخلوق کو مسخر فرمادیں گے۔

(٣) جو اس کا بکثرت ذکر کرے گا۔اسے مراقبہ نصیب ہوگا اور اگر اسے اللہ تعالیٰ کے نام اَلْمُحِیْطُ کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو اسے بے شمار علوم عطاء کئے جائیں گے۔

(٤) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرے انشاء اللہ گناہ سے بچا رہے۔

(٥) جو کوئی دس بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ میں رہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۵۹) اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ

ترجمہ: پہلی بار پیدا کرنے والا

عدد: ۵۶

خواص

(۱) جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے جو کچھ اس کی زبان پر جاری ہو انشاء اللہ بصدق وصواب ہو۔

(۲) جس کی بیوی کو حمل ہو اور وہ اسقاط حمل سے ڈرتا ہو سحر کے وقت نوے بار پڑھ کر شہادت کی انگلی بیوی کے پیٹ کے گرد یا شکم پر پھرا دے حمل انشاء اللہ ساقط نہ ہوگا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں' گناہوں سے بچا رہے۔

(۴) جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ مال مل جائے گا اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ حق تعالیٰ شانہ اسے تمام بلیات سے نجات دے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۶۰) اَلْمُعِيْدُ جل جلالہ

ترجمہ: دوبارہ زندہ کرنے والا

عدد: ۱۲۴

خواص

(۱) گمشدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے جب گھر کے تمام آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں ستر ستر مرتبہ یَا مُعِیْدُ پڑھے انشاء اللہ سات روز میں واپس آ جائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

(۲) جو کوئی کسی معاملے میں متحیر ہو وہ ایک ہزار پڑھے خلجان دور ہو جائے گا اور انشاء اللہ درست سمت کی طرف رہنمائی ہوگی۔

(۳) اگر کوئی بات یا چیز بھول گئی ہو تو یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ کا ورد کرنے سے انشاء اللہ یاد آ جاتی ہے اور اس کے پڑھنے سے مخفی امور کی طرف بھی رہنمائی ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۶۱) اَلْمُحْیِیُ جل جلالہ

ترجمہ: زندگی دینے والا

عدد: ۵۸

خواص

(۱) جو ہزار بار پڑھنے کا معمول بنائے گا۔ انشاء اللہ اس کا دل زندہ ہوجائے گا اور بدن میں تقویت پیدا ہوگی۔

(۲) جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت ''اَلْمُحْیِیُ'' کا ورد رکھے یا کسی دوسرے بیمار پر دم کردے تو انشاء اللہ صحت یاب ہوجائے گا۔

(۳) جو شخص نواسی بار المحیی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے وہ ہر طرح کی قید و بند سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

(۴) جو کوئی درد یا ریح یا کسی عضو کے ضائع ہونے سے خائف ہو اسم المحیی سات بار پڑھے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

(۵) جو ہفت اندام کے درد کو دور کرنے کے لئے سات روز تک سات سات بار پڑھ کر دم کرے گا تندرست ہوجائے گا۔

(۶) جس کو کسی سے جدائی کا اندیشہ ہو یا قید کا خوف ہو اس کو بکثرت پڑھے۔

(۷) جو اس کو بکثرت پڑھے گا۔ انشاء اللہ اس کا دل نور سے منور ہوجائے گا۔

(۸) جو کسی کے قہر سے ڈرتا ہو روٹی کے ایک ٹکڑے پر ۵۸ بار یہ اسم پڑھ کر کھالے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۶۲) اَلْمُمِیْتُ جل جلالہ

ترجمہ: موت دینے والا

عدد: ۴۹

خواص

(۱) جو کوئی یہ اسم اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہوجائے پھر وہ ظالموں، فاسقوں میں سے کسی کی ہلاکت کی دعاء کرے تو اسی وقت ہلاک ہوجائے گا۔ اسی طرح اگر اپنے نفس امارہ کی ہلاکت (اصلاح) کی دعاء کرے تو انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۲) جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا، اس کا نفس انشاء اللہ مغلوب ہوجائے گا۔

(۳) جس کو اسراف کی عادت ہو یا اس کا نفس عبادت پر آمادہ نہ ہوتا ہو اس اسم کو بکثرت پڑھے، اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر ''اَلْمُمِیْتُ'' پڑھتے پڑھتے سو جائے تو انشاء اللہ اس کا نفس مطیع ہوگا۔

(۴) جو سات بار پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ اس پر جادو اثر نہ کرے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۶۳) جل جلالہ

ترجمہ: ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا

عدد: ۱۸

خواص

(۱) جوکوئی روزانہ تین ہزار بار اَلْحَیُّ کا ورد رکھے گا وہ انشاء اللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔

(۲) جوکوئی اس اسم کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھوکر پیے یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے انشاء اللہ شفاء کامل نصیب ہوگی۔

(۳) جوکوئی ایک ہزار بار کسی بیمار پر پڑھے گا اس کی عمر انشاء اللہ دراز ہوگی اور قوت روحانیہ اس میں زیادہ ہوگی۔

(۴) کسی سخت حاجت کے وقت جوکوئی اپنے نام کے اعداد کے موافق مع اول آخر درود شریف ایک وقت مقرر کرکے

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ

پڑھا کرے انشاء اللہ محروم نہ رہے

(۵) جوکوئی اس اسم کو ایک سو بیس دفعہ کاغذ پر لکھ کر دروازہ پر لٹکادے اس گھر میں جتنے لوگ رہتے ہوں گے۔ انشاء اللہ برے امراض سے محفوظ رہیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۶۴) اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہ

ترجمہ: سب کو قائم رکھنے سنبھالنے والا

عدد: ۱۵۶

خواص

(۱) جو اس اسم کو ہر روز تنہائی میں سترہ بار پڑھے گا انشاء اللہ کند ذہنی کے مرض سے نجات پائے گا اور اس کا حافظ قوی اور دل منور ہوجائے گا۔

(۲) جس آدمی کو نیند نہ آتی ہو وہ یہ دو آیتیں پڑھے۔

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ............فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ

انشاء اللہ نیند آجائے گی یہ عمل دوسرے پر بھی کیا جاسکتا ہے لیکن جو زیادہ سونے کا عادی ہو تو اس کے سر پر الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ پڑھ کر دم کیا جائے اس کی نیند بھاگ جائے گی۔

(۳) اگر کوئی چاہے کہ اسکا دل زندہ ہوجائے اور کبھی نہ مرے تو وہ ہر دن چالیس بار پڑھا کرے یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

(۴) جاننا چاہئے کہ الحی القیوم یہ دونوں عظیم نام ہیں اور حضوری کیفیت رکھنے والے لوگوں کا ذکر ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ وہ یہ دعاء صبح شام پڑھا کریں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ

وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ

(۵) جو شخص بکثرت اسم "القیوم" کا ورد رکھے انشاء اللہ لوگوں میں اسکی عزت اور ساکھ زیادہ ہوگی اور تنہائی میں بیٹھ کر ورد کرے تو انشاء اللہ خوشحال ہو جائے گا جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک یا حی یا قیوم کا ورد کیا کرے انشاء اللہ اسکی سستی، کاہلی دور ہو جائے گی۔

(۶) سحر کے وقت جو کوئی بلند آواز سے اسکو پڑھے گا اسکا تصرف دلوں میں ظاہر ہوگا یعنی لوگ اسے دوست رکھیں گے جو زیادہ پڑھے گا اس کی حاجات پوری ہوں گی۔

(۷) جو اکتالیس بار روز یہ دعا پڑھے گا انشاء اللہ اس کا مردہ دل زندہ ہو جائے گا۔

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۶۵) الواجد جل جلالہ

ترجمہ: ہر چیز کو پانے والا

عدد: ۱۴

خواص

(۱) جو شخص کھانا کھاتے وقت یا واجد کا ورد رکھے غذا اس کے قلب کی طاقت و قوت اور نورانیت کا باعث ہوگی انشاء اللہ

(۲) جو تنہائی میں بکثرت اس اسم کو پڑھے گا مالدار ہوگا

(۳) جو کوئی کھانا کھانے کے وقت ہر نوالے کے ساتھ اس کو پڑھے گا وہ کھانا انشاء اللہ پیٹ میں نور ہوگا اور بیماری دور ہوگی۔

(۴) جو اس اسم کو بہت پڑھے گا اس کا دل انشاء اللہ غنی ہوگا۔

(۵) جو اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

(۶) جو اسے اس قدر پڑھے گا کہ اس پر حال طاری ہو جائے اپنے باطن میں ایسی معرفت پائے گا جس کا اسے پہلے مشاہدہ نہیں کیا ہوگا یہ اسم اللہ تعالیٰ کے اسم الوھاب کے مطابق ہے۔

(۶۶) الماجِدُ جل جلالہ

ترجمہ: بزرگی اور بڑائی والا

عدد: ۴۸

خواص

(۱) جو تنہائی میں یہ اسم اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو انشاء اللہ اس کے قلب پر انوار الہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ مریض شفاء پائے۔

(۳) جو دس بار شربت پر پڑھ کر پی لیا کرے گا تو انشاء اللہ بیمار نہ ہو گا۔

(۴) جو اس کو بکثرت پڑھے گا مخلوق کی آنکھ میں عزیز و بزرگ ہوگا۔

(۵) جو صبح شام چار سو بار ہمیشہ پڑھتا رہے گا وہ انشاء اللہ چوپایوں کے کلام کو سنے اور سمجھے گا۔

(۶۷) جل جلالہ

ترجمہ: ایک اکیلا

عدد: ۱۹

خواص

(۱) جو کوئی روزانہ ایک ہزار مرتبہ الوَاحِدُ الاَحَدُ پڑھا کرے اس کے دل سے انشاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

(۲) جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ الواحد الاحد۔ اولاد نرینہ کیلئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

(۳) جو کوئی تنہائی سے ہراساں ہو اکیلا باوضو ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا اور اس کے لئے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاحد جل جلالہ (۶۸)

ترجمہ: ایک اکیلا

عدد: ۱۳

خواص

(۱) جو کوئی روزانہ ایک ہزار مرتبہ الواحد الاحد پڑھا کرے اس کے دل سے انشاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

(۲) جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔ الواحد الاحد۔ اولاد نرینہ کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

(۳) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ دعا پڑھتے سنا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَلْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ذریعے دعا کی ہے جس کے ذریعے جب مانگا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ (ابوداود، ترمذی)

(۴) جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

(۵) جو کوئی اس اسم کو نو مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے انشاء اللہ عزت و سرفرازی پائے گا۔

(۶) جو کوئی سانپ کے کاٹے پر ایک سو ایک بار الواحد الاحد پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

(۷) جو تنہائی میں اسے ایک ہزار بار پڑھے گا انشاء اللہ فرشتہ خصلت ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۶۹) الصمد جل جلالہ

ترجمہ: بے نیاز

عدد: ۱۳۴

خواص

(۱) جو کوئی سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو پندرہ یا ایک سو پچیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس کو انشاء اللہ ظاہری و باطنی سچائی نصیب ہوگی اور کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہوگا۔

(۲) جو شخص باوضو اس اسم کا ورد جاری رکھے وہ انشاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

(۳) جو کوئی یہ اسم ایک سو چونتیس بار پڑھے آثار حمدانی ظاہر ہوں اور انشاء اللہ کبھی بھوکا نہ رہے۔

(۴) جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے اس کی مشکلیں آسان ہوں۔

(۵) جو اسے ہزار بار پڑھا کرے گا دشمن پر انشاء اللہ فتح پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۰) جل جلالہ

ترجمہ: قدرت والا

عدد: ۳۰۵

خواص

(۱) اگر وضو کے وقت ہر عضو کو دھوتے وقت اسم القادر پڑھتا جائے کسی ظالم کے ہاتھ انشاء اللہ گرفتار نہ ہوگا اور کوئی دشمن اس پر فتح نہ پائے گا۔

(۲) اگر مشکل پیش آئے تو اکتالیس بار پڑھے وہ کام انشاء اللہ درستی پا کر آسان ہو جائے گا۔

(۳) جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ جمیع آفات سے بچا رہے۔

(۴) جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر سو مرتبہ القادر پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو ذلیل ورسوا فرمادے گا (اگر وہ حق پر ہوگا) اور ظاہری طاقت کے علاوہ اسے عبادت کی باطنی طاقت بھی عطا فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۱) المقتدر جل جلالہ

ترجمہ: پوری قدرت والا

عدد: ۷۴۴

خواص

(۱) جو کوئی سو کر اٹھنے کے بعد بکثرت المقتدر کا ورد کیا کرے یا کم از کم بیس مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ اس کے تمام کام آسان اور درست ہو جائیں گے۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے انشاء اللہ اس کا دشمن مقہور ہو۔

(۳) جو اس کا روزانہ بیس مرتبہ ورد رکھے گا انشاء اللہ رحمت الٰہی میں رہے گا۔

(۴) جو اس نام کو توجہ کے ساتھ اکثر پڑھتا رہے تو انشاء اللہ اسکی غفلت دور ہو جائے گی۔

(۵) جو شخص حقیقۃً مظلوم ہو وہ مہینے کی آخری رات ایک اندھیرے کمرے میں ننگی زمین پر ننگے سر دو رکعت نماز پڑھ کر دوسری رکعت کے آخری سجدے میں اللہ تعالیٰ کے نام المقتدر، الشدید، القوی، القاهر پڑھ کر ظالم کے خلاف دعاء کرے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۲) جل جلالہ

ترجمہ: آگے کرنے والا

عدد: ۱۸۴

خواص

(۱) جو شخص جنگ کے وقت المقدم کثرت سے پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے پیش قدمی کی قوت عطا فرمائے گا اور انشاء اللہ دشمنوں سے محفوظ رکھے گا زخم و رنج نہیں پہنچے گا۔

(۲) جو شخص ہر وقت یا مقدم کا ورد رکھے گا وہ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرمانبردار بن جائے گا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا دشمن پر انشاء اللہ غالب رہے گا اور اطاعت الٰہی میں اس کا نفس فرمانبردار ہوگا۔

(۴) جو اسکو نو دفعہ شیرینی پر پڑھ کر کسی کو کھلائے گا تو انشاء اللہ وہ اس سے محبت کرے گا۔ (غلط نیت کے لئے یہ استعمال حرام ہے اور سخت نقصان دہ ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۳) المؤخر جل جلالہ

ترجمہ: پیچھے رکھنے والا

عدد: ۸۴۶

خواص

(۱) جو شخص کثرت سے المؤخر کا وِرد رکھے گا اسے انشاء اللہ سچی توبہ نصیب ہوگی۔

(۲) جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسم کو پابندی سے پڑھا کرے اسکو انشاء اللہ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

(۳) علماء کرام فرماتے ہیں کہ اسم اَلْمُقَدِّمُ اور اَلْمُؤَخِّرُ کو ایک ساتھ پڑھتا رہے جب کوئی مشکل پیش آئے اکیس بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

(۴) جو اڑتالیس دن تک روز تین ہزار بار پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ جو چاہے گا پائے گا۔

(۵) جو اکتالیس بار پڑھے گا اس کا نفس انشاء اللہ مطیع ہوگا۔

(۶) جو ہر روز سو بار پڑھتا رہے گا انشاء اللہ اس کے سب کام انجام کو پہنچیں گے۔

(۷) حدیث شریف میں حضور اکرم ﷺ سے یہ دعا منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

(بخاری)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۴) الاوّل جل جلالہ

ترجمہ: سب سے پہلے

عدد: ۳۷

خواص

(۱) جو کوئی مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ الاول پڑھے انشاء اللہ جلد بخیریت وطن واپس پہنچے گا۔

(۲) جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس مرتبہ روزانہ الاول پڑھا کرے انشاء اللہ اس کی مراد پوری ہوگی اور سب مشکلیں آسان ہونگی۔

(۳) جو چالیس شب جمعہ ہر شب کو بعد از نماز عشاء ہزار بار پڑھے انشاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۴) جو ہر روز گیارہ بار پڑھے گا تمام خلقت انشاء اللہ اس پر مہربانی کرے گی۔

(۵) جو سو بار پڑھے گا انشاء اللہ اس کی بیوی اس سے محبت کرے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۷۵) الآخِرُ جل جلالہ

ترجمہ: سب کے بعد

عدد: ۸۰۱

خواص

(۱) جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ الآخر پڑھا کرے اس کے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہو جائے گی اور انشاء اللہ ساری عمر کی کوتاہیوں کا کفارہ ہو جائے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا اور نیک اعمال سرزد ہوں گے۔

(۲) جس کی عمر آخر کو پہنچ گئی ہو اور نیک اعمال نہ رکھتا ہو اس عمل کا ورد کرے حق تعالیٰ اس کی عاقبت انشاء اللہ بالخیر کرے گا۔

(۳) جو کوئی کسی جگہ جائے اور اس اسم کو پڑھ لے وہاں عزت اور توقیر پائے گا۔ اور جو دفع دشمن کے لئے پڑھے گا کامیاب ہوگا۔

(۴) جو عشاء کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے اس کی آخری عمر انشاء اللہ پہلی عمر سے بہتر ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۷۶) الظَّاهِرُ جل جلالہ

ترجمہ: ظاہر اور آشکارا

عدد: ۱۱۰۶

خواص

(۱) جو شخص نماز اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ اَلظَّاهِرُ کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ

(۲) اگر بارش وغیرہ کا خوف ہو تو بکثرت پڑھے انشاء اللہ امان پائے گا۔

(۳) اگر گھر کی دیوار پر لکھے انشاء اللہ دیوار سلامت رہے گی۔

(۴) جو سرمہ پر گیارہ بار پڑھ کر آنکھوں میں لگائے لوگ اس پر مہربانی کریں گے۔

(۵) جو جمعہ کے دن پانچ سو بار پڑھے گا اس کا باطن پرنور ہوگا اور انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

(۶) یہ ارباب مکاشفات کا ذکر ہے اور اسم الحمید کے مطابق ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۷) الباطن جل جلالہ

ترجمہ: پوشیدہ وپنہاں

عدد: ۶۲

خواص

(۱) جو شخص روزانہ تینتیس مرتبہ یَا بَاطِنُ پڑھا کرے انشاءاللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اور اس کے قلب میں انس ومحبت الٰہی پیدا ہوگی۔

(۲) جو شخص دو رکعت نماز اداء کر کے ھو الاول والآخر والظاھر والباطن وھو علی کل شیء قدیر. ۱۴۵ بار پڑھا کرے انشاءاللہ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو اکتالیس بار پڑھے انشاءاللہ اس کا قلب نورانی ہوجائے گا۔

(۴) جو ہر نماز کے بعد ۳۳ بار پڑھنے کا معمول بنائے تو جو اس کو دیکھے گا محبت کرے گا۔

(۵) جو کوئی اپنے دل میں یا زبان سے تین سو ساٹھ بار اس کا ورد عشاء یا فجر صبح یا کسی بھی نماز کے بعد روزانہ کرے گا صاحب باطن اور واقف اسرار الٰہی ہوگا۔

(۶) جو کسی کو امانت سونپے یا زمین میں دفن کرے یہ اسم الباطن اس شے کے ساتھ رکھ دے کوئی اس میں خیانت نہ کر سکے گا۔

(۷) جو روز اسی بار کسی نماز کے بعد اس کو پڑھے گا واقف اسرار الٰہی ہوگا انشاءاللہ

(۸) اگر ہر روز تین بار ایک گھنٹہ تک اس کو پڑھے تو کیفیت انس نصیب ہوگی یعنی اپنے رب کی طرف سے انس پائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۸) الوالی جل جلالہ

ترجمہ: متولی اور متصرف

عدد: ۴۷

خواص

(۱) جو کوئی اپنا یا کسی اور کا گھر ہر بلا اور بربادی سے بچانا چاہے تین سو بار اسم الوالی پڑھے انشاء اللہ وہ گھر محفوظ رہے گا۔

(۲) اگر کسی کو تسخیر کرنے کی نیت سے گیارہ بار پڑھے گا وہ آدمی اس کا مطیع ومنقاد ہوگا۔ انشاء اللہ

(۳) بالکل نئے اور کورے آبخورے پر اگر الوالی لکھ کر پڑھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کے در و دیوار پر چھڑکے تو وہ گھر انشاء اللہ بارش اور دیگر آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے مخلوق میں انشاء اللہ ذی مرتبہ ہووے گا۔

(۵) جو شخص کثرت سے الوالی کا ورد رکھے گا وہ انشاء اللہ ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

(۶) اسے کثرت سے پڑھنا بجلی کی کڑک سے حفاظت کے لئے مفید ہے۔

(۷) اس اسم کا ذکر ان لوگوں کیلئے بہت مفید ہے جو کچھ لوگوں کے ذمہ دار ہوں مثلاً حاکم، افسر، شیخ وغیرہم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۹) المتعال جل جلالہ

ترجمہ: سب سے بلند و برتر

عدد: ۵۵۱

خواص

(۱) جو شخص کثرت سے اَلْمُتَعَالِی کا ورد رکھے انشاء اللہ اسکی تمام مشکلات رفع ہوں گی اور جو عورت حالت حیض میں کثرت سے اس اسم کا ورد رکھے انشاء اللہ اسکی تکلیف رفع ہوگی۔

(۲) جو بدفعل عورت ایام کی حالت میں اس اسم کو بہت پڑھے گی تو وہ اپنی بدفعلی سے نجات پائے گی۔

(۳) جو شخص اتوار کی رات غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے اس کو تین بار پڑھ کر جو دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۴) اس کے بکثرت ذکر سے رفعت اور درستی حاصل ہوتی ہے۔

(۵) جو حاکم کے پاس جاتے وقت یہ اسم پڑھ لے اسے حجت اور غلبہ نصیب ہوگا۔ انشاء اللہ

(۶) دشمن کی ہلاکت کے لئے سات دن تک روزانہ ایک ہزار بار پڑھنا مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۸۰) اَلْبَرُّ جل جلالہ

ترجمہ: نہایت احسان کرنے والا

عدد: ۲۰۲

خواص

(۱) جو کوئی شراب خوری یا زنا کاری جیسی بیماریوں میں گرفتار ہو وہ روزانہ سات بار یہ اسم پڑھے انشاء اللہ اس کا دل گناہوں سے ہٹ جائے گا۔

(۲) جو اسکو ہوا وغیرہ کی آفتوں کے ڈر سے پڑھے انشاء اللہ امن میں رہے گا۔

(۳) جو شخص حب دنیا میں مبتلا ہو اس اسم کو بکثرت پڑھنے سے انشاء اللہ دنیا اس کے دل سے جاتی رہے گی۔

(۴) جو کوئی ایک سانس میں سات بار اپنے لڑکے پر پڑھ کر اسے اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے گا وہ بچہ انشاء اللہ بلوغ تک تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۵) جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا عزیز خلائق ہوگا۔ انشاء اللہ

(۶) یہ اسم خشکی اور سمندر کے مسافر کے لئے امان ہے۔

(۷) جو اپنے بچے کے سر کے درمیان پر پندرہ بار پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ هٰذَ الْاِسْمِ رَبِّهٖ لَا يَتِيْمًا وَّلَا لَئِيْمًا

تو انشاء اللہ یہ دعاء قبول ہوگی اور بچہ نہ یتیم ہوگا اور نہ لئیم۔

(۸) گناہ کبیرہ کا مرتکب اگر سات سو بار پڑھے تو انشاء اللہ گناہوں سے توبہ کی توفیق پائے گا۔

(۹) اگر اس کے ساتھ اسم الرحیم ملا کر یا بر یا رحیم پڑھا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۸۱) التوّاب جل جلالہ

ترجمہ: بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا

عدد: ۴۰۹

خواص

(۱) جوکوئی نماز چاشت کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا انشاء اللہ اسے سچی توبہ نصیب ہوگی اور جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے گا انشاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہوں گے اور نفس کو طاعت میں خوشی ہوگی۔

(۲) اگر کسی ظالم پر دس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو انشاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔

(۳) جوکوئی چاشت کی نماز کے بعد اللّٰھم اغفرلی وتب علی انک انت التواب الرحیم پڑھے اس کے گناہ انشاء اللہ بخشے جائیں گے۔

(۴) جو اکتالیس دن تک آٹھ سو بار پڑھے گا انشاء اللہ ظاہر و باطن کی نعمت سے غنی ہوگا۔

(۵) جوکوئی اس اسم کو لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر شراب کے عادی کو پلائے تو اسکی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ انشاء اللہ تائب ہوجائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۸۲) المنتقم جل جلالہ

ترجمہ: بدلہ لینے والا

عدد: ۶۳۰

خواص

(۱) جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو تین جمعہ تک بکثرت یا منتقم پڑھے اللہ تعالیٰ اس سے خود انشاء اللہ انتقام لے لیں گے۔

(۲) جوکوئی آدھی رات کو کسی نیت سے پڑھے گا وہ کام انشاء اللہ سرانجام پائے گا۔

(۳) جوکوئی عشاء یا فجر کے بعد چالیس دن تک روزانہ ایک ہزار ایک بار یاقہار یا مذل یا منتقم پڑھے گا انشاء اللہ ظالم ہلاک ہوگا

(۴) جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اسکی آنکھ ہرگز نہیں دکھے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(٨٣) الغفور جل جلالہ

ترجمہ: بہت زیادہ معاف کرنے والا

عدد: ١٥٦

خواص

(١) جوشخص کثرت سے الغفور پڑھا کرے انشاء اللہ اس کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا اور اچھے اعمال اس کے ہاں محبوب ہو جائیں گے۔

(٢) جو تین ہفتہ تک اس اسم کا ورد رکھے گا سب دشمن اس کے دوست بن جائیں گے اور لوگوں میں معزز ہوگا۔

(٣) جو کوئی کسی شخص سے ڈرتا ہو اس اسم کو بہت پڑھے انشاء اللہ نڈر ہوگا۔

(٤) اگر اس اسم کے ساتھ اسم الغفور بھی ملا لیا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہوگا۔

(٥) جو اسے ایک سو چھپن بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے خوف سے امن عطا فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(٨٤) الرؤوف جل جلالہ

ترجمہ: مہربان

عدد: ٢٨٦

خواص

(١) جو کسی مظلوم کو ظالم کے ہاتھ سے چھڑانا چاہے یا رؤف دس بار پڑھے وہ ظالم اسکی شفاعت قبول کرے گا۔

(٢) جو کوئی اسے بکثرت پڑھے گا ظالم کا دل اس پر مہربان ہوگا اور سب لوگ اس کو دوست رکھیں گے اور انشاء اللہ اس پر مہربان ہوں گے۔

(٣) جو شخص دس مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کا غصہ رفع ہو جائے گا، دوسرے غضب ناک شخص پر دم کرے تو اس کا غصہ بھی دور ہو جائے گا۔

(۸۵) جل جلالہ

ترجمہ: ملکوں کا بادشاہ

عدد: ۲۱۱

خواص

(۱) جو شخص یا مالک الملک کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسکو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرمادے گا اور انشاء اللہ وہ کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔

(۲) جو بادشاہ کسی ملک کو فتح کرنا چاہتا ہو وہ اس اسم کو بہت پڑھے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

(۳) جو یا مالک الملک و یاذالجلال والاکرام بہت پڑھے گا اگر فقیر ہوگا تو غنی ہو جائے گا مگر یہ اسم کمال جلال رکھتا ہے۔

(۴) جو بادشاہ اپنی حکومت کا استحکام چاہتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے۔

(۸۶) جل جلالہ

ترجمہ: عظمت وجلال اور انعام اکرام والا

عدد: ۱۰۹۸

خواص

(۱) جو شخص کثرت سے یا ذاالجلال والاکرام پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کو عزت وعظمت اور مخلوق سے استغنا فرمادیں گے۔

(۲) بعض اس کو اسم اعظم کہتے ہیں جو شخص یا ذاالجلال والاکرام بیدک الخیر وانت علی کل شئ قدیر سو بار پڑھ کر پانی پر دم کرے گا اور وہ پانی بیمار کو پلائے گا تو انشاء اللہ بیمار شفاء پائے گا اگر دل غمگین ہو اس عمل سے انشاء اللہ مسرور ہوگا۔

(۳) جو کوئی روزانہ پابندی سے تین سو تینتیس بار مالک الملک ذوالجلال والاکرام پڑھے گا تو دنیا اس کی فرمانبردار رہے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۸۷) المقسط جل جلالہ

ترجمہ: عدل وانصاف کرنے والا

عدد: ۲۰۹

خواص

(۱) جوکوئی روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے وہ انشاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

(۲) اگر کسی خاص اور جائز مقصد کے لئے سات سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا تو انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

(۳) جوکسی رنج میں مبتلا ہو ہر روز ستر بار پڑھے انشاء اللہ رنج سے نجات پائے گا جو اسے لکھ کر کھالیا کرے شر شیطان سے بچ جائے گا۔

(۴) جوکوئی اس اسم کو سو بار پڑھے گا شیطان کے شر اور وسوسے سے نڈر ہوگا۔

(۵) اس اسم کی کثرت عبادات میں وسوسے کا بہترین علاج ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۸۸) الجامع جل جلالہ

ترجمہ: سب کو جمع کرنے والا

عدد: ۱۱۴

خواص

(۱) جس شخص کے رشتہ دار و احباب منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کرکے اور آسمان کی طرف منہ کرکے دس مرتبہ یا جامع پڑھے اور ایک انگلی بند کرلے اسی طرح ہر دس مرتبہ پر ایک انگلی بند کرتا جائے جب ساری انگلیاں بند ہو جائیں تو آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے انشاء اللہ جلد سب جمع ہو جائیں گے۔

(۲) اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اللّٰھم یا جامع الناس لیوم لاریب فیه اجمع ضالتی پڑھا کرے وہ چیز انشاء اللہ مل جائے گی۔

(۳) جائز محبت کے لئے بھی یہ دعا بے مثال ہے

(۴) اپنے بچھڑے ہوئے اقارب سے ملنے کے لئے اس اسم کا ایک سو چودہ بار کھلے آسمان کے نیچے پڑھنا مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۸۹) جل جلالہ

ترجمہ: بڑا بے نیاز بے پرواہ

عدد: ۱۰۶۰

خواص

(۱) جو شخص ستر بار روزانہ یـاغـنـی پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطاء فرمائے گا اور انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

(۲) جو شخص کسی ظاہری یا باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء اور جسم پر یاغنی پڑھ کر دم کیا کرے انشاء اللہ نجات پائے گا یہ مرض طمع کا بھی علاج ہے۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھا کرے انشاء اللہ محتاج نہ ہو، مالدار ہو جائے اور جو اس کو اپنے پاس رکھے مفلس نہ ہو اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے۔ انشاء اللہ برکت ہوگی۔

(۴) جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا اس کے اعضاء کا درد جاتا رہے گا۔

(۵) جو کوئی جمعرات کے دن ہزار بار پڑھے گا انشاء اللہ دولت پائے گا۔

(۶) جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ستر بار پابندی سے یہ دعاء پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادے گا۔ اللّٰھم یا غنی یا حمید یا مبدی یا معید یا فعال لمایرید یارحیم یا ودود اکفنی بحلالک عن حرامک وبطاعتک عن معصیتک وبفضلک عمن سواک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۹۰) المغنی جل جلالہ

ترجمہ: بے نیاز و غنی بنادینے والا

عدد: ۱۱۰۰

خواص

(۱) جو شخص اول اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ وظیفہ کی طرح یہ اسم پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ظاہری و باطنی غنا عطاء فرمائے گا یہ عمل فجر یا عشاء کی نماز کے بعد کرے اور اس کے ساتھ سورہ مزمل بھی تلاوت کرے۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار دوسو سرسٹھ بار ہر روز بلا ناغہ پڑھا کرے گا انشاء اللہ غنی ہو جائے گا اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی فقیر نہ ہو۔

(۳) جو کوئی دس جمعوں تک ہر جمعہ کو ہزار بار یا دس بار یہ اسم پڑھے گا انشاء اللہ مخلوق سے بے پرواہ ہوگا۔

(۴) جو کوئی نزدیکی کے وقت (پہلے) ستر بار پڑھ لے بہت امساک ہوگا

(۵) جو بہت مفلس ہو فجر کے وقت فرض وسنت کے درمیان دوسو بار اور ظہر ،عصر اور مغرب کے بعد دوسو بار اور عشاء کے بعد تین سو بار پڑھے انشاء اللہ غنی ہو گا۔

(۶) جو گیارہ سو بار روزانہ پڑھا کرے اسے صفائی قلب حاصل ہوگی۔

(۷) جو روزی میں وسعت کے لئے گیارہ سو مرتبہ یا مغنی اور باتسمیہ گیارہ سو بار لاحول اور بے تسمیہ سو بار درود شریف اور دو دفعہ سورہ مزمل پڑھا کرے انشاء

اللہ از حد نفع پائے گا۔

(۸) جس جگہ تکلیف ہو یہ اسم پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اس جگہ ملا جائے سے انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

(۹) جو شخص روزانہ گیارہ سو اکیس بار یہ اسم پڑھتا رہے انشاء اللہ اسکا ہاتھ کبھی محتاج نہیں ہوگا۔

(۱۰) اسم المغنی ذوالجلال والاکرام کے مطابق ہے

(۱۱) جو کوئی سورہ والضحیٰ پڑھ کر یہ اسم پڑھے گا پھر کہے گا،

اللّٰھم یسرنی للیسر الذی یسرتہ لکثیر من خلقک
واغننی بفضلک عمن سواک

اللہ تعالیٰ اس کے لئے مددگار (غیبی) بھیجے گا۔

المانع (۹۱) جل جلالہ

ترجمہ: روکنے والا

عدد: ۱۶۱

خواص

(۱) اگر بیوی سے جھگڑا یا نا چاقی ہو تو بستر پر لیٹتے وقت بیس مرتبہ یہ اسم پڑھا کرے انشاء اللہ جھگڑا ختم اور نا چاقی دور ہو جائے گی اور باہمی انس و محبت پیدا ہو جائے گی۔

(۲) جو کوئی بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا انشاء اللہ وہ ہر شر سے محفوظ رہے گا اگر کسی خاص اور جائز مقصد کے لئے پڑھے گا تو انشاء اللہ حاصل ہو جائے گا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے گا انشاء اللہ دو شخصوں کے درمیان لڑائی ختم ہو جائے گی۔

(۴) جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے اسکو صبح و شام پڑھا کرے انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الضار (۹۲) جل جلالہ

ترجمہ: ضرر پہنچانے والا

عدد: ۱۰۰۱

خواص

(۱) جو شخص شب جمعہ میں سو مرتبہ الضار پڑھا کرے وہ انشاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قرب خداوندی اسے حاصل ہوگا۔

(۲) جو کوئی اس اسم پاک کو پڑھے اور ظالم کا نام لے انشاء اللہ اس کو ضرر پہنچے گا۔ اور پڑھنے والا اس کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

(۳) جس کو ایک حال ومقام میسر ہو سو بار شب جمعہ میں اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ اس کو مقام میں ثابت رکھے گا اور اہل قرب کے مرتبہ تک پہنچا دیگا۔ اس مرتبہ کے آگے ظاہری کمال کی کچھ اصل نہیں۔

(۴) جسکی عزت کم ہو ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو بار نماز عشاء کے بعد پڑھا کرے انشاء اللہ محترم رہے گا۔

(۵) جو ہر شب جمعہ سو بار الضار النافع دونوں اسماء پڑھا کرے گا، انشاء اللہ اپنی قوم میں معزز اور جسمانی طور پر باعافیت رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۹۳) جل جلالہ

ترجمہ: نفع پہنچانے والا

عدد: ۲۰۱

خواص

(۱) جو کوئی کشتی وغیرہ اور سواری میں سوار ہونے کے بعد یا نافع کثرت سے پڑھتا رہے انشاء اللہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۲) جو شخص کسی کام کو شروع کرتے وقت اکتالیس مرتبہ یا نافع پڑھا کرے انشاء اللہ حسب منشاء ہوگا۔

(۳) جو شخص بیوی سے جماع کرتے وقت یہ اسم (پہلے) پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اولاد صالح نصیب ہوگی۔

(۴) جو کوئی اس اسم کو مریض پر دم کرے انشاء اللہ وہ شفاء پائے گا۔

(۵) جو ماہ رجب میں اس کا ورد کرے گا انشاء اللہ اسرار الٰہی سے آگاہ ہوگا۔

(۶) جو چار روز جہاں تک ہو سکے پڑھے گا انشاء اللہ کبھی کسی غم میں نہ پھنسے گا۔

(۷) جو سفر حج میں اسے پڑھا کرے انشاء اللہ بخیر گھر واپس آئے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۹۴) النور جل جلالہ

ترجمہ: روشنی والا

عدد: ۲۵۶

خواص

(۱) جو شخص شب جمعہ میں سات مرتبہ سورہ نور اور ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھا کرے انشاء اللہ اس کا دل انوار الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

(۲) جو کوئی اس اسم کو اسم النافع کے ساتھ ملا کر پڑھے اور مریض پر دم کرے وہ انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

(۳) جو صبح کے وقت اس کے ذکر کو لازم پکڑے گا اس کا دل روشن ہوگا۔

(۴) جو کوئی اندھیرے کمرے میں آنکھیں بند کر کے اس اسم کا اسقدر ذکر کرے کہ حال طاری ہو جائے وہ عجیب و غریب انوارات کا مشاہدہ کرے گا اور اسکا دل نور سے بھر جائے گا یہ اسم اہل بصیرت و مکاشفات کے لئے بہت مناسب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۹۵) الھادی جل جلالہ

ترجمہ: سیدھا راستہ دکھاتے اور اس پر چلانے والا

عدد: ۲۰

خواص

(۱) جو شخص ہاتھ اٹھا کر آسمان کی طرف منہ کر کے بکثرت یاھادی پڑھے اور آخر میں چہرہ پر ہاتھ پھیر لے اسکو انشاء اللہ کامل ہدایت نصیب ہوگی اور اہل معرفت میں شامل ہو جائے گا۔

(۲) جو کوئی گیارہ سو بار یاھادی اھدنا الصراط المستقیم عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے وہ انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

(۳) جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے وہ دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں آیۃ الکرسی اور دوسری میں سورہ اخلاص اور سلام کے بعد یہ اسم ایک سانس میں جس قدر ہو سکے پڑھے جب سانس ٹوٹ جائے جو دعا مانگے انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

(۴) جو کوئی سفر پر ہو اور اسے راستہ نہ ملے تو وہ کہے یاھادی اھدا ستہ مل جائے گا۔

(۵) اس کے ذکر سے یا لکھ کر پاس رکھنے سے بصیرت اور فہم صحیح پیدا ہوتا ہے اسکا ذکر اہل حکومت کے لئے بھی مناسب ہے۔

(۶) جو فرائض کے بعد چار سو بار اسکا ورد کرے گا اسے مدد عظیم حاصل ہوگی یہ اسم اللہ تعالیٰ کے اسم الودود کے موافق ہے۔

(۷) اگر بادشاہ اسکا اسقدر ذکر کریں کہ حال طاری ہو جائے تو رعایا ان کی فرمانبرداری کرے گی۔

(۸) سالکین کی سیر علوی کے لئے اسکا ذکر مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۹۶) جل جلالہ

ترجمہ: بے مثال چیزوں کو ایجاد کرنے والا

عدد: ۸۶

خواص

(۱) جس شخص کو کوئی غم یا مصیبت یا کوئی بھی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار مرتبہ یا بدیع السموات والارض پڑھے انشاءاللہ کشائش نصیب ہوگی۔

(۲) جو شخص اس اسم کو باوضو پڑھتے ہوئے سو جائے تو جس کام کا ارادہ ہو انشاءاللہ خواب میں نظر آجائے گا۔

(۳) جو کوئی نماز عشاء کے بعد یابدیع العجائب بالخیر یابدیع بارہ سو مرتبہ بارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا انشاءاللہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہوجائے گا۔

(۴) کسی غم یا اہم حاجت کے لئے ستر ہزار مرتبہ یا بدیع السموات والارض پڑھے انشاءاللہ غم رفع ہوگا اور حاجت پوری ہوگی۔

(۵) جو اس اسم کا بکثرت ورد کرے گا اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم وحکمت عطاء کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس کی زبان سے ان علوم کو جاری فرمائے گا جن کو وہ پہلے نہ جانتا ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۹۷) الباقی جل جلالہ

ترجمہ: ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا

عدد: ۱۱۳

خواص

(۱) جو شخص اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ جمعہ کی رات میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے ضرر و نقصان سے محفوظ رکھے گا اور انشاءاللہ اس کے تمام نیک اعمال مقبول ہوں گے اور اسے غم سے خلاصی نصیب ہوگی۔

(۲) جو سورج نکلنے سے پہلے سو بار روز پڑھے گا انشاءاللہ مرتے دم تک کچھ دکھ نہ پائے گا اور عاقبت میں بخشا جائے گا۔

(۳) اگر ہفتہ کے دن دشمن کی مغلوبی کی نیت سے مداومت کی شرط پر کسی وقت باوضو بعد دو رکعت نفل سو بار پڑھے گا انشاءاللہ دشمن اس کے مطیع وفرمانبردار ہوں گے۔

(۴) جو ہر فرض نماز کے بعد ۱۱۳ بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اسے اس کے منصب سے کوئی معزول نہیں کرسکے گا خواہ اس کے خلاف جن وانس جمع ہوجائیں۔

(۵) جو ایک سو بار یا باقی پڑھتا رہے گا انشاءاللہ اس کے اعمال مقبول ہوں گے۔

(۹۸) جل جلالہ

ترجمہ: سب کے بعد موجود رہنے والا

عدد: ۷۰۷

خواص

(۱) جو شخص طلوع آفتاب کے وقت سو مرتبہ یا وارث پڑھے گا انشاء اللہ دنیا و آخرت میں ہر رنج و غم اور سختی و مصیبت سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا یہ خفیہ رازوں میں سے ہے۔

(۲) جو کوئی مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار مرتبہ پڑھے ہر طرح کی حیرانی و پریشانی سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے گا اس کے مال میں برکت ہوگی اس کے سب کام بر آئیں گے اور وہ امن میں رہے گا اور انشاء اللہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

(۹۹) جل جلالہ

ترجمہ: سب کا رہنما

عدد: ۵۱۴

خواص

(۱) جس کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر سمجھ میں نہ آئے وہ مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار بار یا رشید پڑھے تو انشاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آئے گی۔ یا دل میں اسکا القاء ہو جائے گا۔

(۲) اگر روزانہ اس اسم کا ورد رکھے تو انشاء اللہ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

(۳) جو اس اسم کو مباشرت کے وقت (پہلے) پڑھے انشاء اللہ فرزند صالح و پرہیزگار پیدا ہو۔

(۴) درست فیصلے کی طرف رہنمائی کے لئے عشاء کے بعد ایک سو بار پڑھنا مفید ہے۔

(۵) عشاء کے بعد سو بار پڑھے تو انشاء اللہ عمل قبول ہو۔

(۱۰۰) جل جلالہ

ترجمہ: بڑا بردبار

عدد: ۲۹۸

خواص

(۱) جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ انشاء اللہ ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں، حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔

(۲) جو کوئی کسی بھی طرح مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

(۳) جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے رنج دور ہو اور سرور حاصل ہوگا۔

(۴) واسطے تمام حاجات کے اس اسم کو دو سو اٹھانوے بار ہر روز پڑھے۔

(۵) جس کو درد، رنج یا مصیبت پیش آئے ۳۳ بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ اطمینان حاصل ہوگا۔

(۶) اگر آدھی رات یا دوپہر کو مداومت کرے گا دشمنوں کی زبان بندی، خوشنودی اور بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی یہ اسم دلوں کے غضب اور رنج و غم دور کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

(۷) یہ اسم اہل مجاہدات کا ورد ہے کہ اس کے ذریعے انہیں ثابت قدمی نصیب ہوتی ہے۔

مشکلات اور ان کا حل

پچھلے صفحات میں آپ نے اسماء الحسنٰی کے بعض خواص کا مطالعہ کیا ہے اب ہم ذاکرین کی سہولت کے لئے ان میں سے بعض خواص کو الگ ترتیب سے ذکر کر رہے ہیں اس ترتیب کی بدولت انشاء اللہ اپنے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے کسی بھی اسم مبارک کو ورد کے لئے منتخب کرنا آسان ہو جائے گا۔ اگلے چند صفحات میں آپ درج ذیل مشکلات و امور کے متعلق اسماء الحسنٰی کے مختلف اوراد کی تفصیل جان سکیں گے۔

(۱) نفس کی اصلاح اور گناہوں سے چھٹکارا

(۲) دل کی نورانیت اور روحانیت

(۳) اپنی بچوں کی اور گھر کی حفاظت و سلامتی

(۴) قید سے حفاظت اور خلاصی

(۵) تلاش گمشدہ

(۶) اولاد کا حصول

(۷) قوت حافظہ

(۸) روزی میں برکت

(۹) بیماریوں کا علاج

(۱۰) دشمنوں کے شر سے حفاظت

(۱۱) خوف سے نجات

(۱۲) قضاء حاجات

(۱۳) استخارہ

(۱۴) حکام کے شر سے حفاظت

(۱۵) حکام و مسؤلین کے لئے مفید اذکار

(۱۶) جمعرات کے مفید اذکار

(۱۷) جمعہ کے مفید اذکار

نفس کی اصلاح اور گناہوں سے چھٹکارا اور توبہ

(۱) یا مَلِکُ کو پڑھنے والے کا نفس اس کا مطیع رہتا ہے اور اسے عزت و حرمت حاصل ہوتی ہے۔

(۲) جو جمعہ کی نماز کے بعد سُبُّوح" قُدُّوس "روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا رہے فرشتہ صفت ہو جائے گا۔

(۳) کسی کو بے حیائی سے روکنے کے لئے اس پر دس بار المتکبر کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۴) جو یا غفّار کی مداومت کرے گا اس کے تمام گناہ بخش دیے جائیں گے اور اس کے نفس کی بری خواہشات دور ہوں گی اور جو شخص یا غفّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جمعہ کی نماز کے بعد سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور آخرت میں لطف و مغفرت کا امیدوار گردانے گا اور جو شخص نماز عصر کے بعد روزانہ یا غفّار اِغْفِرْلِیْ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو انشاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا اور جو جمعہ کے بعد سو بار پڑھے گا تو اس پر مغفرت کے آثار پیدا ہوں گے۔

(۵) جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے یا قہّارُ پڑھے تو انشاء اللہ دنیا کی محبت جاتی رہے گی اور اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اس کا خاتمہ بالخیر ہو گا۔

(۶) جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد ا کتہر (۷۱) مرتبہ الفتّاحُ پڑھے گا تو اسکا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور حق کے راستے کا حجاب اس سے ہٹا لیا جائے گا۔

(۷) جو نفس امّارہ کے ہاتھ گرفتار ہو وہ کثرت سے اَلْخَبِیْرُ کا ورد کرے انشاء اللہ

نجات پائے گا۔

(۸) جو شخص اَلشَّهِيْدُ کے ورد پر پابندی رکھے گا اسے انشاءاللہ گناہوں سے پرہیزگاری نصیب ہوگی۔

(۹) جو روزانہ ہزار بار اَلْحَقُّ کا ورد کرے اس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اسکی طبیعت کی اصلاح ہو جائے گی۔

(۱۰) جو برے کاموں سے نہ بچ سکے دس بار اَلْوَكِيْلُ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے اور لکھ کر پانی پئے انشاءاللہ برے کام سے نجات ہوگی۔

(۱۱) جو کوئی فاسق و فاجر لڑکے یا لڑکی پر دس بار اَلْقَوِيُّ الْمَتِيْنُ پڑھے گا تو اس کی اصلاح ہو جائے گی وہ غلطی سے باز رہے گا۔

(۱۲) جو شخص ۴۵ دن تک متواتر ۹۳ مرتبہ تنہائی میں يَا حَمِيْدُ پڑھا کرے گا اس کی تمام بری خصلتیں اور عادتیں انشاءاللہ دور ہو جائیں گی اور جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا پسندیدہ افعال ہوگا اور جو فحش اور بری باتیں کرنے کا عادی ہو اور اس سے نہ بچ سکے وہ پیالہ پر اَلْحَمِيْدُ لکھے پھر نوے بار پڑھ کر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ میں پانی پیا کرے انشاءاللہ فحش گوئی سے امان میں رہے گا۔

(۱۳) جو کوئی اَلْمُحْصِيْ کو بکثرت پڑھا کرے انشاءاللہ گناہوں سے بچا رہے۔

(۱۴) جو کوئی اَلْمُمِيْتُ کو اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے پھر اگر وہ اپنے نفس امارہ کی ہلاکت (اصلاح) کی دعا کرے تو انشاءاللہ قبول ہوگی اور جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کا نفس انشاءاللہ مغلوب ہو جائے گا۔ جس کو اسراف کی عادت ہو یا اس کا نفس عبادت پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھے اس کا طریقہ یہ ہے کہ سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر یہی اسم پڑھتے پڑھتے سو جائے تو انشاءاللہ اس کا نفس مطیع ہوگا۔

(۱۵) جو شخص کثرت سے اَلْمُؤَخِّرُ کا ورد رکھے گا اسے انشاءاللہ سچی توبہ نصیب ہوگی اور جو شخص اکتالیس بار پڑھے گا اس کا نفس انشاءاللہ مطیع ہوگا۔

(۱۶) جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اَلْآخِرُ پڑھا کرے انشاءاللہ ساری عمر کی

کوتاہیوں کا کفارہ ہو جائے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا اور نیک اعمال سرزد ہوں گے اور جس کی عمر آخر کو پہنچ گئی ہو اور نیک اعمال نہ رکھتا اس عمل کا ورد کرے حق تعالیٰ اس کی عاقبت انشاءاللہ بالخیر کرے گا۔

(۱۷) جو بدفعل عورت ایام کی حالت میں اَلْمُتَعَالِيْ کو بہت پڑھے گی تو وہ بدفعلی سے نجات پائے گی۔

(۱۸) جو کوئی شراب خوری یا زنا کاری جیسی بیماریوں میں گرفتار ہو وہ سات بار اَلْبَرُّ روزانہ پڑھے انشاءاللہ اس کا دل گناہوں سے ہٹ جائے گا۔ گناہ کبیرہ کا مرتکب اگر سات سو بار پڑھے تو انشاءاللہ گناہوں سے توبہ کی توفیق پائے۔

(۱۹) جو کوئی نماز چاشت کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ اَلتَّوَّابُ کو پڑھا کرے گا انشاءاللہ اسے سچی توبہ نصیب ہوگی اور جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھے گا انشاءاللہ اسکے تمام کام آسان ہوں گے اور نفس کو اطاعت میں خوشی ہوگی اور جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ پڑھے اس کے گناہ انشاءاللہ بخشے جائیں گے اور جو کوئی اس اسم کو لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر شراب کے عادی کو پلائے تو اس کی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ انشاءاللہ تائب ہو جائے گا۔

(۲۰) جو شخص کثرت سے اَلْعَفُوُّ پڑھا کرے انشاءاللہ اس کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا اور اچھے اعمال اس کے ہاں محبوب ہو جائیں گے۔

(۲۱) جو کوئی روزانہ اَلْمُقْسِطُ کو پڑھا کرے وہ انشاءاللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا اور جو اسے لکھ کر کھالیا کرے شر شیطان سے بچ جائے گا جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے گا شیطان کے شر اور وسوسوں سے نڈر ہوگا اس اسم کی کثرت عبادات میں وسوسے کا بہترین علاج ہے۔

دل کی نورانیت اور روحانیت (نور باطن)

(۱) جو شخص ایک ہزار مرتبہ یا اللہ یاھُو پڑھے گا اس کے دل میں ایمان اور معرفت کو مضبوط کر دیا جائے گا۔ ہر نماز کے بعد سو بار اسم اَللّٰہ کو وظیفہ کرنے والا صاحب باطن و صاحب کشف ہو جاتا ہے۔

(۲) ہر نماز کے بعد سو بار "اَلرَّحمٰن" پڑھنے سے قلب کی غفلت اور نسیان دور ہو جاتا ہے۔

(۳) جو شخص زوال کے وقت ایک سو بیس بار یَا مَلِکُ پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو صفائی قلب اور غناء عطا فرماتا ہے خواہ غناء ظاہری ہو یا غناء باطنی۔

(۴) جو کوئی ہر روز زوال کے نزدیک سو بار اَلْقُدُّوْسُ پڑھے گا اس کا دل صاف ہو جائے گا اور جو زوال کے بعد ایک سو ستر بار پڑھے گا اس کا دل منور ہوگا اور روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔

(۵) جو کوئی غسل کرے پھر خلوت میں نماز پڑھے اور سو بار اَلْمُهَيْمِنُ پڑھے اس کے دل میں نور پیدا ہوگا۔

(۶) جو کوئی نماز جمعہ سے پہلے یا بعد سو مرتبہ یَا بَصِیْرُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ پر انشاء اللہ روشنی اور دل میں نور پیدا فرما دے گا اور اسے صالح اقوال و افعال کی توفیق عطاء فرمائے گا۔

(۷) جو کوئی یَا حَکِیْمُ کو پڑھے حلیم الطبع ہو جائے اور صبر و سکون اس کے دل میں آجائے۔

(۸) جو کوئی اَلْغَفُوْرُ کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اس کے دل کی سیاہی گھٹے گی اور جو سجدہ کر کے اس میں تین بار رَبِّ اغْفِرْلِیْ پڑھے گا اللہ جل شانہ اس کے

اگلے پچھلے گناہ بخش دے گا۔

(۹) جو کوئی روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ یَا بَاعِثُ پڑھا کرے انشاء اللہ اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔ اور جو سو بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے اس سے انشاء اللہ نیکیاں سرزد ہوں گی اور برائیوں سے بچا رہے گا اور جو اس کا بکثرت ورد رکھے گا خوف الٰہی اس پر غالب رہے گا۔

(۱۰) جو ایک ہزار بار اَلْمُحْیِ پڑھنے کا معمول بنائے گا اس کا دل زندہ ہو جائے گا اور بدن میں تقویت پیدا ہوگی اور جو اس کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اس کا دل منور ہوگا۔

(۱۱) اگر کوئی چاہے کہ اسکا دل زندہ ہو جائے اور کبھی نہ مرے تو ہر دن چالیس بار پڑھا کرے

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

جو اکتالیس بار روز یہ دعاء پڑھے گا انشاء اللہ اسکا مردہ دل زندہ ہو جائے گا۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَالَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ
قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا

(۱۲) جو شخص کھانا کھاتے وقت یَا وَاجِدُ کا ورد رکھے غذا اس کے قلب کی طاقت و قوت اور نورانیت کا باعث ہوگی انشاء اللہ اور جو اس کو بہت پڑھے گا اس کا دل انشاء اللہ غنی ہوگا۔

(۱۳) جو تنہائی میں اَلْمَاجِدُ اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو انشاء اللہ اسکے قلب پر انوار الٰہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔

(۱۴) جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اَلْآخِرُ پڑھا کرے اس کے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہو جائے گی۔

(۱۵) جو شخص نماز اشراق کے بعد پانچ سو مرتبہ اَلظَّاهِرُ کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطاء فرمائے گا انشاء اللہ جو جمعہ کے دن پانچ سو بار پڑھے گا اس کا باطن پر نور ہوگا۔

(۱۶) جو شخص روزانہ تینتیس (۳۳) مرتبہ یَا بَاطِنُ پڑھا کرے گا انشاء اللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اور اس کے قلب میں انس ومحبت الٰہی پیدا ہوگی اور جو کوئی اس اسم کو اکتالیس بار پڑھے انشاء اللہ اسکا قلب نورانی ہوگا۔

(۱۷) جو گیارہ سو مرتبہ روزانہ اَلْمُغْنِیُ پڑھا کرے اسے صفائی قلب حاصل ہو گی۔

(۱۸) جو شخص شب جمعہ میں سات بار سورہ نور اور ایک ہزار بار اَلنُّوْرُ پڑھا کرے انشاء اللہ اس کا دل انوار الٰہی سے منور ہو جائے گا اور جو کوئی صبح کے وقت اس کے ذکر کو لازم پکڑے گا اسکا دل روشن ہوگا جو کوئی اندھیرے کمرے میں آنکھیں بند کرکے اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ حال طاری ہو جائے اس کا دل نور سے بھر جائے گا۔

اپنی، بچوں کی اور گھر کی حفاظت وسلامتی

(۱) ہر فرض کے بعد چدرہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ یَا سَلَامُ سَلِّمْ، پڑھنا ہر طرح کی سلامتی کے لئے مفید ہے۔

(۲) یَا رَحْمٰنُ کو کثرت سے پڑھنے والا ہر امر مکروہ سے محفوظ رہتا ہے۔

(۳) جو شخص اَلْمُؤمِنُ کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا اور جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھتیس مرتبہ پڑھا کرے گا وہ جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) جو اَلْمُھَیْمِنُ کا ورد ہمیشہ کرتا رہے گا تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

(۵) جو کوئی اَلْجَبَّارُ کو ہمیشہ پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی ہر ظالم و جابر سے حفاظت فرماتا ہے اور اس اسم کے ساتھ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ملا کر پڑھنا بھی حفاظت کے لئے بہت مفید ہے۔

(۶) جو سات روز تک متواتر سو بار اَلْخَالِقُ پڑھے وہ تمام آفات سے سالم رہے۔

(۷) جو ان الفاظ میں دعاء کرے گا انشاء اللہ عذاب سے نجات پائے گا۔

اَللّٰھُمَّ یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ ذَاالْعَرْشِ یُلْقِی الرُّوْحَ عَلٰی مَنْ یَّشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ غَافِرَ الذَّنْبِ قَابِلَ التَّوْبِ شَدِیْدَ الْعِقَابِ ذَاالطَّوْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

(۸) جو شخص بکثرت یَا حَفِیْظُ کا ورد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ ہر طرح کے خوف وخطر اور نقصان وضرر سے محفوظ رہے گا۔ یہ اسم مبارک خوفناک سفر میں حفاظت کیلئے بے حد مفید اور سریع الاثر ہے حتیٰ کہ اگر اسے پڑھ کر درندوں کے درمیان سو جائے گا تو انشاء اللہ وہ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اس کے

ذکر کے بعد تین بار یہ دعاء پڑھے یَاحَفِیْظُ اِحْفَظْنِیْ اس کو پڑھنے اور لکھ کر رکھنے والا ڈوبنے، جلنے، دیو، پری اور بدنظر سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

(۹) اَلرَّقِیْبُ کا ذکر کثرت سے کرنے سے مال وعیال محفوظ رہتے ہیں۔ سفر میں جاتے وقت اپنے اہل واولاد میں سے جس پر کوئی خطرہ یا فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھے انشاء اللہ وہ مامون رہے گا اور اگر سات بار یا ستر بار اپنی بیوی یا فرزند یا مال پر پڑھ کر دم کرے جنات اور تمام دشمنوں اور آفتوں سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گے اور ان کا رعب بھی بڑھ جائے گا۔

جو کوئی اپنا مال اسباب گاڑی وغیرہ کہیں چھوڑتے وقت اس اسم کو پڑھ لے تو انشاء اللہ چوری سے حفاظت رہے گی مجرب ہے۔

(۱۰) جو کوئی اپنا یا کسی اور کا گھر ہر بلا اور بربادی سے بچانا چاہے تین سو بار اَلْوَالِیُ پڑھے انشاء اللہ وہ گھر محفوظ رہے گا۔ بالکل نئے اور کورے آبخورے پر اگر لکھ کر یا پڑھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کے در ودیوار پر چھڑکے تو وہ گھر انشاء اللہ بارش اور دیگر آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۱۱) جو کوئی ایک سانس میں سات مرتبہ اپنے لڑکے پر اَلْبَرُّ پڑھ کر اسے اللہ کے سپرد کر دے گا وہ بچہ انشاء اللہ بلوغ تک تمام آفات سے محفوظ رہے گا اور جو اپنے بچے کے سر کے درمیان پر پندرہ بار پڑھ کر یہ دعاء پڑھے اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَۃِ ھٰذَا الْاِسْمِ رَبِّہٖ لَا یَتِیْمًا وَّلَا لَئِیْمًا تو انشاء اللہ یہ دعاء قبول ہوگی اور بچہ نہ یتیم ہوگا اور نہ لئیم۔

قید سے حفاظت اور خلاصی

(۱) جو شخص یہ اسم (اَلرَّزَّاقُ) ایک سو بار قیدی کے لئے پڑھے گا اسے خلاصی ملے گی۔

(۲) جو کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو وہ اَلْخَبِیْرُ کو بکثرت پڑھے انشاء اللہ خلاصی نصیب ہوگی۔

(۳) اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ بار اَلْحَقُّ پڑھے تو انشاء اللہ قید سے خلاصی نصیب ہوگی۔

(۴) جو شخص ۸۹ بار اَلْمُحْیِیْ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے وہ ہر طرح کے قید وبند سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور جس کو کسی سے جدائی کا اندیشہ ہو یا قید کا خوف ہو اس کو بکثرت پڑھے۔

(۵) جو کوئی سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ کے ایک سو پندرہ یا ایک سو پچیس مرتبہ اَلصَّمَدُ پڑھے انشاء اللہ کسی ظالم کے ہاتھ گرفتار نہ ہوگا اور کوئی دشمن اس پر فتح نہ پائے گا۔

(۶) جو کسی مظلوم کو ظالم کے ہاتھ سے چھڑانا چاہے یَارَؤُفُ دس بار پڑھے وہ ظالم اس کی شفاعت قبول کرے گا۔

(۷) اگر وضو کے وقت ہر عضو کو دھوتے وقت اسم اَلْقَادِرُ پڑھتا جائے کسی ظالم کے ہاتھ گرفتار نہ ہوگا۔

تلاش گمشدہ

(۱) جس کا مال یا بیٹا گم ہو گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار اَلْخَالِقُ کا ورد کرے تو وہ گمشدہ واپس آ جائے گا۔

(۲) اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو بکثرت اَلرَّقِیْبُ کا ورد کرنے سے انشاء اللہ واپس مل جاتی ہے۔

(۳) اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک چوکور کاغذ لے کر ہر کونے پر اس اسم (اَلْحَقُّ) کو لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر کاغذ کو رکھ کر آسمان کے نیچے کھڑا ہو جائے اور ایک سو ننانوے بار پڑھے انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

(۴) جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو وہ اَلْمُبْدِئُ کو پڑھے انشاء اللہ مال مل جائے گا۔

(۵) گمشدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے جب گھر کے تمام افراد سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں ستر ستر بار یا مُعِیْدُ پڑھے انشاء اللہ سات روز میں واپس آ جائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

(۶) اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ ضَالَّتِیْ پڑھا کرے وہ چیز انشاء اللہ مل جائے گی اور اپنے بچھڑے ہوئے اقارب سے ملنے کے لئے اَلْجَامِعُ ایک سو چودہ بار کھلے آسمان کے نیچے پڑھنا مفید ہے۔

اولاد کا حصول

(۱) جو کوئی اپنے حلال بستر میں داخل ہونے سے پہلے دس بار اَلْمُتَکَبِّرُ پڑھے جل شانہ اسے پرہیزگار اور نیک فرزند عطاء فرمائے گا۔

(۲) جو ایک ہزار بار اَلْخَالِقُ پڑھا کرے اسے اولاد نرینہ عطاء ہو گی۔

(۳) اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس مرتبہ اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے تو انشاء اللہ اولاد نرینہ نصیب ہو۔

(۴) جو سات دن تک روزے رکھے اور افطار سے پہلے اور غروب کے بعد اکیس بار اَلْمُصَوِّرُ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی بانجھ عورت کو پلائے تو انشاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا اور جو شخص اپنے بستر پر آ کر سات بار یہ اسم پڑھ کر ہمبستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطاء فرمائے گا۔

(۵) جس کی بیوی کو حمل ہو اور وہ اسقاط حمل سے ڈرتا ہو سحر کے وقت نوے بار اَلْمُبْدِئُ پڑھ کر شہادت کی انگلی بیوی کے پیٹ کے گرد یا شکم پر پھرا دے حمل انشاء اللہ ساقط نہ ہو گا۔

(۶) جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ اَلْوَاجِدُ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہو گی۔ اَلْوَاحِدُ اَلْاَحَدُ۔ اولاد نرینہ کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

(۷) جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس مرتبہ روزانہ اَلْاَوَّلُ پڑھا کرے انشاء اللہ مراد پوری ہو گی۔

(۸) جو شخص بیوی سے جماع کرتے وقت اَلنَّافِعُ (پہلے) پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اولاد صالح نصیب ہو گی۔

(۹) جو مباشرت سے پہلے اَلرَّشِیْدُ پڑھے انشاء اللہ فرزند صالح و پرہیزگار پیدا ہو گا۔

قوت حافظہ

(۱) جو شخص نہار منہ اَلرَّزَّاقُ کو بیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اسے ایسا ذہن عطاء فرماتے ہیں جو باریکیوں اور مشکلوں کو سمجھ سکتا ہے۔

(۲) اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر اَلْفَتَّاحُ لکھ کر زبان سے چاٹے ذہن تیز ہو جائے۔

(۳) جو شخص کثرت سے یَا عَلِیْمُ کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر انشاء اللہ علم و معرفت کے دروازے کھول دے گا اور جو کچھ اللہ سے مانگے گا جلد ملے گا اور حافظہ قوی ہوگا۔

(۴) اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں اَلْقَوِیُّ پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا

(۵) جو اَلْقَیُّوْمُ کو ہر روز تنہائی میں سترہ بار پڑھے گا انشاء اللہ کند ذہنی کے مرض سے نجات پائے گا اور اسکا حافظہ قوی اور دل منور ہوگا۔

(۸) ہر نماز کے بعد سو بار اَلرَّحْمٰنُ پڑھنے سے نسیان دور ہوتا ہے۔

روزی میں برکت

(۱) جو روزانہ نوے بار اَلْمَلِکُ پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ مالدار ہو جائے گا اور جو فجر کے بعد ایک سو بیس بار پڑھنے کا معمول بنائے اللہ اسے اپنی عنایات کے ذریعے غنی فرمائیں گے۔

(۲) جو شخص جمعہ کے بعد سو بار یَا غَفَّارُ پڑھے گا اس کی تنگی دفع ہوگی اور بے گمان زرق ملے گا۔

(۳) جو اشراق کی نماز کے بعد سجدہ کر کے سات بار یَا قَهَّارُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دیں گے۔

(۴) جو عشاء کی نماز کے بعد چودہ سو چودہ مرتبہ اَلْوَهَّابُ پڑھے اسے رزق کی فراخی نصیب ہوگی اور جو کوئی فقر و فاقہ سے پریشان ہو اگر وہ اس اسم پر مداومت کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ایسی راحت عطاء فرمائے گا کہ حیران رہ جائے گا اور جو کوئی رزق میں فراخی چاہتا ہو چاشت کے وقت چار رکعت پڑھے پھر سلام کے بعد سجدے میں جا کر اَلْوَهَّابُ ایک سو چار بار اگر فرصت نہ ہو تو پچاس بار پڑھے مالدار ہو جائے گا اور جو عشاء کے بعد ساڑھے گیارہ سو بار پڑھے مقروض نہ رہے گا اور جو شخص فقر و فاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس بار پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے فقر و فاقہ سے حیرت انگیز طریقہ پر نجات دیں گے ہر چیز میں برکت کیلئے اس اسم کو اَلْكَرِیْمُ ذِی الطَّوْلِ کے ساتھ اور اَلْكَافِیْ کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

(۵) جو شخص اپنے مکان کے کونوں میں نماز فجر سے پہلے دس دس مرتبہ اَلرَّزَّاقُ پڑھ کر دم کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کھول دے گا بیماری اور

مفلسی اس کے گھر کبھی نہ آئے گی۔ پڑھنے کا آغاز داھنے کونے سے کرے اور منہ قبلہ کی طرف رکھے جو فجر کے فرض وسنت کے درمیان اکتالیس دن تک ساڑھے پانچ سو مرتبہ روز پڑھے گا دولت مند ہوگا۔ اس میں فجر کی نماز باجماعت پڑھنا اور اسم مبارک کے اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا شرط ہے۔ اور جو شخص عشاء کی نماز کے بعد ننگا سر کرکے "یَا رَزَّاقُ تَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ یَا رَزَّاق"۔ گیارہ بار اول وآخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار روز پڑھے گا فتوح رزق پائے گا اور جو اسکو پانچ سو پینتالیس بار روز پڑھے گا اس کا رزق کشادہ ہوگا اور دشواری اور درماندگی نہ آئے گی۔ جو ہر نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنائے گا غیب سے روزی پائے گا۔

(۶) جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد اکہتر (۷۱) بار اَلْفَتَّاحُ پڑھے گا تو اس کا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور اس کے رزق میں برکت عطاء کی جائے گی۔

(۷) جو چاشت کی نماز کے بعد دس بار اَلْبَاسِطُ پڑھے گا اسے ہر معاملہ میں کشادگی نصیب ہوگیا اور انشاء اللہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا اور جو دس بار آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر پڑھے اور پھر اپنے ہاتھ چہرے پر پھیرے تو اس کے لئے غناء کا ایک دروازہ کھول دیا جائے گا اور جو کوئی سحر کے وقت آنکھیں بند کر کے گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیرے۔ اور پھر آنکھیں کھول کر ہاتھوں کو دیکھے اس دن بھوکا نہ رہے گا مگر پھر بہتر (۷۲) بار پڑھ کر یہ دعاء مانگے۔ "اَللّٰھُم زِدْنَا زِدْ وَلَا تَنقُصْ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ" اور جو اس اسم کو ہر روز پڑھا کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ غیب سے روزی پائے گا جو کوئی تین رات میں سوا لاکھ بار یَا بَاسِطُ ختم کرے اور اول وآخر سو بار درود شریف پڑھے اسے انشاء اللہ غیب سے روزی ملے گی تین راتوں کے بعد روزانہ سو بار پڑھ لیا کریں جو کوئی اس اسم کو رات کے آخری حصے میں ہاتھ اٹھا کر دس بار کہے تو اسکو ایسی جگہ سے نفع ہو جس کی امید نہ ہو۔

(۸) جو کوئی ہر نماز کے بعد اَلْعَدْلُ پڑھے گا غیب سے روزی پائے گا اور اس کو نیک عمل کی توفیق ہوگی۔

(۹) جو شخص ۱۳۳ مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھا کرے انشاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگیا اور جو اس اسم کو روزانہ ایک سو بہتر بار پڑھے اسکو اسباب معیشت نصیب ہوں گے۔ امراض سے صحت کے لئے ہر روز تحیۃ الوضوء کے بعد سو بار پڑھنا مفید ہے۔

(۱۰) جو کوئی اَلْحَلِیْمُ کو کاغذ پر لکھ کر پھر اس کو دھوئے اور پانی اپنی کھیتی پر چھڑک دے انشاء اللہ زراعت کی ہر آفت سے حفاظت رہے گی اور کمال کو پہنچے گی اور اس میں برکت ہوگی۔

(۱۱) جو اَلْغَفُوْرُ کو بکثرت پڑھے گا اس کے مال واولاد میں برکت ہوگی اور جو کوئی مفلس ہو اس اسم کو اکیس بار پڑھے انشاء اللہ غنی ہو جائے گا۔

(۱۲) اگر فقیر اَلْعَلِیُّ کو ایک سو دس بار پڑھے تو غنی ہو جائے اور دنیا میں عزت پائے اور اگر لکھ کر باندھ لے تو محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔

(۱۳) جس کسی شہر یا گاؤں میں جا کر غیب سے رزق چاہے مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ قبلہ کو ہاتھ کر کے پڑھے انشاء اللہ غیب سے روزی پائے گا۔

(۱۴) جو ہر روز سات بار اَلْمُقِیْتُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے گا انشاء اللہ غیب سے روزی پائے گا اور کبھی بھوکا نہ رہے گا۔ جو کسی کو غریب دیکھے یا خود اس کو غریبی پیش آئے تو سات بار خالی آبخورے پر پڑھ کر دم کرے اور اس میں پانی ڈال کر خود پئے یا دوسرے کو پلائے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

(۱۵) جو شخص روزانہ سوتے وقت یَا کَرِیْمُ پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے اللہ تعالی اس کو غیب سے روزی عطاء فرمائیں گے اور جو شخص اَلْکَرِیْمُ ذُو الطَّوْلِ الْوَهَّابُ کو کثرت سے پڑھے اسکے اسباب واحوال میں برکت ظاہر ہوگی۔

(۱۶) جو اَلْوَاسِعُ کا بکثرت ذکر کرے گا اسے غناء ظاہری اور باطنی نصیب ہوگا۔ نیز اسے عزت، حوصلہ، بردباری، وسعت قلبی اور دل کی صفائی نصیب ہوگی اور اللہ

تعالٰی اس کے لئے معاملات میں کشادگی پیدا فرمائے گا اور جو اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنائے اسے انشاء اللہ روزی ملے گی اور مفلس نہیں ہوگا اور جو کشائش کے واسطے جتنا ورد بڑھائے گا اتنا مالدار ہو جائے گا

(۱۷) جو روزانہ ایک سو بار لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھے گا اللہ تعالٰی اسے فقر سے غناء عطاء فرمائیں گے

(۱۸) جس کا رزق تنگ ہو وہ ہزار بار اَلْقَوِیُّ پڑھے اور اس کے ساتھ اس آیت کا ورد کرے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یرزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ انشاء اللہ اس کے ساتھ لطف و کرم کا معاملہ ہوگا اور خیر کا دروازہ اسکے لئے کھول دیا جائے گا۔

(۱۹) جو تنہائی میں بکثرت اَلْوَاجِدُ کا ورد کرے مالدار ہوگا۔

(۲۰) جو شخص یَامَالِکَ الْمُلْکَ کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالٰی اس کو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرما دے گا اور انشاء اللہ وہ کسی کا محتاج نہیں رہے گا اور جو یَامَالِکَ الْمُلْکِ وَیَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بہت پڑھے گا اگر فقیر ہوگا تو غنی ہو جائے گا۔

(۲۱) جو شخص ستر بار روزانہ یَاغَنِیُّ پڑھا کرے اللہ تعالٰی اس کے مال میں برکت عطاء فرمائے گا اور انشاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھا کرے انشاء اللہ محتاج نہ ہو مالدار ہو جائے اور جو اس کو اپنے پاس رکھے مفلس نہ ہو جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے برکت ہوگی جو کوئی جمعرات کے دن ہزار بار پڑھے گا انشاء اللہ دولت پائے گا۔ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ۷۰ بار پابندی سے یہ دعا پڑھے گا اللہ تعالٰی اسے غنی فرما دے گا۔

اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِیُٔ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ " لِمَایُرِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

(۲۲) جو شخص اول و آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو مرتبہ وظیفہ کی طرح اَلْمُغْنِیُ پڑھے تو اللہ تعالٰی اس کو ظاہری و باطنی غناء عطاء فرمائے گا یہ

عمل فجر یا عشاء کی نماز کے بعد کرے اور اسکے ساتھ سورہ مزمل بھی تلاوت کرے اور جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار دو سو ستر بار ہر روز بلا ناغہ پڑھا کرے گا انشاء اللہ غنی ہو جائے گا اور جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی محتاج نہ ہو اور جو مفلس ہو فجر کے وقت فرض و سنت کے درمیان دو سو بار اور ظہر، عصر اور مغرب کے بعد دو سو بار اور عشاء کے بعد تین سو بار اَلْمُغْنِیُ پڑھے انشاء اللہ غنی ہوگا او جو روزی میں وسعت کیلئے گیارہ سو مرتبہ یَا مُغْنِیُ اور باتسمیہ گیارہ سو بار لَاحَوْلَ اور بے تسمیہ سو بار درود شریف اور دو دفعہ سورہ مزمل پڑھا کرے انشاء اللہ از حد نفع پائے گا اور جو روزانہ گیارہ سو اکیس بار یہ اسم پڑھتا رہے انشاء اللہ اس کا ہاتھ کبھی محتاج نہیں ہوگا۔

(۲۳) جو کوئی اَلْوَارِثُ کو کثرت سے پڑھتا رہے گا اس کے مال میں برکت ہوگی۔

(۲۴) اگر روزانہ اس اسم (اَلرَّشِیْدُ) کا ورد رکھے تو انشاء اللہ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

بیماریوں کا علاج

(۱) جس مریض کے علاج سے اطباء عاجز آ گئے ہوں اس پر اگر اسم ذات ''اللہ'' پڑھا جائے تو اچھا ہو جائے گا بشرطیکہ موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

اسم ذات ''اللہ'' کو ۶۶ بار لکھ کر دھو کر مریض کو پلائیں اللہ تعالیٰ شفاء عطاء فرماتا ہے خواہ مرض آسیب کیوں نہ ہو۔ آسیب زدہ کے لئے کسی برتن میں اسم اللہ اس برتن کی گنجائش کی تعداد لکھ کر آسیب زدہ پر چھڑکیں تو اس پر مسلط شیطان جل جاتا ہے۔

(۲) اَلرَّحْمٰنُ کو لکھ کر اور دھو کر پلانے سے گرم بخار سے شفاء نصیب ہوتی ہے۔

(۳) جو رات کے آخری حصے میں ایک ہزار بار اَلْقُدُّوْسُ پڑھے تو بیماری اور بلا اس کے جسم سے دور ہو جاتی ہے

(۴) جو ایک سو اکتیس بار یا ایک سو ساٹھ بار یَا سَلَامُ پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو بیمار صحت پائے گا اور بیمار یا خائف اگر ایک سو گیارہ بار پڑھ کر دم کرے بیماری اور خوف سے محفوظ رہے اور جو ایک سو اکتیس بار یہ اسم اور سَلام'' قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم کسی مریض پر پڑھے اگر اس کی موت کا وقت نہ آیا ہو تو اسے شفاء مل جائے گی یا کم از کم مرض میں تخفیف ہو جائے گی اور اگر مریض کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ اسم ایک سو چھتیس بار بلند آواز سے پڑھے کہ مریض سن لے انشاء اللہ اس کو شفاء ہوگی اور جو کوئی ۱۱۰ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو صحت و شفاء عطاء فرمائے گا۔

(۵) جو کوئی ۱۱۵ بار اَلْمُؤْمِنُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا انشاء اللہ تندرستی پائے گا۔

(۶) اگر طبیب اَلْبَارِئُ کو ہمیشہ پابندی سے پڑھے تو اسکے ہاتھ میں شفاء ہوگی اور

جو شخص سات دن تک روزانہ سو بار پڑھے گا اسے اللہ امراض سے شفا اور آفات سے سلامتی عطاء فرمائے گا۔

(۷) جو شخص اَلرَّزَّاقُ ایک سو مرتبہ بیمار کیلئے پڑھے گا اسے شفاء ملے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۸) جو کوئی اَلْقَابِضُ کو چالیس دن تک ہر روز چار یا چالیس نوالوں پر لکھ کر کھالیا کرے وہ انشاء اللہ زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

(۹) جو شخص کثرت سے یَا سَمِیْعُ کا ورد کرے کم سننے کے مرض سے انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

(۱۰) جو کوئی کثرت سے یَا بَصِیْرُ کا ورد کرے گا آنکھوں کے امراض سے محفوظ رہے گا اس کے لئے ان الفاظ میں دعا مفید ہے

اَللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْھُمَا الْوَارِثَ مِنِّیْ

(۱۱) بیماری سے شفاء کیلئے اَللَّطِیْفُ کے ساتھ آیت شفاء پڑھ لی جائے تو فائدہ ہو گا۔

(۱۲) اَلْعَظِیْمُ کا کثرت سے ذکر کرنے سے ہر مرض سے شفاء ملتی ہے۔ جو سات دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پی لے انشاء اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

(۱۳) تپ یا سر درد کا مریض یا غمگین آدمی اگر اسم اَلْغَفُوْرُ کو کاغذ پر لکھ کر روٹی پر اسکا نقش جذب کر کے کھالے حق تعالیٰ شانہ اس کو شفاء و خلاصی بخشے گا۔ تین بار لکھ کر بخار والے شخص کو دے دیا جائے تو انشاء اللہ بخار دور ہو جائے گا۔ تین کاغذوں پر یَا غَفُوْرُ اس طرح لکھا جائے کہ ہر کاغذ پر تین سطریں ہوں اور ہر سطر میں دو بار یَا غَفُوْرُ لکھا ہو یہ کاغذ ایسا شخص جو بیمار ہو اور اس کے سر میں درد ہو نگل لے تو انشاء اللہ اسے شفاء نصیب ہو جائے گی۔ جو شخص نزع کی حالت میں ہو اسے سید الاستغفار لکھ کر پلایا جائے انشاء اللہ اسکی تکلیف آسان ہوگی۔

(۱۴) جو کوئی اَلشَّکُوْرُ اکتالیس بار پانی پر پڑھے اور وہ پانی اپنی آنکھوں پر

چھٹر کے اور رات کو وہ پانی پیے تو انشاء اللہ اس کے بدن اور دل کو شفاء ملے گی اور اسکی نظر تیز ہو جائے گی اور جس کو ضیق النفس (دمہ) یا تکان یا گرانی اعضاء ہو اسکو لکھ کر بدن پر پھیر لے اور پی لے تو نفع ہو اور اگر کمزور نظر والا اپنی آنکھ پر پھیرے نگاہ میں انشاء اللہ ترقی ہوگی اور جس شخص کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی ہو وہ اس اسم کو اکتالیس بار ہر روز پڑھ لیا کرے اور لعاب دھن اپنی آنکھوں پر لگا دے اور پانی پر دم کر کے پیے انشاء اللہ روشنی برقرار ہو جائے گی۔

(۱۵) جو شخص ورم یعنی سوجن پر تین بار اَلْعَلِیُّ پڑھ کر پھونکے گا انشاء اللہ صحت پائے گا۔

(۱۶) جو شخص نو دفعہ کسی بیمار پر اَلْکَبِیْرُ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ بیمار تندرست ہو۔

(۱۷) جو کسی بیمار پر چالیس ہفتہ تک ستر ستر بار اَلْحَفِیْظُ روز پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

(۱۸) جس کی آنکھ سرخ ہو اور درد کرتی ہو وہ دس بار اَلْمُقِیْتُ پڑھ کر دم کرے۔

(۱۹) جو کوئی پھوڑے پھنسی پر تین بار اَلرَّقِیْبُ پڑھ کر پھونک دے انشاء شفاء حاصل ہوگی۔

(۲۰) اگر اسقاط حمل کا خطرہ ہو تو حاملہ عورت پر سات مرتبہ اَلرَّقِیْبُ پڑھنا مفید ہے۔

(۲۱) جو کوئی دردسر کے لئے تین بار اَلْمُجِیْبُ پڑھا کرے گا انشاء اللہ دردسر دور ہوگا۔

(۲۲) جس کو بچھو کاٹ لے وہ ستر بار اَلْوَاسِعُ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔

(۲۳) جو کوئی کسی موذی مرض مثلاً برص، آتشک، جذام وغیرہ میں گرفتار ہو وہ چاند کی ۱۳،۱۴،۱۵ تاریخ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد بکثرت اس اسم اَلْمَجِیْدُ کو پڑھا کرے اور پانی پر دم کر کے پیے انشاء اللہ وہ مرض دور ہو جائے گا اور بیس دن تک روزے رکھ کر افطار کرتے وقت ستاون مرتبہ اَلْمَجِیْدُ پڑھنا موذی امراض

کے لئے مفید ہے اور جو گرمیوں میں اس اسم کو پڑھے گا تشنگی سے مامون رہے گا۔

(۲۴) جس عورت کا دودھ نہ آتا ہو اس کو کاغذ پر اَلْمَتِیْنُ لکھ کر پلائیں انشاء اللہ خوب دودھ ہوگا۔

(۲۵) اگر گونگا آدمی اَلْمَجِیْدُ لکھ کر گھول کر پیئے زبان سے صاف باتیں کرے اور جو سورہ فاتحہ کے بعد یہ اسم لکھ کر کسی مریض کو پلا دے انشاء اللہ سے شفاء ملے گی۔

(۲۶) جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت اَلْمُحْیِیْ کا ورد کرے یا کسی دوسرے بیمار پر دم کرے تو انشاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا اور جو کوئی درد یا ریح یا کسی عضو کے ضائع ہونے سے خائف ہو اس اسم اَلْمُحْیِیْ کو سات بار پڑھ کر دم کرے تندرست ہو جائے گا اور جو ہفت اندام کے درد کو دور کرنے کیلئے سات روز تک سات سات بار پڑھ کر دم کرے گا تندرست ہو جائے گا۔

(۲۷) جو کوئی سانپ کے کاٹے پر ایک سو ایک بار اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

(۲۸) جو کوئی روزانہ تین ہزار بار اَلْحَیُّ کا ورد رکھے گا وہ کبھی بیمار نہ ہوگا اور جو کوئی اس اسم کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں پانی سے دھو کر پیے یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے انشاء اللہ شفاء کامل نصیب ہوگی اور جو کوئی ایک ہزار بار کسی بیمار پر پڑھے گا اس کی عمر انشاء اللہ دراز ہوگی اور جو کوئی اس اسم کو ایک سو بیس دفعہ کاغذ پر لکھ کر دروازہ پر لٹکا دے اس گھر میں جتنے لوگ رہتے ہوں گے برے امراض سے محفوظ رہیں گے

(۲۹) جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالے کے ساتھ یَا وَاجِدُ پڑھے گا اس سے بیماری دور ہوگی

(۳۰) جو کوئی اَلْمَاجِدُ کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ مریض شفاء پائے اور جو دس بار شربت پر پڑھ کر پی لیا کرے گا تو انشاء اللہ بیمار نہ ہوگا۔

(۳۱) جو عورت حالت حیض میں کثرت سے اَلْمُتَعَالِیْ کا ذکر کرے انشاء اللہ اس کی تکلیف رفع ہوگی

(٣٢) جو اَلْمُنْتَقِمُ کو بکثرت پڑھے گا انشاء اللہ اس کی آنکھ ہرگز نہیں دکھے گی۔

(٣٣) جو شخص یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِکَ الْخَیْرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی بیمار کو پلائے گا تو انشاء اللہ بیمار شفا پائے گا۔

(٣٤) جو شخص کسی ظاہری یا باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء پر اور جسم پر یَاغَنِیُّ پڑھ کر دم کیا کرے انشاء اللہ نجات پائے گا جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا اس کے اعضاء کا درد جاتا رہے گا۔

(٣٥) جس جگہ تکلیف ہو اَلْمُغْنِیُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اس جگہ ملا جائے انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

(٣٦) جو کوئی اَلنَّافِعُ کو مریض پر دم کرے انشاء اللہ وہ شفا پائے گا۔

(٣٧) جو کوئی اَلنُّوْرُ کو اَلنَّافِعُ کے ساتھ ملا کر پڑھے اور مریض پر دم کرے وہ انشاء اللہ شفاء پائے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

(١) جو شخص دشمن سے بچنے کیلئے بھاگتے وقت کثرت سے اَلْقُدُّوْسُ پڑھے گا محفوظ رہے گا اور جو تین سو انیس بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلا دے دشمن مہربان ہو جائے۔

(٢) جو شخص اَلسَّلَامُ کو وظیفہ بنائے یا لکھ کر پاس رکھے دشمن سے نڈر رہے اور اگر چھ سو نوے بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائے دشمن مہربان ہو۔

(٣) جو شخص متواتر سات دن تک ایک ہزار بار یَا عَزِیْزُ پڑھے گا اس کا دشمن ہلاک ہو جائے گا اور اگر کسی لشکر کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے ستر بار پڑھے وہ لشکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے شکست کھائے گا۔

(٤) جو کوئی دشمن سے ڈرتا ہو وہ اَلْمُتَکَبِّرُ کو پڑھنے پر مداومت کرے تو دشمن کی زبان بدگوئی سے بند ہوگی۔

(٥) جو کوئی لڑائی میں تین سو بار اَلْخَالِقُ پڑھے اس کا دشمن مغلوب ہو۔

(٦) جس شخص کو دشمنوں سے خطرہ ہو وہ سورج نکلتے وقت اور رات کے آخری حصے میں دشمنوں کی ہلاکت کے لئے ان الفاظ کو ایک سو بار پڑھے۔

یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ یَا ذَاالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ پھر کہے خُذْحَقِّیْ مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَعَدَاعَلَیَّ

دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے یَا قَھَّارُ کا سو بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

(٧) جو شخص ہر روز تیس بار اَلْقَابِضُ پڑھا کرے انشاء اللہ دشمن پر فتح پائے گا۔ جو کوئی اَلْقَابِضُ کو آدھی رات کے وقت پڑھا کرے دشمن اس کا مقہور ہوگا۔

(٨) جو اَلْخَافِضُ کو پانچ سو بار پڑھے گا دشمن کے صدمے سے بچ جائے گا اور

حفاظت الٰہی اسکے شامل حال رہے گی اور جو اسے ایک ہزار بار پڑھے گا انشاء اللہ تمام دشمنوں سے محفوظ ہو جائے گا اور جو کوئی تین روزے رکھے اور پھر چوتھے دن ایک مجلس میں چند آدمی ستر ہزار مرتبہ پڑھیں دشمن پر فتح نصیب ہوگی اور اسی مقصد کیلئے تین روزے رکھے اور ستر بار پڑھے یہ بھی مفید ہے۔

(۹) جو ستر بار اَلرَّافِعُ پڑھے گا ظالموں سے امن میں رہے گا اور سرکشوں سے محفوظ رہے گا۔

(۱۰) جو کوئی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن یا چشم زخم یا نظر بد سے ڈرتا ہو ایک ہفتہ صبح (طلوع سے پہلے) اور شام (غروب سے پہلے) ستر بار حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھیگا اللہ تعالیٰ اسے ہفتہ گزرنے سے پہلے امن عطاء فرمائے گا اور انشاء اللہ تمام کام درست ہو جائیں گے پڑھائی کا آغاز جمعرات سے کرے اور جو کوئی اَلْحَسِیْبُ کو ستر بار پڑھے گا انشاء اللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا اگر کسی سے حساب میں تشدد کا اندیشہ ہو یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو سات روز تک طلوع آفتاب اور غروب سے پہلے بیس بار پڑھ لیا کرے۔

(۱۱) جو شخص دس بار اَلْجَلِیْلُ اپنے اسباب پر پڑھے چوری سے محفوظ و سلامت رہے۔

(۱۲) ظالم کی ہلاکت یا اس کے شر سے حفاظت کے لئے ایک ہزار بار اَلْقَوِیُّ پڑھنا بہت مفید ہے۔ جس کا دشمن طاقتور ہو اور یہ اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو تو تھوڑا سا خمیری آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سوچنے کے برابر یا اس سے چھوٹی گولیاں بنالے پھر ایک ایک گولی پر یَا قَوِیُّ پڑھ کر دشمن کے خاتمہ کی نیت سے مرغ کے آگے ڈالے یہاں تک کہ سب اسی طرح ختم کر دے اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو انشاء اللہ مغلوب و مقہور کر دے گا بے محل و ناحق یہ عمل نہ کرے۔

(۱۳) جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر سو مرتبہ اَلْقَادِرُ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو ذلیل رسوا فرما دے گا۔ (اگر پڑھنے والا حق پر ہے)

(۱۴) جو شخص جنگ کے وقت اَلْمُقَدِّمُ کثرت سے پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اسے پیش قدمی کی قوت عطاء فرمائے گا اور انشاء اللہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا غم و رنج نہیں پہنچے گا اور جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا دشمن پر انشاء اللہ غالب رہے گا۔

(۱۵) جو جمعہ کے دن پانچ سو بار اَلظَّاهِرُ پڑھے گا انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

(۱۶) دشمن کی ہلاکت کیلئے سات دن تک روزانہ ایک ہزار بار اَلْمُتَعَالِیْ پڑھنا مفید ہے۔

(۱۷) جو کوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو پچھتر بار یا اکیس بار یَا مُذِلُّ یا اَلْمُذِلُّ پڑھ کر سجدہ کرے اور کہے یا الٰہی فلانے ظالم کے شر سے مجھے محفوظ رکھ۔ حق تعالیٰ امان دے گا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ جو سات سو ستر بار روزانہ کوئی وقت مقرر کر کے یَا مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِکَ پڑھ لیا کرے دشمن دفع ہوگا۔

(۱۸) جو اَلصَّمَدُ کو ہزار بار پڑھا کرے گا دشمن پر انشاء اللہ فتح پائے گا۔

(۱۹) جو شخص دفع دشمن کے لئے اَلْآخِرُ پڑھے گا کامیاب ہوگا۔

(۲۰) جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو تین جمعہ تک بکثرت یَا مُنْتَقِمُ پڑھے اللہ تعالیٰ اس سے خود انشاء اللہ انتقام لے لیں گے جو کوئی عشاء یا فجر کے بعد چالیس دن تک روزانہ ایک ہزار بار یَا قَهَّارُ یَا مُذِلُّ یَا مُنْتَقِمُ پڑھے گا انشاء اللہ ظالم ہلاک ہوگا۔

(۲۱) جو تین ہفتے تک اَلْعَفُوُّ کا ورد رکھے گا۔ سب دشمن اس کے دوست بن جائیں گے اور لوگوں میں معزز ہوگا۔

(۲۲) اگر ہفتہ کے دن دشمن کی مغلوبی کی نیت سے مداومت کی شرط پر کسی وقت باوضو بعد دو رکعت نفل سو بار اَلْبَاقِیْ پڑھے گا۔ انشاء اللہ دشمن اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔

(۲۳) جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو مرتبہ اَلصَّبُوْرُ پڑھے انشاء اللہ اس کے

دشمنوں اور حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ اگر آدھی رات یا دوپہر کو مداومت کرے گا۔ دشمنوں کی زبان بندی اور خوشنودی اور بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی۔

خوف سے نجات

(۱) خائف اگر ایک سو گیارہ مرتبہ یَا سَلَامُ پڑھ کر دم کرے خوف سے محفوظ رہے گا۔

(۲) جو کوئی روزانہ تین بار اَلْمُؤْمِنُ پڑھنے کا معمول رکھے خوف سے نڈر ہو اور اگر خوف زدہ آدمی فرضوں کے بعد چھتیس بار اس اسم کا ورد رکھے تو اس کی جان و مال محفوظ رہے گی اور جس پر رعب اور خوف طاری ہو۔ وہ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ کا ورد رکھے، خصوصاً حالت سفر میں اگر ورد کریں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امن وسلامتی نصیب ہو اور جو شخص کسی خوف کے وقت چھ سو تیں بار اس اسم کو پڑھے گا انشاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا اور جو کسی خوف کے وقت ۲۳۰ بار اس اسم کو پڑھے گا۔ انشاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۳) جو کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اَلْقَهَّارُ کو فرض نماز کے بعد تین سو چھ بار پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے امن وامان میں رکھے گا اور دشمن پر غلبہ ہوگا اور حاکم مہربان ہوگا اور ضعف دل سے جاتا رہے گا۔

(۴) جو کوئی ظالم سے ڈرتا ہو اَلْخَافِضُ کو ستر بار پڑھا کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا۔

(۵) جو ایک سو ساٹھ بار اَللَّطِيْفُ اور اس کے ساتھ یہ آیت پڑھے۔
لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ وہ خوف سے انشاء اللہ امن پائے گا۔

(۶) جو شخص بکثرت یَا حَفِيْظُ کا ورد رکھے گا۔ وہ خوف سے محفوظ رہے گا اور جو ہر

روز سولہ بار پڑھے گا۔ انشاء اللہ ہر طرح سے نڈر رہے گا۔

(۷) جو کوئی کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت بکثرت یَاوَکِیْلُ کا ورد کرے گا اور اس اسم کو اپنا وکیل بنالے گا وہ انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

(۸) جو کوئی تنہائی سے ہراساں ہو۔ اکیلا باوضو ایک ہزار بار اَلْوَاجِدُ کو پڑھے گا۔ انشاء اللہ اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا اور اس کے لئے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

(۹) جو کسی شخص سے ڈرتا ہو اَلْعَفُوُّ کو بہت پڑھے انشاء اللہ نڈر ہوگا اور جو اسے ایک سو چھپن (۱۵۶) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے خوف سے امن عطا فرمائے گا۔

قضاء حاجات

(۱) جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک یَااَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ پڑھتا رہے پھر وہ جس چیز کی دعاء کرے گا۔ اللہ تعالیٰ وہ عطاء فرمائیں گے۔

(۲) جو کوئی اکتالیس دن تک روزانہ اکتالیس بار یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَیَارَحِیْمَھُمَا پڑھے گا اس کی ضروری حاجت پوری ہوگی۔

(۳) جو شخص اَلرَّحِیْمُ کو صبح کی نماز کے بعد ۵۵۵ بار پڑھتا رہے گا وہ ہر حاجت سے غنی رہے گا۔

(۴) جو سورج نکلنے کے وقت تین ہزار بار اَلْمَلِکُ پڑھے گا جو مراد مانگے گا حاصل ہو جائے گی۔

(۵) جو کوئی چالیس دن تک خلوت میں ایک ہزار بار اَلْقُدُّوْسُ پڑھے۔ اس کا مقصد پورا ہو اور دنیا میں اس کی قوت تاثیر ظاہر ہو جائے۔

(۶) جو کوئی غسل کرے پھر خلوت میں نماز پڑھے اور سو بار اَلْمُھَیْمِنُ پڑھے اس کی مرادیں پوری ہو جائیں گی۔

(۷) جو کوئی اَلْبَارِئُ کو دو سو چوالیس بار پڑھے جو مراد ہوگی وہ پوری ہوگی۔

(۸) جو شخص اَلْمُصَوِّرُ کا کثرت سے ورد کرے تو اس کے مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔

(۹) جس شخص کی کوئی حاجت ہو۔ وہ اپنے گھر یا مسجد میں سر ننگا کر کے ہاتھ اٹھا کر ایک سو بار یَاقَھَّارُ کہے انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور جو شخص کسی مشکل کے وقت سو بار پڑھے مشکل حل ہو۔

(۱۰) جب کوئی مشکل پیش آئے کسی میدان میں جا کر دعاء کی طرح ہاتھ اٹھا کر سو بار اَلْوَھَّابُ پڑھے انشاء اللہ ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

(۱۱) جو شخص سترہ بار اَلرَّزَّاقُ اس شخص کے سامنے پڑھے جس سے کوئی حاجت ہو تو انشاء اللہ وہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

(۱۲) جو شخص اَلْخَافِضُ کو پانچ سو بار پڑھے گا انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو گی۔

(۱۳) جو کوئی اَلرَّافِعُ کو آدھی رات یا دوپہر کو سو بار پڑھے گا وہ تونگر و بے نیاز ہو گا جو کوئی ہر روز بیس بار پڑھے گا مراد پائے گا۔

(۱۴) اس اسم اَلْمُذِلُّ پچھتر بار پڑھ کر سجدے میں جو دعاء کرے تو اللہ قبول فرماتا ہے۔ جس کا کوئی حق کسی کے ذمے ہو اور وہ ادا کرنے سے ٹال مٹول کر رہا ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھنے سے وہ اس کا حق انشاء اللہ ادا کر دے گا۔

(۱۵) جو ہر روز سو بار یَاسَمِیْعُ پڑھے گا اور پڑھتے وقت بات چیت نہیں کرے گا اور پڑھ کر دعاء مانگے گا پس جو مانگے گا انشاء اللہ پائے گا۔

(۱۶) جو شخص ۱۳۳ مرتبہ یَالَطِیْفُ پڑھا کرے انشاء اللہ اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے اور جو شخص فقر و فاقہ، دکھ، بیماری، تنہائی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو۔ وہ اچھی طرح وضو کر کے روزانہ پڑھے اور اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر سو مرتبہ یہ اسم پڑھے انشاء اللہ مقصد پورا ہو گا اور روزانہ ایک سو تہتر بار پڑھنے سے حاجات پوری ہوں گی۔

(۱۷) اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ایک ہفتہ تک روزانہ صبح و شام ایک سو پینتالیس (۱۴۵) بار اَلْحَسِیْبُ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ مشکل آسان ہو گی۔

(۱۸) جس کسی کا کوئی کام پورا نہ ہو تو وہ پابندی سے اَلْحَکِیْمُ کا ورد کیا کرے انشاء اللہ کام پورا ہو گا اور جو اس کو بہتر بار پڑھے کرے انشاء اللہ اسے کوئی مشکل پیش نہ آئے اور سب حاجتیں بر آئیں۔

(۱۹) جو شخص کسی پریشانی میں پڑ جائے وہ دو رکعت نماز پڑھ کر ان الفاظ میں دعاء

کرے۔ اَللّٰھُم یَاوَدُوْدُ (تین بار) یَاذَالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ (آخری جملہ تین بار پڑھے)

(۲۰) ہر حاجت کے لئے اَلْوَکِیْلُ کو کثرت سے پڑھنا مفید ہے۔

(۲۱) جو شخص کثرت کے ساتھ اَلْمَتِیْنُ کا ذکر کرے اس کی سخت مشکل آسان ہو جائے گی اور انشاء اللہ حاجات پوری ہوں گی۔

(۲۲) جس کو مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ میں ہزار بار اَلْوَلِیُّ پڑھے انشاء اللہ مشکل دور ہو جائے گی۔

(۲۳) کسی سخت حاجت کے وقت جو کوئی اپنے نام کے اعداد کے موافق مع اول و آخر درود شریف ایک وقت مقرر کر کے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ پڑھا کرے انشاء اللہ محروم نہ رہے۔

(۲۴) جو کوئی سو کر اٹھنے کے بعد بکثرت اَلْمُقْتَدِرُ کا ورد کرے یا کم از کم بیس مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تمام کام آسان اور درست ہو جائیں۔

(۲۵) علماء کرام فرماتے ہیں کہ اسم اَلْمُقَدِّمُ وَالْمُؤَخِّرُ کو ایک ساتھ پڑھتا رہے اور جب کوئی مشکل پیش آئے اکیس بار اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

(۲۶) جو چالیس شب جمعہ ہر شب کو بعد از نماز عشاء ہزار بار اَلْاَوَّلُ پڑھے انشاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۲۷) جو شخص دو رکعت نماز ادا کر کے ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۱۴۵ بار پڑھا انشاء اللہ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۲۸) جو شخص کثرت سے اَلْمُتَعَالِیْ کا ورد رکھے انشاء اللہ اس کی تمام مشکلات رفع

ہوں گی اور جو شخص اتوار کی رات غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے اس کو تین بار پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۲۹) اگر کسی خاص اور جائز مقصد کے لئے سات سو مرتبہ اَلْمُقْسِطُ پڑھے گا انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

(۳۰) اگر کسی خاص و جائز مقصد کے لئے اَلْمَانِعُ پڑھے گا تو انشاء اللہ وہ حاصل ہوگا جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے۔ اس کو صبح و شام پڑھا کرے انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔

(۳۱) جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے وہ دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت آیۃ الکرسی اور دوسری میں سورہ اخلاص اور سلام کے بعد اَلْهَادِیُ ایک سانس میں جس قدر ہو سکے پڑھے جب سانس ٹوٹ جائے جو دعا مانگے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۳۲) جس شخص کو کوئی غم یا مصیبت یا کوئی بھی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار مرتبہ یا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھے انشاء اللہ کشائش نصیب ہوگی جو کوئی نماز عشاء کے بعد یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ بارہ دن پڑھے گا تو جس کام یا مقصد کے لئے پڑھے گا۔ انشاء اللہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہو جائے گا۔ کسی غم یا اہم حاجت کے لئے ستر ہزار مرتبہ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھے انشاء اللہ غم رفع ہوگا اور حاجت پوری ہوگی۔

استخارہ

(۱) جو شخص استخارہ کرنا چاہے شب جمعہ کو نماز کے بعد سو بار مسجد میں یَا عَلِیْمُ پڑھ کر سو رہے مطلوبہ حال سے آگاہی پا لے گا اور جو کچھ نا معلوم امر دریافت کرنا چاہے۔ اول دو رکعت نماز پڑھے پھر درود شریف پھر سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ستر بار پڑھ کر یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ. یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ سو سو بار پڑھ کر اپنا مطلب تصور کر کے لیٹ رہے اگر نیند نہ آئے تو اٹھ کر کسی مجمع میں چلا جائے وہاں لوگوں کی باتوں سے بطریق اشارہ مطلب معلوم کرے۔

(۲) استخارہ کے واسطے اکتالیس دن تک روزانہ تین سو بار یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ پڑھے پھر جب ضرورت پڑے تین سو بار پڑھ کر سو جائے نیک و بد حال کی انشاء اللہ اطلاع ہو جائے گی۔

(۳) جس کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر سمجھ میں نہ آئے وہ مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار بار یَا رَشِیْدُ پڑھے تو انشاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آئے گی یا دل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔

حکام کے شر سے حفاظت

(۱) جو کسی حاکم کے سامنے یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَ الْاٰخِرَۃِ بِحَقِّ یَا بَدُوْحُ پڑھتا جائے اور دم کرتا جائے اس پر حاکم سختی نہیں کرے گا۔

(۲) جو کسی جابر حکمران کے پاس جاتے وقت یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھتا جائے اللہ تعالیٰ اسے اس ظالم کے شر سے بچالیتا ہے اور اس کی خیر اسے عطاء فرماتا ہے۔

(۳) جو کوئی ایک سو چھتیس بار اَلْمُؤْمِنُ پڑھا کرے ظالموں کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

(۴) جو اکتالیس بار صبح کو روز حاکم کے پاس جانے کے وقت یَاعَزِیْزُ پڑھ لیا کرے حاکم مہربان رہے گا۔

(۵) جو شخص روزانہ صبح و شام دو سو چھبیس مرتبہ یَا جَبَّارُ کو پڑھے گا۔ انشاء اللہ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا۔

(۶) جو کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اَلْقَهَّارُ کو تین سو چھ بار پڑھا کرے اس پر حاکم مہربان ہوگا۔

(۷) جو کوئی اَلْخَافِضُ کو کثرت سے پڑھے حاکم وقت اس سے رضامند رہے۔

(۸) جو حاکم کے سامنے ہوتے ہی پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ دفعہ یَاحَلِیْمُ پڑھ کر منہ پر مل لیا کرے انشاء اللہ حاکم نرمی و مہربانی سے پیش آئے گا اور جو کوئی اس اسم کو بادشاہ کے روبرو پڑھے گا انشاء اللہ اس کے غصہ سے محفوظ رہے گا۔

(۹) جو کوئی حکمران سے خوفزدہ ہو وہ بارہ بار اَلْعَظِیْمُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور نرمی پائے گا۔

(۱۰) جو کوئی سات بار اَلْبَاعِثُ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو

ہو جائے حاکم مہربان ہوگا۔

(۱۱) جو کوئی اَلْوَکِیْلُ کو ایک سو چھیانوے بار ہر روز پڑھ لے۔ ظالم کے ظلم سے انشاء اللہ بچا رہے گا اور کسی سے نہیں ڈرے گا۔

(۱۲) جو کسی کے قہر سے ڈرتا ہو روٹی کے ایک ٹکڑے پر ۵۸ بار یا اسم اَلْمُحْیِ پڑھ کر کھالے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

(۱۳) جو کوئی اَلْمُمِیْتُ اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے پھر وہ ظالموں اور فاسقوں میں سے کسی کی ہلاکت کی دعاء کرے تو اسی وقت ہلاک ہو جائے گا۔

(۱۴) جو اَلْوَاجِدُ کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

(۱۵) جو کوئی اَلْاَحَدُ کو پڑھے گا انشاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا اور جو کوئی اس اسم کو نو مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے گا۔ انشاء اللہ عزت و سرفرازی پائے گا۔

(۱۶) جو شخص حقیقۃً مظلوم ہو وہ مہینے کی آخری رات ایک اندھیرے کمرے میں ننگی زمین پر ننگے سر دو رکعت نماز پڑھ کر دوسری رکعت کے آخری سجدہ پر اللہ تعالیٰ کے نام اَلْمُقْتَدِرُ اَلشَّدِیْدُ اَلْقَوِیُّ اور اَلْقَاهِرُ پڑھ کر ظالم کے خلاف دعاء کرے انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۱۷) اگر کسی ظالم پر دس مرتبہ اَلتَّوَّابُ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔

(۱۸) جو کوئی اَلرَّءُوْفُ کو بکثرت پڑھے گا ظالم کا دل اس پر مہربان ہوگا۔

(۱۹) جو کوئی اسم اَلضَّارُّ کو پڑھے اور ظالم کا نام لے انشاء اللہ اس کو ضرر پہنچے گا اور پڑھنے والا اس کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

(۲۰) اگر آدھی رات یا دوپہر کو اَلصَّبُوْرُ کی مداومت کرے گا بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی۔

حکام و مسئولین کے لئے مفید اذکار

(۱) حکمران یا بڑا عہدیدار اگر اَلْمَلِکُ کو اَلْقُدُّوْسُ کے ساتھ ملا کر پڑھے گا تو اس کا مال وملک قائم رہے گا۔ اگر حکمران یَا مَلِکُ کو پڑھنے کا معمول بنائیں تو بڑے فراعنان کے مطیع وفرمانبردار ہو جائیں۔

(۲) اگر کوئی بادشاہ یَاجَبَّارُ پڑھا کرے تو بادشاہ اس پر غالب نہ ہو۔

(۳) اگر رئیس آدمی یَا حَلِیْمُ بکثرت پڑھے اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے اور اگر کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات واوزار پر ملے تو اس پیشہ میں برکت ہو۔ اگر کشتی ہو غرق سے محفوظ رہے اگر جانور ہو ہر آفت سے مامون رہے۔

(۴) جو شخص اپنے عہدے سے معذول ہو گیا ہو۔ وہ سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ یَا کَبِیْرُ پڑھے وہ انشاء اللہ اپنے عہدے پر بحال ہو جائے گا اور اسے بزرگی وبرتری نصیب ہوگی۔ یہ اسم مبارک بادشاہوں اور حکام کا وظیفہ ہے وہ اگر اس کا اہتمام کریں تو ان کا رعب رہے اور مہمات بخوبی سرانجام پائیں۔

(۵) جو کوئی ملکی منصب چاہتا ہو وہ اتوار کے دن اول ساعت میں اس نیت سے تین سو ساٹھ بار اَلْمَتِیْنُ انشاء اللہ وہ منصب پالے گا۔

(۶) اَلْوَالِیُ کا ذکر ان لوگوں کے لئے بہت مفید ہے جو کچھ لوگوں کے ذمہ دار ہوں مثلاً حاکم، افسر، شیخ وغیرہ۔

(۷) جو بادشاہ ملک فتح کرنا چاہتا ہو وہ اس اسم مَالِکُ الْمُلْکِ کو بہت پڑھے انشاء اللہ کامیاب ہوگا اور جو بادشاہ اپنی حکومت کا استحکام چاہتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے۔

(۸) جو شخص روزانہ پابندی سے تین سو تینتیس (۳۳۳) بار یَا مَالِکَ الْمُلْکِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھے گا تو دنیا اس کی فرمانبردار رہے گی۔

(۹) اگر بادشاہ اَلْھَادِیُ کا اس قدر ذکر کریں کہ حال طاری ہو جائے تو رعایا ان کی فرمانبرداری کرے۔

(۱۰) جو ہر فرض نماز کے بعد ۱۱۳ بار اَلْبَاقِیُ پڑھنے کا معمول بنائے گا۔ اسے اس کے منصب سے کوئی معزول نہیں کر سکے گا خواہ اس کے خلاف جن وانس جمع ہو جائیں۔

جمعرات کے مفید اذکار

(۱) پیر کے دن یا جمعہ کی رات مغرب یا عشاء کے بعد چار سو چالیس مرتبہ اَلرَّافِعُ کا ورد کرے گا اسے مخلوق کے درمیان ایک رعب نصیب ہوگا۔

(۲) جو شخص پیر یا جمعہ کی رات مغرب کے بعد چالیس بار " اَلْمُعِزُّ " پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا اور جو شخص نماز عشاء کے بعد پیر یا جمعہ کی رات ایک سو چالیس بار پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت وحرمت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرے گا اور اس کی پناہ میں رہے گا اور جو ایک سو چالیس روز تک اکتالیس بار ہر روز بلاناغہ پڑھے گا۔ دنیا وآخرت میں عزت پائے گا' پڑھنے کا آغاز پیر یا شب جمعہ سے کرے۔

(۳) جو کوئی جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو بار یَا سَمِیْعُ پڑھے گا۔ انشاء اللہ مستجاب الدعوات بن جائے گا اور جو شخص، جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو نظر خاص، سے نوازے گا۔

(۴) جو کوئی شب جمعہ میں آدھی رات کو اَلْحَکَمُ پڑھے گا حق تعالیٰ اس کا باطن صاف کر دے گا۔

(۵) جو کوئی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن یا چشم زخم یا بدنظر سے ڈرتا ہو۔ ایک ہفتہ تک صبح (طلوع سے پہلے) اور شام (غروب سے پہلے) ستر بار حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ہفتہ گزرنے سے پہلے امن عطاء فرمائے گا اور انشاء اللہ تمام کام درست ہو جائیں گے۔ پڑھائی کا آغاز جمعرات کے روز سے کرے۔

(۶) جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ کو ہزار بار اَلْوَلِیُّ پڑھے انشاء اللہ مشکل دور ہو جائے گی۔

(۷) جو چالیس شب جمعہ ہر شب کو بعد از عشاء ہزار بار اَلْاَوَّلُ پڑھے انشاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۸) جو کوئی جمعرات کے دن ہزار بار اَلْغَنِیُّ پڑھے گا انشاء اللہ دولت پائے گا۔

(۹) جو شب جمعہ کو ایک ہزار بار اَلْمُحْصِیْ پڑھے اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے حساب وعتاب سے نجات عطاء فرمادے گا۔

(۱۰) جو شخص شب جمعہ میں سو مرتبہ اَلضَّارُّ پڑھا کرے وہ انشاء اللہ تمام ظاہری وباطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قرب خداوندی اسے حاصل ہوگا۔ جس کو ایک حال ومقام میسر ہو سو بار شب جمعہ میں اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنائے۔ اللہ اس کو مقام پر ثابت رکھے گا اور اہل قرب کے مرتبہ تک پہنچا دے گا۔ اس مرتبہ کے آگے ظاہری کمال کچھ اصل نہیں۔ جس کی عزت کم ہو وہ ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو بار نماز عشاء کے بعد پڑھا کرے انشاء اللہ محترم رہے گا جو ہر شب جمعہ سو بار اَلضَّارُّ اَلنَّافِعُ دونوں اسماء پڑھا کرے گا انشاء اللہ اپنی قوم میں معزز اور جسمانی طور پر باعافیت رہے گا۔

(۱۱) جو شخص شب جمعہ میں سات بار سورہ نور اور ایک ہزار مرتبہ اَلنُّوْرُ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اس کا دل انوار الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

جمعہ کے مفید اذکار

(۱) جو شخص یَا غَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جمعہ کی نماز کے بعد سو بار پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور آخرت میں لطف و مغفرت کا امیدوار گردانتے گا اور جو جمعہ کے بعد سو بار پڑھے تو اس مغفرت کے آثار پیدا ہوں گے۔ تنگی دفع ہوگی اور بے گماں رزق ملے گا۔

(۲) جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے پاک وصاف ہو کر خلوت میں ''اَللّٰہُ'' پڑھنے سے مقصود آسان ہو جاتا ہے۔ خواہ کیسا ہی مشکل ہو اور جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ پڑھتا رہے پھر وہ جس چیز کی دعاء کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے وہ عطاء فرمائے گا۔

(۳) نماز جمعہ کے بعد ایک سو چھیاسی بار سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ کہہ کر پھر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھائے وہ تمام آفات سے محفوظ رہے اور اسے توفیق عبادت حاصل ہو اور جو جمعہ کی نماز کے بعد سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا ہے۔ وہ فرشتہ صفت ہو جائے۔

(۴) نماز جمعہ سے پہلے یا بعد میں سو مرتبہ یَا بَصِیْرُ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نگاہ میں روشنی اور دل میں نور پیدا فرما دیتا ہے اور پڑھنے والے کو صالح اقوال و اعمال کی توفیق نصیب ہوتی ہے اور جو کوئی جمعہ کی فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو بار پڑھے گا۔ اسے اللہ تعالیٰ خصوصی نظر عنایت عطاء فرمائے گا اور جو جمعہ کے خطبہ سے پہلے سو بار پڑھ لیا کرے گا۔ انشاء اللہ منظور نظر الٰہی ہوگا۔

(۵) جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار ایک بار معطر و لطیف شیرینی پر اَلْوَدُوْدُ پڑھ کر دم کرے اور رو بقبلہ ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے وہ

شیرینی اس کو کھلائے انشاء اللہ صالح ہو جائے گا۔

(۶) جمعہ کی دوسری ساعت میں اگر اَلْقَوِیُّ پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا۔

(۷) جو مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ اَلْاَوَّلُ پڑھے انشاء اللہ جلد بخیریت وطن واپس پہنچے گا۔

(۸) جو جمعہ کے دن پانچ سو بار اَلظَّاهِرُ پڑھے گا۔ اس کا باطن پر نور ہوگا اور انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

(۹) جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو۔ تین جمعہ تک بکثرت یَا مُنْتَقِمُ پڑھے اللہ تعالیٰ اس سے خود انشاء اللہ انتقام لے لیں گے۔

(۱۰) جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ستر بار پابندی سے یہ دعاء پڑھا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَّعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

(۱۱) جو شخص اسی جمعوں تک ہر جمعہ کو ہزار بار یا دس بار اَلْمُغْنِیُّ پڑھے گا۔ انشاء اللہ مخلوق سے بے پرواہ ہوگا۔

أسماءُ الحُسنیٰ

کو پڑھنے کے تین طریقے

(۱) الف لام کے ساتھ بغیر حرف ندا کے پڑھا جائے مثلاً اَلرَّحْمٰنُ (جلّ جلالُہٗ) اَلْقُدُّوْسُ (جلّ جلالُہٗ) اَلْحَقُّ (جلّ جلالُہٗ)۔

(۲) حرف ندا (پکارنے والے حرف) کے ساتھ پڑھا جائے مثلاً یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مَالِکَ الْمُلْکِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

(۳) ہر اسم کے ساتھ اسم ذات ملا کر پڑھا جائے مثلاً اَللّٰہُ الرَّحْمٰنُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَللّٰہُ الْقُدُّوْسُ یہ طریقہ سب سے زیادہ مؤثر ہے۔

فائدہ: بعض علماء کا فرمان ہے کہ دن کے وقت الف لام کے ساتھ (مثلاً الرحمٰن جل جلالہ) اور رات کے وقت حرف ندا کے ساتھ (مثلاً یارحمٰن) پڑھنا زیادہ مفید ہے۔

طریق نصاب وزکوٰۃ

کسی بھی اسم کو پہلے اسم ذات کے ساتھ ملایا جائے پھر دونوں کے حروف اصلیہ گنے جائیں۔ پس جس قدر ان دونوں کے حرف ہوں اتنی ہزار بار نصاب کی نیت سے اور اتنی سو بار زکوٰۃ کی نیت سے پڑھا جائے۔

مثلاً اللہ تعالیٰ کا نام اَلْـمَـلِکُ ہے۔ اسے اسم ذات کا ساتھ ملایا تو اللہ الملک ہوگیا اسم اللہ کے حروف اصلی چار ہیں ا۔ل۔ل۔ہ۔ اور الملک کے حروف اصلی

تین ہیں م' ل' ک ان دونوں کے حروف اصلیہ کی تعداد سات ہوئی۔ چنانچہ اب نصاب کی نیت سے سات ہزار بار اور زکوٰۃ کی نیت سے سات سو بار پڑھے۔ وعلیٰ ھذا القیاس

ایک ضروری تنبیہ

اللہ تعالیٰ کے تمام نام سماعی اور توقیفی ہیں کوئی بھی نام قیاسی نہیں ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے نام شریعت کے بیان پر موقوف ہیں۔ پس جس نام کے بارے میں کوئی شرعی دلیل موجود نہیں ہوگی۔ اسے اللہ تعالیٰ کا نام قرار نہیں دیا جاسکے گا۔ خواہ اس کا معنی درست ہی کیوں نہ ہو۔ خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام شریعت سے سن کر معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ اپنی اٹکل اور عقل سے نہیں بنائے جاسکتے۔ اس لئے کسی بھی نام کا ورد کرنے سے پہلے اس بات کی تحقیق ضرور کرنی چاہیے کے یہ نام شریعت سے ثابت ہے یا نہیں۔

مناسبت

ویسے تو اللہ تعالیٰ کے تمام نام بیش بہا روحانی خزانے ہیں اور ہر شخص کے لئے ان تمام ناموں کا ورد مفید ہوتا ہے لیکن بعض نام بعض افراد کے لئے زیادہ مناسب ہوتے ہیں۔ اس مناسبت کو معلوم کرنے کے کئی طریقے ہیں جن میں سے بعض کو یہاں لکھا جارہا ہے۔

(۱) ایک بزرگ کے پاس جب کوئی بیعت کے لئے آتا تھا تو وہ اسے وضو کر کے اپنے سامنے بیٹھنے کا فرماتے تھے پھر اس کے سامنے عظمت' احترام اور اجلال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے اسماء پکار کر پڑھتے تھے۔ پس جس اسم کی تاثیر اس میں دیکھتے وہی تعلیم فرمادیتے تھے۔ اس طرح سے مناسبت معلوم کرنا' ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔

(۲) صاحب علم انسان اپنی کمزوریوں پر غور کر کے پھر اسماء الحسنیٰ پر غور کرے تب

اسے خود بخود معلوم ہو جاتا ہے کہ کون سا اسم اس کے لئے زیادہ مناسب ہے۔ اس طریقے سے مناسبت معلوم کرنا اس شخص کے بس میں ہے جو اپنی کمزوریوں کو پہچانتا ہو اور اسماء الحسنیٰ کے معانی و مطالب کو بھی سمجھتا ہو۔ یہ طریقہ سب سے زیادہ مفید اور مؤثر ہے۔ اس میں حکیم کی دوائی طرح اپنی طبیعت اور کیفیت کے مطابق اسماء کے ورد کو تبدیل بھی کیا جاسکتا ہے۔

(۳) ورد کرنے والے کا نام معلوم کر کے ابجد کے حساب سے اس کے عدد نکالے جائیں پھر انہیں اعداد کے مطابق کوئی اسم الٰہی ڈھونڈا جائے۔ اگر ایک اسم پورا نہ ہو تو دو یا تین اسماء کے ذریعے اس کے نام کے عدد پورے کئے جائیں اور پھر ان اسماء کا اسی عدد کی تعداد یا اس سے دگنا ورد کیا جائے۔ مثلاً ایک شخص کا نام مسعود ہے اس کے عدد ۱۸۰ نکلتے ہیں۔

۴۰ ۶۰ ۷۰ ۶ ۴

م-س-ع-و-د = ۱۸۰

اب اسماء الحسنیٰ کو دیکھا جائے تو السمیع کے عدد ۱۸۰ بنتے ہیں۔

۶۰-۴۰-۱۰-۷۰=۱۸۰

س-م-ی-ع

(شروع کے الف لام کو شمار نہیں کیا جاتا کیونکہ وہ حروف اصلیہ میں سے نہیں ہے۔)

اب اس آدمی کے لئے مناسب یہ ہے کہ وہ ۱۸۰ بار یا اسکا دگنا ۳۶۰ بار اَلسَّمِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ یا یَا سَمِیْعُ یَااَللّٰہُ السَّمِیْعُ کا ورد کرے۔

حروف ابجد کی ترتیب یہ ہے

۱-۲-۳-۴-۵-۶-۷-۸-۹-۱۰

ا-ب-ج-د-ہ-و-ز-ح-ط-ی۔

۲۰-۳۰-۴۰-۵۰-۶۰-۷۰-۸۰-۹۰

ک-ل-م-ن-س-ع-ف-ص۔

۱۰۰-۲۰۰-۳۰۰-۴۰۰-۵۰۰-۶۰۰-۷۰۰-۸۰۰-۹۰۰-۱۰۰۰

ق-ر-ش-ت-ث-خ-ذ-ض-ظ-غ۔

أسماءُ الحسنیٰ

کے بعض مجرب طریقے

(۱) چالیس دن تک فجر، ظہر اور عشاء کے بعد تمام اسماء الحسنیٰ (ننانوے ناموں) کو آداب و شرائط کے ساتھ پڑھے۔ ان ایام میں قلت طعام رکھے اور صرف جو کی روٹی کھائے لوگوں کے ساتھ اختلاط اور گفتگو سے پرہیز کرے۔ انشاء اللہ عجیب آثار ظاہر ہوں گے مگر ان آثار کا کسی سامنے ہرگز ہرگز اظہار نہ کرے۔

(۲) تمام اسماء کو اکتالیس دن تک روزانہ اکتالیس بار پڑھے انشاء اللہ کشف قلوب اور تصرفات ظاہری و باطنی حاصل ہوں گے۔

(۳) ہر نماز کے بعد تمام اسماء ایک بار پڑھے جبکہ جمعہ کے دن اس کے علاوہ فجر یا نماز جمعہ کے بعد اکیس بار پڑھے اور اس کا ہمیشہ معمول رکھے تو انشاء اللہ تزکیہ نفس، تصفیہ دل اور تجلیہ روح نصیب ہوگا۔

(۴) گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے بعد سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کرے۔ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ (ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے مدد کی درخواست کرتے ہیں) پر پہنچے تو رک جائے اور اس آیت کو اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں کے ساتھ اس طرح دُہرائے۔

یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

یَااَللّٰہُ یَارَحِیْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

اسی طرح ننانوے نام پورے کرے اور اس کے بعد سورہ فاتحہ کا باقی حصہ پورا

کرے۔ یہ گردان اس طور پر کرے کہ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ کہے تو انتہائی خشوع کے ساتھ سجدہ میں چلا جائے اور جب وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کہے تو اٹھ کر فقیروں کی طرح دامن پھیلا کر دل کی گہرائی سے ایسی لجاجت کے ساتھ یہ الفاظ ادا کرے کہ اپنے آپ پر رقت طاری ہو جائے۔ آیت کا یہ حصہ اور یا اللہ یا رحمٰن یا دوسرے اسمائے الٰہی ادا کرتے وقت ایسا انداز اختیار کرے جو خود اپنی نظر میں بھی واقعی فقیرانہ اور منکسرانہ ہو۔ ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ گھٹنوں کے بل نیم ایستادہ ہو کر کبھی اپنا دامن پھیلائے اور کبھی اپنی ٹوپی کشکول کی طرح ہاتھوں میں لے کر قادرِ مطلق کے حضور بڑھائے۔ اس آیت کے ساتھ اگر سجدہ اور پھر منگتوں کا سا انداز خلوصِ دل سے اختیار کیا جائے تو رفتہ رفتہ رقت خود بخود طاری ہونے لگتی ہے اور قرب کا احساس بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی خاص مہم یا ہنگامی حاجت پیش نظر ہو تو موقع محل کے لحاظ سے اسماء الحسنٰی میں سے اللہ تعالیٰ کا مناسب نام منتخب کر لے اور مندرجہ بالا طریقہ سے اسے بار بار دُہرانے میں اس طرح محو ہو جائے کہ اس کا اپنا وجود بھی فنا ہو جائے اور اس کے دل و دماغ میں اللہ تعالیٰ کی اس خاص صفت کے علاوہ اور کسی چیز کا گزر نہ ہو۔ مثال کے طور پر وسعتِ رزق کے لئے

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا اَللّٰہُ یَا رَزَّاقُ

یا بیماری کی صورت میں

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا اَللّٰہُ یَا شَافِی یَا سَلَامُ

اسی طرح باقی ضروریات کے لئے۔ اسے بے شمار بار دُہرائے۔ بعد ازاں سورہ فاتحہ کا بقایا حصہ ختم کرے۔

(۵) اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنٰی میں ایک نام "یَا لَطِیْفُ" بھی ہے۔ لطیف لطف سے بنا ہے جس کے معنٰی ہیں بندوں پر مہربانی کرنا۔ لطیف اس ذات کو کہا جاتا ہے جو تمام امور کی باریکیوں، حکمتوں اور اسرار سے واقف ہو اور آنکھوں سے اس کا ادراک

ممکن نہ ہو اور جہت و جانب اور مکانیت سے پاک و منزہ ہو۔ جس کے لئے نہ حد ہو نہ انتہا اور جس کا عقل و فہم ادراک نہ کر سکے۔ ان تمام صفات کے باوجود وہ ہر شے سے قریب ہو اور بندے کی مصیبتوں اور غموں کو جلد دور فرما دینے پر پورا پورا قادر ہو۔

ہر نماز کے بعد یا کم از کم ایک نماز کے بعد ۱۲۹ بار اس اسم مبارک کا ورد کرنا بہت سی مشکلات، مصائب اور غموں کا علاج ہے۔

اگر ہمت کر کے زندگی بھر میں صرف ایک بار ایک ہی نشست میں لگا تار اس اسم مبارک کا ۱۶۶۴۱ بار ورد کر لیا جائے تو انسان کی زندگی میں پریشانیوں، مصیبتوں اور غموں کا رُخ موڑنے اور انہیں آسانی سے برداشت کرنے کی صلاحیت بدرجۂ اتم بڑھ جاتی ہے۔ اس ورد کے اول و آخر گیارہ یا اکیس یا اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ لینا چاہیے۔

اٹھائیسویں پارے میں سورۃ الحشر کا تیسرا رکوع، آیت نمبر ۱۸ سے لے کر سورۃ کے آخر تک (یعنی آیت نمبر ۲۴ تک) اس طرح پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پھر اعوذ باللہ اور بسم اللہ کے ساتھ تیسرا رکوع پڑھنا شروع کریں۔ آیت نمبر ۲۱ میں جب اِن الفاظ پر پہنچے تو یہاں پہنچ کر رُک جائے:۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط

(اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تو اس کو دیکھتا کہ خدا کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا)

اِن الفاظ کو پڑھنے کے بعد اپنی مشکل یا مصیبت کو تصور میں لائے اور انتہائی خلوص سے اللہ تعالیٰ کے حضور میں التجا کرے کہ میری مشکل یا مصیبت ہی میرے لئے ایک پہاڑ ہے۔ اپنی قدرت سے قرآن حکیم کی اس تلاوت کے صدقے اس پہاڑ کو میرے لئے ریزہ ریزہ کر دے۔

یہ دعا کرنے کے بعد آگے پڑھنا جاری رکھے۔ آخری آیت نمبر ۲۴ میں جب ان الفاظ پر پہنچے تو انہیں پڑھ کر رُک جائے۔

لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط

(اس کے اچھے اچھے نام ہیں)

یہ الفاظ پڑھنے کے بعد رُک کر اللہ تعالیٰ کے ننانوے اسماء الحسنٰی کا ایک بار ورد کرے اور اس کے بعد آیت کا بقیہ حصہ پورا کرے۔ کسی خاص مشکل یا حاجت کے بغیر بھی اگر اس رکوع کو عام اور سادہ طور پر ہر روز کم از کم ایک بار پڑھنے کا معمول بنالیا جائے تو زندگی پر برکات اور بشاشت اور کشائش اور آسائش کی خاص برکات کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

قرآن وسنت سے ماخوذ

أسماءُ الحسنیٰ

ترمذی شریف کی روایت میں مذکور ننانوے ''اسماء الحسنٰی'' کے علاوہ علماء کرام نے قرآن وسنت سے اور بہت سارے اسماء الحسنٰی کو تلاش کیا ہے۔ ذیل میں کل ۱۳۱۹ اسماء الحسنٰی کو درج کیا جارہا ہے۔ یہ فہرست جناب رشید اللہ یعقوب صاحب کی کتاب ''اسماء اللہ عزوجل'' سے ماخوذ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ☆وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا☆

اَللّٰــــهُ☆اَلْاَحَــدُ☆اَلْاٰخِــرُ☆اَلْاَبَــدُ☆اَلْــاِلٰــهُ☆اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ☆اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ☆اَهْلُ التَّقْوٰى☆اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ☆اَلْاَقْرَبُ☆اَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ☆اَلْاَحْكَمُ☆اَلْاَعْلٰى☆اَلْاَعَزُّ☆اَلْاَعْلَمُ☆آمِيْنُ☆اَلْاَلِيْمُ اَلْاٰخِذُ☆اِلٰهٌ☆اَلْاَقْوٰى☆اَلْاَكْرَمُ☆اَلْاَوَّلُ☆اَلْاَكْبَرُ☆اَلْاَعْظَمُ☆اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ☆اَلْبَادِى☆اَلْبَدِيْعُ☆اَلْبَارِئُ☆اَلْبَارُّ☆اَلْبَرُّ☆اَلْبُرْهَانُ☆اَلْبَاسِطُ☆اَلْبَصِيْرُ☆اَلْبَاطِنُ☆اَلْبَاعِثُ☆اَلْبَاقِىْ☆اَلْبَالِغُ اَمْرَهٗ☆اَلْبَالِىْ☆اَلتَّامُّ☆اَلتَّوَّابُ☆اَلْجَبَّارُ☆اَلْجَلِيْلُ☆اَلْجَامِعُ☆اَلْجَمِيْلُ☆اَلْجَوَّادُ☆جَاعِلُ الَّيْلِ سَكَنًا☆اَلْحَاسِبُ☆اَلْحَسِيْبُ☆اَلْحَافِظُ☆اَلْحَفِيْظُ

☆ الحقُّ ☆ الحاكم ☆ الحكم ☆ الحكيم ☆ الحليم ☆ الحميد ☆
الحنّان ☆ الحيّ ☆ الحيي ☆ الخبير ☆ الحافظ ☆ الخالق ☆
الخلّاق ☆ خير الراحمين ☆ خير الرازقين ☆ خير الفاتحين ☆
خير الناصرين ☆ خير الوارثين ☆ خير الفاصلين ☆ خير المنزلين ☆
الخليفة ☆ الخفي ☆ خير الغافرين ☆ خير الماكرين ☆ خير
الحاكمين ☆ خير الحافظين ☆ الدائم ☆ الدّيان ☆ الدافع ☆ الدّهر
☆ الذاري ☆ ذو الجلال والإكرام ☆ ذو الجبروت والملكوت
☆ ذو الرحمة الواسعة ☆ ذو الطول ☆ ذو المعارج ☆ ذو العرش
☆ ذو الفضل ☆ ذو القوة ☆ ذو الانتقام ☆ الرحيم ☆ الرزّاق ☆
☆ الرازق ☆ الراشد ☆ الرافع ☆ رفيع الدرجات ☆
الرفيع ☆ الرقيب ☆ الرضا ☆ الرؤوف ☆ الرب ☆ رب المشرقين
☆ رب المغربين ☆ الرحمن ☆ الرفيق ☆ رب العرش العظيم ☆ رب
العرش الكريم ☆ رب السموات السبع ☆ الرتق ☆ رمضان
☆ الزارع ☆ السبوح ☆ السريع ☆ سريع الحساب ☆ سريع
العقاب ☆ السلام ☆ السامع ☆ السميع ☆ السيد ☆ الستار ☆
السخط ☆ الساتر ☆ الستير ☆ الشديد ☆ شديد البطش ☆ شديد
العقاب ☆ شديد المحال ☆ الشافي ☆ الشاكر ☆ الشكور
☆ الشهيد ☆ الشاهد ☆ الشفيع ☆ الصبور ☆ الصادق ☆ الصمد
☆ الصانع ☆ الصاحب ☆ الضار ☆ الطيب ☆ الطالب ☆ الطبيب
☆ اطهر ☆ الطاهر ☆ العادل ☆ العدل ☆ العزيز ☆ العظيم ☆
العفو ☆ العالم ☆ العلام ☆ علام الغيوب ☆ العليم ☆ العلي ☆ عالم

الغيب والشهادة ☆ عدو الكافرين ☆ الغافر ☆ غافر الذنب
☆ الغفار ☆ الغفور ☆ الغالب ☆ الغالب على أمره ☆ الغني ☆
الغياث ☆ الغيور ☆ الفاعل ☆ الفاتح ☆ الفتاح ☆ الفرد ☆
الفاطر ☆ الفعال ☆ الفعال لما يريد ☆ فالق الحب والنوى ☆ فالق الإ
صباح ☆ فاطر السموات والأرض ☆ فارج الهم ☆
الفاتن ☆ الفائق ☆ القابض ☆ القاهر ☆ القهار ☆ القائم ☆ القيام
☆ القيم ☆ القيوم ☆ القوي ☆ الكبير ☆ الكريم ☆ الكاشف ☆
كاشف الكرب ☆ كاشف الضر ☆ الكفيل ☆ الكافي ☆ الكائن
☆ الكاتب ☆ اللطيف ☆ لا إله إلا هو ☆ المهيمن ☆ الموسع ☆
المولى ☆ المؤمن ☆ المؤخر ☆ المقتدر ☆ المقدم ☆ المقسط
☆ المقيت ☆ المقدر ☆ مقلب القلوب ☆ مثبت القلوب ☆
المتكبر ☆ المهلك ☆ المرسل ☆ المبقي ☆ المصلي ☆ المؤمل
☆ المتوفي ☆ المرشد ☆ المضل ☆ المعذب ☆ المحسن ☆
المخرج ☆ المستجيب ☆ المبارك ☆ المنذر ☆ المنتقم ☆
المنير ☆ المبدي ☆ المبين ☆ المبتلي ☆ المتين ☆
الماجد ☆ المجيد ☆ المجيب ☆ المجب ☆ المدبر ☆ المحصي
☆ المالك ☆ مالك الملك ☆ الملك ☆ المليك ☆ مالك
يوم الدين ☆ المانع ☆ المنان ☆ المبغض ☆ المبرم ☆
المحيط ☆ المعطي ☆ المحيي ☆ المميت ☆ المريد ☆

اَلْمَذْكُوْرُ ☆ اَلْمُذِلُّ ☆ اَلْمُعِزُّ ☆ اَلْمُفْضِلُ ☆ اَلْمُتَفَضِّلُ ☆ اَلْمُعَافِى
☆ اَلْمُطْعِمُ ☆ مُنَزِّلُ الْكِتَابِ ☆ اَلْمُصَوِّرُ ☆ اَلْمُمْتَحِنُ ☆ مُخْزِى
الْكَافِرِيْنَ ☆ اَلْمَعْبُوْدُ ☆ اَلْمُتَعَالِى ☆ اَلْمُعِيْدُ ☆ اَلْمُعِيْنُ ☆ مُتِمُّ نُوْرِهٖ
☆ اَلْمُسْتَعَانُ ☆ اَلْمُغْنِى ☆ اَلْمُغِيْثُ ☆ اَلْمُحْسَانُ ☆ اَلْمُسِقُّ ☆
اَلْمُنْعِمُ ☆ مُصَرِّفُ الْقُلُوْبِ ☆ اَلْمُسْتَمِعُ ☆ اَلْمُنَزِّلُ ☆ اَلْمُنْشِى ☆
مُخْرِجُ الْحَىِّ مِنَ الْمَيِّتِ ☆ مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ☆ اَلْمُفَرِّجُ
☆ اَلْمُقْبِى ☆ اَلنَّاصِرُ ☆ اَلنَّصِيْرُ ☆ اَلنَّافِعُ ☆ اَلنُّوْرُ ☆ اَلنَّذِيْرُ ☆
نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ☆ نِعْمَ الْمَوْلٰى ☆ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ☆ نِعْمَ
الْمَاهِدُ ☆ نِعْمَ النَّصِيْرُ ☆ نِعْمَ الْقَادِرُ ☆ اَلْوَاجِدُ ☆ اَلْوَاحِدُ ☆
اَلْوَدُوْدُ ☆ اَلْوَارِثُ ☆ اَلْوَاسِعُ ☆ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ☆ اَلْوَفِى ☆ اَلْوِتْرُ
☆ اَلْوَاقِى ☆ اَلْوَكِيْلُ ☆ اَلْوَالُ ☆ اَلْوَالِى ☆ اَلْوَلِىُّ ☆ وَلِىُّ الْمُؤْ
مِنِيْنَ ☆ اَلْوَهَّابُ ☆ هَادٍ ☆ اَلْهَادِى ☆ اَلْهُدٰى ☆ اَللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ ☆ لَهُ
الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ☆